ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | پیر 09 ذی القعدہ 1447ھ 27 اپریل 2026ء | صفحات 08 | شمارہ 292
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

وائٹ ہاؤس کے سالانہ ڈنر میں شدید فائرنگ، ٹرمپ محفوظ، حملہ آور گرفتار

واقعہ دہشتگردی کی گھناؤنی شکل ہے، صدر، وزیراعظم کی نیک تمنائیں

اچانک فائرنگ کی آواز گونجی جس پر ٹرمپ اور دیگر شرکا اپنی نشستوں سے اتر کر نیچے ہوگئے، سیکریٹ سروس کے اہلکار امریکی صدر، نائب صدر اور دیگر اعلیٰ حکام کو باہر لے گئے

فائرنگ کا ایران جنگ سے تعلق نہیں، فائرنگ کرنے والے کے پاس کئی ہتھیار تھے، کئی سال میں پہلا موقع نہیں کہ ری پبلکنز پر حملہ ہوا۔ ہمیں اپنے اختلافات دور کرنا ہوں گے، ٹرمپ

ایسے بزدلانہ حملے قابل مذمت ہیں، واقعے کی خبر سے شدید تشویش ہوئی، خوشی ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ اور خاتونِ اول محفوظ ہیں، صدر مملکت، وزیراعظم، چیئرمین سینٹ و دیگر کی جانب سے مذمت

واشنگٹن، اسلام آباد (این این آئی، م ڈ) وائٹ ہاؤس کے صحافیوں کی ایسوسی ایشن کے سالانہ ڈنر کی تقریب کے دوران اچانک فائرنگ کی آوازوں نے بلچل مچا دی جس کے بعد امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور خاتون اول کو سیکیورٹی اداروں نے فوری طور پر محفوظ مقام پر منتقل کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق تقریب واشنگٹن ہلٹن میں جاری تھی کہ اچانک زوردار دھماکوں جیسی آوازیں سنائی دیں جس پر سیکیورٹی اہلکاروں نے فوری طور پر حاضرین کو نیچے رہنے کی ہدایت دیتے ہوئے صدر ٹرمپ کو اپنے حصار میں مرکزی اسٹیج سے باہر لے گئے۔ سیکیورٹی کی خصوصی یونٹ کاؤنٹر اسالٹ ٹیم کے مسلح اہلکار اسٹیج پر تعینات ہوگئے اور ہال کے پچھلے حصے کی جانب اسلحہ تان لیا گیا۔ اس دوران کئی مہمان خوف کے باعث میزوں کے نیچے چھپ گئے جبکہ کچھ کو تیزی سے باہر نکالا گیا۔ واقعے کے بعد اعلیٰ حکام کو بھی فوری طور پر نکال لیا گیا جن میں امریکی خاتون اول، نائب امریکی صدر جے ڈی وینس، امریکی کابینہ کے ارکان سمیت پیٹ ہیگسیتھ اور کاش پٹیل شامل ہیں۔ عینی شاہدین کے مطابق تقریباً پانچ گولیوں جیسی آوازیں سنائی دیں۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ سیکیورٹی اہلکاروں نے ایک مشتبہ شخص کو حراست میں لے لیا ہے تاہم اس حوالے سے تاحال کوئی سرکاری بیان جاری نہیں کیا گیا۔ جبکہ روسی میڈیا کا کہنا تھا کہ تقریب کے دوران فائرنگ کا واقعہ پیش آیا اور مبینہ طور پر ایک شوٹر کو گولی مار کر ہلاک کر دیا ہے۔ عمارت کو چاروں طرف سے سیکیورٹی...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

واشنگٹن فائرنگ واقعہ، مشتبہ حملہ آور کی شناخت ہوگئی

حملہ آور 31 سالہ کول تھامس ایلن سابق ٹیچر ہے، میڈیا بریفنگ

واشنگٹن (آن لائن) امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق مشتبہ حملہ آور کی شناخت 31 سالہ کول تھامس ایلن کے طور پر ہوئی ہے، جو کیلیفورنیا کے شہر ٹورنز کا رہائشی بتایا جاتا ہے۔ وائٹ ہاؤس ڈنر میں حملہ کرنے والا شخص ایک سابق ٹیچر ہے۔ میڈیا بریفنگ میں میئر واشنگٹن نے کہا...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی پولیس نے صدر ٹرمپ کی تقریب میں فائرنگ کرنے والا شخص کو حراست میں لیا ہوا ہے

بچوں کو جدید علوم سیکھنے کے بھرپور مواقع فراہم کرینگے، وزیراعلیٰ

کتاب گاڑی اور سائنس کی سواری جیسے تخلیقی اور بامعنی اقدامات بلوچستان کے روشن اور تعلیم یافتہ مستقبل کے ضامن ہیں

صوبے کے 14 اضلاع میں کتاب گاڑی کے منصوبے مکمل فعال اور بچوں کو تعلیم کی جانب راغب کر رہا ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے دور افتادہ اور تعلیمی سہولیات سے محروم علاقوں میں کتاب گاڑی اور سائنس کی سواری کے ذریعے علم کی شمعیں روشن کرنے کا ایک منفرد اور مؤثر اقدام جاری ہے جس کے تحت قریہ قریہ بچوں تک تعلیم کی روشنی پہنچائی جا رہی ہے کہ کتاب گاڑی اور سائنس کی سواری امید کی نئی کرن بن کر سامنے آئی ہیں، جس کے باعث بچوں کی تعلیم سے وابستگی میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: اے این پی کے زیر اہتمام صوبائی مجلس عاملہ کے اجلاس کی صدارت اصغر اچکزئی کر رہے ہیں

پاکستان کو ایران کے راستے سینٹرل ایشیا سے جوڑنے والا نیا کوریڈور منظور

گوادر اب سنٹرل ایشیا سے براہ راست جڑ گیا، کوریڈور ایران کے راستے کم فاصلے، کم لاگت اور تیز تر تجارت کی سہولت فراہم کرے گا

پاک ایران کے مابین زمینی تجارت بڑھنے سمیت گوادر پورٹ کی اہمیت مزید بڑھ جائیگی، منصوبہ تاریخی پیش رفت ہے، بزنس کمیونٹی

گوادر (آن لائن) پاکستان نے ایران کے راستے سنٹرل ایشیا سے جوڑنے والا نیا کوریڈور منظور کر لیا تفصیلات کے مطابق حکومت پاکستان نے SRO691(1)/2026 جاری کیا گیا ہے۔ گوادر گبد ریمدان (پاک ایران بارڈر) کوریڈور کو باقاعدہ منظوری دے دی ہے۔ اس فیصلے کے تحت جس سے گوادر اب سنٹرل ایشیا سے براہ راست جڑ گیا ہے۔ یہ کوریڈور ایران کے راستے کم فاصلے، کم لاگت اور تیز تر...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

عباس عراقچی کی اسلام آباد کے مختصر دورے میں آبنائے ہرمز کے نئے ضابطے، ناکہ بندی کے خاتمے، معاوضے اور عدم جارحیت پر بات چیت، پاکستان میں قیام کے بعد ایرانی وزیر خارجہ ماسکو چلے گئے، آج روسی صدر پوتن سے ملاقات ہوگی

ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کی پاکستان آمد

ایران نے امریکہ کیلئے اپنی امن تجاویز فیلڈ مارشل عاصم منیر کے حوالے کر دیں

ایران سے براہ راست نہیں فون پر بات ہوگی، ٹرمپ

24 گھنٹوں کے دوران دو مرتبہ فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات میں ایران امریکہ کشیدگی کے خاتمے خطے کی صورتحال و دیگر امور اہم سے متعلق اہم تجاویز کا تبادلہ کیا گیا

دورہ پاکستان میں ایرانی وزیر خارجہ کی پیش کردہ تحریری شرائط میں ایران نے جوہری پروگرام اور آبنائے ہرمز سے متعلق اپنی سرخ لکیریں واضح طور پر بیان کی ہیں، ایرانی میڈیا

ایران جب چاہے رابطہ کرے، امریکہ بات کرنے کیلئے تیار ہے، وہ جب چاہیں فون کر سکتے ہیں، ایران کا سربراہ کون ہے، نہیں جانتا، مجھے جس سے بات کرنی پڑے کروں گا، امریکی صدر

ایرانی وفد کے حالیہ دورہ پاکستان کا مقصد دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لینا اور علاقائی صورتحال پر مشاورت کرنا تھا اور یہ دورہ کامیابی کے ساتھ مکمل ہوگیا ہے، ایرانی سفیر رضا امیری مقدم

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اتوار کو مسقط سے واپسی پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ایک اور اہم ملاقات کی۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایرانی وزیر خارجہ نے مسقط میں عمان کے سلطان ہیثم بن طارق سے ملاقات کی اور خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا جبکہ ایران امریکہ مذاکرات سے متعلق امور پر بھی بات چیت ہوئی اس کے بعد ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی دوبارہ پاکستان آئے اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات میں...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

واشنگٹن: وائٹ ہاؤس کے سالانہ عشائیے کے دوران فائرنگ کے بعد صدر ٹرمپ کو محفوظ مقام پر منتقل کیا جا رہا ہے۔ انسٹ میں اعلیٰ حکام زمین پر لیٹے ہوئے ہیں

آبنائے ہرمز کی بندش سے انسانی تباہی کا خطرہ ہے، یو این

جنیوا (م ڈ) اقوام متحدہ (یو این) نے آبنائے ہرمز بندش سے انسانی تباہی کے خطرے سے متعلق خبردار کر دیا۔ یو این نے خبردار کیا کہ آبنائے ہرمز کی بندش سے عالمی...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

واشنگٹن فائرنگ، صدر ریگن پر حملہ بھی اسی مقام پر ہوا تھا

ریگن ہلٹن ہوٹل میں ایک گولی جسم میں لگنے سے زخمی ہوئے تھے

واشنگٹن (آن لائن) وائٹ ہاؤس کی جانب سے صحافیوں کے لیے دیے گئے عشائیے کے دوران فائرنگ کا واقعہ واشنگٹن ہلٹن ہوٹل (کنیکٹیکٹ ایونیو) میں پیش آیا اسی جگہ 1981 میں امریکی صدر رونالڈ ریگن کو گولی مار کر زخمی کیا گیا تھا۔ امریکی صدر...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی آئی خان: فتنۃ الخوارج کا تھانے پر راکٹوں سے حملہ و فائرنگ

پولیس کی فوری جوابی کارروائی میں دہشتگرد فرار، علاقہ میں سرچ آپریشن جاری

حملے کے دوران فتنۃ الخوارج نے راکٹوں لانچروں کا استعمال کیا، پولیس حکام

ڈیرہ اسماعیل خان (م ڈ) تھانہ درابن پر رات گئے فتنۃ الخوارج نے اچانک حملہ کیا حملے میں راکٹ لانچروں اور فائرنگ کا بے دریغ استعمال کیا لیکن پولیس کی بھرپور جوابی کارروائی سے فتنۃ الخوارج فرار ہوگئے۔ حملے کے دوران کوئی جانی نقصان نہیں ہوا علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا، تفصیلات کے مطابق تھانہ درابن پر رات گئے فتنۃ الخوارج...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان اپنی عزت اور وقار پر کبھی کوئی سمجھوتہ نہیں کریگا، عطاء تارڑ

بھارتی بے بنیاد بیانیہ کو پذیرائی نہ مل سکی، بی ایل اے اور ٹی ٹی پی سمیت دیگر گروپوں کے تانے بانے بھارت سے ملتے ہیں

بھارت نا صرف دہشت گردی کے واقعات پر افسوس کا اظہار نہیں کرتا بلکہ دہشت گردی کو فروغ دیتا ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر اطلاعات عطاء تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان نے معرکہ حق میں دشمن کو بھرپور جواب...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت کی بے بنیاد الزام تراشی پر وزیراعظم شہباز شریف کا دو ٹوک موقف

بھارت بغیر تحقیقات اور شواہد کے پاکستان کیخلاف بے بنیاد اور جھوٹے الزامات کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے، شہباز شریف

بھارتی قیادت اگر پہلگام واقعہ کی انکوائری کی پاکستانی پیشکش تسلیم کر لیتی تو اسے دنیا میں رسوائی کا سامنا نہ کرنا پڑتا، ماہرین

اسلام آباد (آن لائن) پہلگام فالس فلیگ میں بھارت کی بے بنیاد الزام تراشی پر وزیراعظم پاکستان نے...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

پہلگام فالس فلیگ آپریشن، را کا مکروہ کردار بے نقاب

یہ بیانیہ ترتیب دیا جائے گا کہ غیر مسلموں پر حملہ کر دیا گیا ہے، را دستاویز

راولپنڈی (آن لائن) پہلگام فالس فلیگ آپریشن میں بھارتی خفیہ ایجنسی را کا مکروہ کردار بے نقاب ہوگیا، جس کی خفیہ دستاویز منظر عام پر آگئیں۔ بھارت میں سیاسی عزائم کی تکمیل اور انتہا پسندی سے توجہ ہٹانے کیلئے ریاستی سرپرستی میں فالس فلیگ...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کو پاکستان کے ذریعے تجارت کی اجازت دیدی گئی

وفاق نے امپورٹ، ایکسپورٹ کنٹرول ایکٹ 1950 میں ترامیم کردی

اجازت ان اشیاء کی آمدورفت پر ہوگی جو کسی تیسرے ملک سے روانہ ہوں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے ایران کو تجارت میں سہولت دینے کا بڑا فیصلہ کرتے ہوئے پاکستان کے ذریعے کسی تیسرے ملک کے لیے ایران کو تجارت کی اجازت دے دی۔ وزارت تجارت نے پاکستان کے ذریعے سامان ٹرانزٹ آرڈر...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل کی خلاف ورزی، لبنان پر تازہ بمباری میں مزید 4 افراد شہید

اسرائیلی فوج حزب اللہ کے ٹھکانوں پر بے دریغ حملے کرے، وزیراعظم نیتن یاہو

تل ابیب (آئی این پی) اسرائیل نے جنگ بندی کی خلاف ورزی کرتے ہوئے لبنان پر تازہ بمباری کی ہے جس میں مزید 4 افراد شہید ہوگئے۔ ایرانی میڈیا رپورٹس کے مطابق تازہ حملے لبنان کے 2 جنوبی علاقوں پر کیے گئے ہیں جس میں حزب اللہ...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

سلطان عمان اور عباس عراقچی کی ملاقات

مسقط (م ڈ) سلطان عمان اور ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کی مسقط میں ملاقات ہوئی جس میں خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دونوں رہنماؤں کی ملاقات میں علاقائی صورتحال کی پیش...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

ایران ٹرانزٹ ٹریڈ کیلئے گوادر کی اہمیت نمایاں ہوگئی، جی پی اے

پورٹ قاسم سے آنیوالا سامان گبد بارڈر سے ایران منتقل ہوگا، چیئرمین

گوادر (یو این اے) حکومت پاکستان نے گوادر پورٹ کو ٹرانس شپمنٹ حب قرار دے دیا، کراچی اور پورٹ قاسم سے آنے والا سامان اب گوادر پورٹ میں جمع ہونے کے بعد بذریعہ روڈ گبد بارڈر کے ذریعے ایران منتقل کر دیا جائے گا تفصیلات کے...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف کی اسپیکر پنجاب اسمبلی سے تعزیت

لاہور (آن لائن) وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے اسپیکر ہاؤس میں اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان اور وزیر مملکت ملک رشید احمد خان سے ملاقات کی اور اسپیکر کی ہمشیرہ اور وزیر مملکت کی بھابھی کے انتقال پر...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

چین: صدر آصف علی زرداری کو سانی ہیوی انڈسٹری کمپنی لمیٹڈ کے دورے کے موقع پر بریفنگ دی جا رہی ہے

پاکستان ریلوے کی حدود میں فلم سازی اور فوٹوگرافی پر پابندی عائد

لاہور (آن لائن) پاکستان ریلوے کی حدود میں فلم سازی اور فوٹوگرافی پر پابندی عائد کر دی گئی۔ تمام بلاگرز، صحافیوں، وی لاگرز، کانٹینٹ کریئٹرز اور سوشل میڈیا انفلوئنسرز کو ریلوے آپریشنز، انفراسٹرکچر یا...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

روال سال ملک بھر میں خسرہ سے 71 اموات رپورٹ

اسلام آباد (آئی این پی) ملک بھر میں رواں سال خسرہ سے 71 اموات رپورٹ ہوئی ہیں۔ ذرائع وزارت صحت کے مطابق خسرہ سے سب سے زیادہ 40 اموات سندھ میں رپورٹ کی گئیں۔ ملک میں 16 ہزار...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی: وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان پارسی انسٹی ٹیوٹ میں شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

ڈونلڈ ٹرمپ نے مبینہ شوٹر کی تصویر اور ویڈیو بھی شیئر کردی

حملہ آور تیزی سے سیکیورٹی کے حصار کو توڑتا ہوا ہوٹل میں داخل ہو جاتا ہے

واشنگٹن (آن لائن) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے مبینہ شوٹر کی تصویر اور بعدازاں ویڈیو بھی شیئر کر دی۔ پہلے ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا ٹرتھ سوشل پر وائٹ ہاؤس میں کورسپونڈنٹ ڈنر میں فائرنگ کرنے والے شخص کی تصویر شیئر کی ہے۔ امریکی...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

چین کیساتھ تعلقات پاکستانی خارجہ پالیسی کا اہم ستون ہیں، صدر مملکت

دونوں ممالک کے عوام کے دل ایک ساتھ دھڑکتے ہیں، چینی صوبہ ہونان کے گورنر کی جانب سے ظہرانے میں گفتگو

صنعتی ٹیکنالوجی، مہارتوں کی ترقی اور مشترکہ منصوبوں میں تعاون کا فروغ پاکستان کی ترقی میں معاون ثابت ہو سکتا ہے

آصف علی زرداری کا چانگشا میں سانی ہیوی انڈسٹری کا دورہ کیا، جدید مینوفیکچرنگ نظام و سرمایہ کاری پر بریفنگ بھی دی گئی

چانگشا (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے چین کے صوبے ہنان کے شہر چانگشا میں سانی ہیوی انڈسٹری کا دورہ کیا۔ صدر نے صنعتی تعاون اور ٹیکنالوجی میں شراکت داری پر زور دیا۔ سانی گروپ کے چیئرمین تانگ شیو گونے صدر مملکت کو کمپنی کے جدید مینوفیکچرنگ نظام، مصنوعات اور تحقیق و ترقی میں...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

ترجمان وائٹ ہاؤس کا گولیاں چلنے والا مذاق سچ ہوگیا

بیان ٹرمپ کے بات چیت پر دیا، تقریب میں اصل گولیاں چل گئیں

واشنگٹن (م ڈ) وائٹ ہاؤس کی ترجمان کیرولین لیوٹ کا مذاق سچ ثابت ہوگیا۔ کیرولین لیوٹ نے وائٹ ہاؤس ڈنر...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

انسانی اسمگلر کا 16 لاپتہ پاکستانی لیبیا پہنچانے کا اعتراف

کاموکی سے گرفتار ملزم 40 افراد کو پاکستان سے لیبیا لے گیا تھا

کاموکی (م ڈ) کاموکی سے گرفتار انسانی اسمگلر نے رواں ماہ تارکین وطن کی کشتی حادثے میں لاپتہ 16 پاکستانیوں کو لیبیا پہنچانے کا اعتراف کر لیا۔ وفاقی تحقیقاتی ادارے...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن سرگودھا میں، ہونہار تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان کے فیلڈ مارشل اور وزیراعظم بہت اچھے اور قابل احترام ہیں، ٹرمپ

پاکستان کا بہت احترام کرتا ہوں، میں نے 8 جنگیں روکیں جن میں پاکستان اور بھارت کی جنگ بھی شامل ہے

ایران میں جن لوگوں سے ہم نمٹ رہے ہیں ان میں کچھ مناسب ہیں اور کچھ نہیں، امریکی صدر کی میڈیا سے گفتگو

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ میں پاکستان کا بہت احترام کرتا ہوں، پاکستان کے فیلڈ مارشل اور وزیراعظم بہت اچھے اور قابل احترام ہیں۔ امریکی میڈیا سے گفتگو میں ٹرمپ نے مزید کہا کہ میں نے 8 جنگیں روکیں جن میں پاکستان اور بھارت کی جنگ بھی شامل ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ پاکستان...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

ایران: مظاہروں کی قیادت کرنیوالے نوجوان کو پھانسی

عرفان کیانی کو شہر اصفہان میں پھانسی دی گئی، ایرانی میڈیا

تہران (م ڈ) ایران کی عدالت نے جنوری میں ہونے والے حکومت مخالف مظاہروں کی قیادت کرنے والے نوجوان...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

بانی کی رہائی کی تحریک کو متحرک کرنے کا وقت اب آگیا، بیرسٹر گوہر

رہنماؤں و کارکنوں کو تنہا نہیں چھوڑینگے، جنید افضل ساہی سے ہونے والی ناانصافی کے خلاف ہر فورم پر آواز اٹھائی جائیگی

کارکنوں کو بانی پی ٹی آئی کے نظریے پر ڈٹ کر کھڑا رہنے پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں، چیئرمین کی فیصل آباد میں گفتگو

فیصل آباد (آن لائن) پی ٹی آئی کے قائم مقام چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ اب وقت آگیا ہے بانی پی ٹی آئی کی رہائی کی تحریک کو متحرک کیا جائے، کارکنوں اور ممبران کو بانی پی ٹی آئی کے نظریے پر ڈٹ کر کھڑا رہنے پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں تحریک انصاف اپنے رہنماؤں اور کارکنوں کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی، جنید افضل ساہی سے ہونے والی ناانصافی کے خلاف ہر فورم پر آواز اٹھائے گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے فیصل آباد، جڑانوالہ، ساہیاں والا کے اراکین اسمبلی اور دیگر عہدیداروں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، پاکستان...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

واشنگٹن فائرنگ، شاہ چارلس کے دورہ امریکہ پر اثرات مرتب

بکنگھم پیلس حکام دورے پر امریکی حکام سے رابطے میں ہیں، میڈیا رپورٹس

واشنگٹن (م ڈ) واشنگٹن میں فائرنگ کے واقعے کے بعد برطانیہ کے شاہ چارلس سوم کے دورہ امریکا پر اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ لندن سے میڈیا رپورٹ کے...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

والبندین: مسلح افراد نے ریسٹ ہاؤس اور تھانہ کو آگ لگادی

ریسٹ ہاؤس کا سامان اور تھانہ ریکارڈ جل کر خاکستر، فورسز کا سرچ آپریشن جاری

دالبندین (نامہ نگار) پاک ایران شاہراہ این چالیس ضلع چاغی کے علاقے یک مچ میں نامعلوم مسلح افراد نے گزشتہ شب ریسٹ ہاؤس اور پولیس تھانے پر حملہ...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

سرکاری محکموں میں حاضری یقینی بنانے کی نگرانی اسپیشل برانچ کے سپرد

تمام سول محکمے دائرہ کار میں شامل، روزانہ کی بنیاد پر افسران و عملے کی حاضری چیک ہوگی، حکومت کا فیصلہ

اس عمل میں ایکسیئن، ایم ایس، ڈی ایچ اوز، ڈی ڈی اوز، ایس ڈی اوز، فیلڈ افسران، فیلڈ سپروائزرز اور نچلے درجے کے ملازمین سب کو شامل کیا جائے گا

اقدام کا مقصد سرکاری اداروں میں بڑھتی ہوئی غیر حاضری، سستی اور ناقص کارکردگی کو کنٹرول کرنا ہے، ذرائع

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں حکومت بلوچستان نے سرکاری محکموں میں نظم و ضبط بہتر بنانے اور غیر حاضری کے مسئلے پر قابو پانے کیلئے ایک اہم اور بڑا فیصلہ کرتے ہوئے اسپیشل برانچ پولیس کو تمام سول سرکاری محکموں کی حاضریوں کی نگرانی کا اختیار دینے کا اصولی فیصلہ کر لیا ہے ذرائع کے مطابق خبر رساں ادارے یو این اے کو بتایا گیا ہے کہ اس فیصلے کے تحت صحت، تعلیم، پی اینڈ ڈی، آر اینڈ میونسپل کارپوریشن، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، ایریگیشن، فشریز، زراعت سمیت دیگر تمام سول محکمے اس دائرہ کار میں شامل ہوں گے۔ اس اقدام کا...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

ہر شہری کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائیگا، بابر یوسفزئی

حکومت نے شہری سے سائبر فراڈ کا نوٹس لے لیا، ملوث افراد کو گرفتار کیا جائیگا

کوئٹہ (خ ن) معاون برائے داخلہ بابر یوسفزئی نے گذشتہ روز شہری نصیر دوتانی سے ہونے والے ڈیجیٹل فراڈ کا نوٹس لے لیا۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

سی پیک فیز ٹو، تجاویز وایم ویوز کو حتمی شکل دی جائے، احسن اقبال

زیر التوا مالیاتی اور تکنیکی معاملات کے حل کیلئے چینی حکام سے رابطہ رکھا جائے

وفاقی وزیر کی زیر صدارت اجلاس میں چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی کی بریفنگ

گوادر (یو این اے) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال کی سربراہی میں آج چین پاکستان اقتصادی راہداری کے دوسرے مرحلے سے متعلق مجوزہ منصوبوں کا جائزہ لینے کے لیے ایک اعلیٰ سطح آن لائن اجلاس...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

شبہ ہے حملہ آور کا ہدف صدر ٹرمپ تھے، امریکی اٹارنی جنرل

ملزم لاس اینجلس، پھر شکاگو سے ٹرین سے واشنگٹن پہنچا، بات چیت

واشنگٹن (آئی این پی) واشنگٹن میں وائٹ ہاؤس کے میڈیا نمائندوں کے اعزاز میں عشائیے کے دوران فائرنگ کا واقعہ پیش آیا ہے، جس میں صدر ٹرمپ محفوظ...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

برطانیہ کا پاسداران انقلاب کو دہشتگرد قرار دینے کا فیصلہ

برطانوی حکومت جلد قانون سازی کرے گی، وزیراعظم کیئر اسٹارمر

لندن (م ڈ) برطانوی وزیراعظم کیئر اسٹارمر نے اعلان کیا ہے کہ حکومت آئندہ چند ہفتوں میں ایران کی پاسداران انقلاب کو دہشتگرد تنظیم قرار دینے کے...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

مدینہ منورہ: پاکستان سمیت دنیا بھر سے عازمین حج کی آمد جاری

عازمین کے اولین قافلے طواف وعمرہ کیلئے مکہ مکرمہ پہنچ گئے، سعودی میڈیا

مدینہ منورہ (م ڈ) پاکستان سمیت دنیا بھر سے عازمین حج کی آمد جاری ہے، اب تک مختلف پروازوں کے ذریعے 20 ہزار سے زائد عازمین حج مدینہ منورہ پہنچے...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

عالمی امن کیلئے مسلسل کوششیں ناگزیر ہیں، یوسف رضا گیلانی

موسمیاتی تبدیلی جیسے سنگین چیلنجز دنیا کیلئے فوری توجہ کے متقاضی ہیں

پاکستان نے بطور ایٹمی طاقت ہمیشہ ذمہ داری کا مظاہرہ کیا ہے، خطاب

اسلام آباد (آن لائن) قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ عالمی امن کے قیام کے لیے مسلسل کوششیں ناگزیر ہیں کیونکہ دنیا اس وقت تبدیلی کے ایک...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

سریاب روڈ منصوبے کے فنڈز محفوظ رکھے جائیں، بلوچستان ہائیکورٹ

چیف جسٹس محمد کامران خان ملاخیل و جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل 2 رکنی بینچ کی سریاب روڈ کی تعمیر و پختگی کے منصوبے سے متعلق درخواست کی سماعت

ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کی سربراہی میں قائم کمیٹی متعلقہ فریقین اپنی زمینوں و دکانوں کے اصل دستاویزی ثبوت کیساتھ کمیٹی کے سامنے پیش ہوں، عدالت کا حکم

کوئٹہ (خ ن) چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے سریاب روڈ (شمالی جانب) اور سریاب لنک روڈ (مغربی سائیڈ) پر قائم موجودہ گول چکر کی منتقلی اور نئی سڑک کی تعمیر سے متعلق...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کا قطر، سعودیہ، مصر اور فرانس سے رابطہ، مذاکرات پر مشاورت

عباس عراقچی نے اسلام آباد پہنچنے سے قبل اپنے رابطے میں تمام رہنماؤں سے جنگ بندی سے متعلق پیشرفت پر بات کی

ایران نے یورپ کے تعمیری کردار پر زور دیا، فرانس کا سفارتکاری اور مذاکرات جاری رکھنے کی حمایت کا اعادہ، عرب میڈیا

تہران (م ڈ) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے قطر کے وزیراعظم، سعودی عرب، فرانس اور مصر کے وزرائے خارجہ سے الگ الگ ٹیلیفونک رابطہ کیا ہے۔ عرب میڈیا رپورٹ کے مطابق عباس عراقچی نے اسلام آباد پہنچنے سے قبل قطری وزیراعظم، سعودی عرب...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

سینئر صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کا دورہ کر رہے ہیں ڈپٹی کمشنر عبداللہ بس اچکزئی بھی موجود ہیں

مہنگائی میں شہریوں کی قوت خرید جواب دے چکی ہے، کاشف حیدری

شہر اور گنجان آباد اور نواحی علاقوں میں قائم ہوٹلوں کی کیٹگریز میں فرق ہے

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے کہا ہے کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) کی جانب سے ہزارہ ٹاؤن اور دیگر علاقوں میں قائم ہوٹلوں اور 18 فیصد سیلز ٹیکس جمع کرانے کے حوالے سے نوٹسز اور ہوٹلوں کو سیل کرنے کے حوالے سے شروع کارروائیوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہر اور گنجان آباد کاروباری مراکز میں ہوٹلوں اور شہر کے گرد و نواح، ملحقہ علاقوں میں ہوٹلوں کے کیٹگری میں فرق ہے اس لئے ہزارہ ٹاؤن اور شہر سے باہر ہوٹلوں کو کیٹگری وائز ٹیکس کے دائرہ کار میں لانے کے لئے متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جائے اگر ہمارے مطالبات پر عملدرآمد نہ کیا گیا تو ہم احتجاج کا راستہ اختیار کرنے پر مجبور ہوں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ یہ بات انہوں نے سپریم کونسل کے رکن الیاس ہزارہ، صوبائی رہنما عزت اللہ کاکڑ، جان محمد ہزارہ، علی ہزارہ، محمد عارف ہزارہ، منظور حسین، محمد حکیم، عیوض علی، محمد علی ہزارہ سمیت دیگر سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ کاشف حیدری نے کہا کہ بلوچستان اور کوئٹہ میں بدامنی اور موجودہ صورتحال میں کاروباری سرگرمیاں ویسے ہی ماند پڑی ہوئی ہے لوگ بڑی مشکل سے اپنے گھروں کے چولہے جلانے کے لئے سر توڑ کوششیں کر رہے ہیں حکومت کی جانب سے آئے روز پیٹرولیم مصنوعات، یوٹیلٹی بلوں اور ٹیکسز میں بے تحاشا اضافے کے بعد مہنگائی میں جس تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے شہریوں کی قوت خرید جواب دے چکی ہے اور لوگ نان شبینہ کے محتاج ہیں تاجر برادری جو کہ کسی بھی ملک، صوبے میں ریڑھ کی ہڈی حیثیت رکھتی لیکن تاجروں کو اعتماد میں لئے بغیر بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) کی جانب سے ہوٹل مالکان کو 18 فیصد سیلز ٹیکس کے حوالے سے عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے سیلز ٹیکس عام سروسز قوانین پر عملدرآمد نہ کرنے پر ہوٹلوں کو سیل اور مالکان کے خلاف مقدمات درج کر کے گرفتاریوں کا عندیہ دیا ہے جس کی ہم مذمت کرتے ہیں کیونکہ 18 فیصد ٹیکس عائد کرنے سے مزید مہنگائی بڑھے گی اور اس کا تمام بوجھ ہوٹل مالکان، دکانداروں کے ساتھ ساتھ صارفین پر پڑے گا اس لئے 18 فیصد ٹیکس کے فیصلے کو واپس لیکر ختم کیا جائے اگر ہمارے مطالبے پر عمل نہ کیا گیا تو ہم احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔

چمن پسنجر کو بلا تاخیر چلایا جائے، افغان قومی موومنٹ

ٹرین کی معطلی سے مسافروں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے بیان میں محکمہ ریلوے کے اعلیٰ احکام سے پرزور مطالبہ کیا گیا ہے کہ چمن پسنجر ٹرین کی معطلی سے مسافروں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے اس لئے ٹرین کو روزانہ کی بنیاد پر چلانے کے احکامات جاری کئے جائیں کوئٹہ سے لیکر چمن تک 145 کلومیٹر کے سفر میں روزانہ ہزاروں کی تعداد میں لوگ سفر کرتے ہیں جو عوام کیلئے ایک آسان پرسکون اور محفوظ ذریعہ ہے مگر گزشتہ چند دنوں سے ٹرین کی بندش سے عوام محفوظ اور آسان سفر سے محروم ہیں واضح رہے کہ ضلع قلعہ عبداللہ کے سرحدی شہر چمن سے پسنجر ٹرین کوئٹہ سے روانہ ہو کر کئی اہم ریلوے اسٹیشنوں سے گزرتے ہوئے چمن تک پہنچتا ہے جس میں ہر ریلوے اسٹیشن پر سینکڑوں مسافر اترتے اور سفر کرتے ہیں کیونکہ مسافروں کو پانی روڈ سفر کرنا بہت مشکل اور مہنگا پڑتا ہے اس ضمن میں مسافروں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے چمن پسنجر ٹرین کی سروس مسلسل کئی روز سے معطل ہے۔

یونین کونسل 36 میں پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے، نورالدین کاکڑ

واجبات کی وصولی میں واسا ٹیم کے ساتھ مکمل تعاون کریں گے، علاؤالدین ترین

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے صدر نورالدین کاکڑ اور اتحاد نوجوانان ترین یونین کونسل علاقہ 36 کمیٹی صدر علاؤالدین ترین سے واسا حکام کی ملاقات میں 23 اپریل 2026 گوالمنڈی سب ڈویژن کے ایس ڈی او اور آر او کی سربراہی میں واٹر سپلائی اور ریونیو کے سپروائزرز نے پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے صدر نورالدین کاکڑ سے ان کے آفس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں واسا بلز کی ریکوری کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر نورالدین کاکڑ نے واجبات کی وصولی میں واسا ٹیم کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ جس کے بدلے میں حلقے کو درپیش پانی جیسے بنیادی مسئلے کے مستقل حل اور روزانہ کی بنیاد پر پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے پر بھی بات چیت کی گئی۔

کوئٹہ افغان قومی موومنٹ کے چیئرمین احمد خان اور دیگر رہنما خوشحال خان کاکڑ کی دادی کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

خدمتِ خلق محض نعرہ نہیں بلکہ عملی ترجیح ہے، ڈپٹی سیکرٹری سوشل ویلفیئر

سینکڑوں سیریس مریضوں کے سرکاری علاج کی منظوری بڑا سنگ میل ہے

کوئٹہ (اے این این) ڈپٹی سیکرٹری سوشل ویلفیئر سلطان ناصر نے کہا ہے کہ خدمت خلق محض نعرہ نہیں بلکہ ان کی عملی ترجیح ہے اور اسی سوچ کے تحت انہوں نے ایسے نمایاں اقدامات کیے جو ماضی میں طویل عرصے تک نہ ہو سکے یہ بات انہوں نے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ 300 سے زائد مستحق افراد کے جگر اور گردوں کے ٹرانسپلانٹ اور کینسر کے مریضوں کے علاج کی سرکاری منظوری حاصل کرنا ایک بڑا سنگ میل ہے جس سے سینکڑوں خاندانوں کو نئی زندگی ملی اس کے ساتھ ساتھ درجنوں معذور افراد میں ویل چیئرز کی تقسیم بھی عمل میں لائی گئی تاکہ وہ خودمختار زندگی گزار سکیں تعلیم کے شعبے میں انقلابی اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے سلطان ناصر نے کہا کہ 45 غریب طلباء کے لیے سرکاری اسکالرشپس منظور کروائی گئیں جبکہ کوٹ پروگرام کے تحت 300 سے زائد معذور اور بے سہارا افراد کو ماہانہ وظیفے کے لیے رجسٹر کیا گیا جو ان کی زندگی میں واضح بہتری لا رہا ہے سلطان ناصر نے مزید بتایا کہ لٹریسی سینٹرز میں میرٹ اور شفافیت کو یقینی بناتے ہوئے تعلیم یافتہ افراد کی تعیناتی کی گئی جبکہ کینسر جیسے موذی مرض میں مبتلا مریضوں کے لیے لاکھوں روپے مالیت کی ادویات ماہانہ بنیادوں پر فراہم کروانے کی منظوری بھی حاصل کی گئی سلطان ناصر نے کہا کہ دو درجن سے زائد ٹیوشن سینٹرز کے قیام پر تیزی سے کام جاری ہے جہاں مزدور اور نادار طبقے کے بچوں کو مفت اور معیاری تعلیم فراہم کی جائے گی، تاکہ وہ بھی روشن مستقبل کی طرف قدم بڑھا سکیں۔ سلطان ناصر نے کہا کہ وہ ضلعی انتظامیہ سے مسلسل رابطے میں رہتے ہیں اور ہر فورم پر علاقے کے مسائل کو اجاگر کرتے ہوئے ان کے حل کے لیے بھرپور کوششیں کر رہے ہیں۔ ساتھ ہی مختلف محکموں میں بے روزگار افراد کو روزگار دلوانا بھی ان کی ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے واضح کیا کہ وہ بلاتفریق ہر فرد کی خدمت پر یقین رکھتے ہیں اور علاقے کے ہر شہری کو برابر اہمیت دیتے ہیں۔

زمینداروں سے مشاورت کے بغیر ڈیم کی تعمیر سودمند نہیں، رحیم کاکڑ

زمین کے حقیقی مالکان کو اعتماد میں لیا جائے، بصورت دیگر کام شروع نہیں ہو پائے گا

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما، سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، میرواعظ ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ اور سردار بہلول خان کاکڑ نے محکمہ ایریگیشن پشین کے حکام کو سخت خبردار کیا ہے کہ وہ اہلیان تحصیل ناٹا صاحب کے زمینداروں اور مالکان کی مرضی کے بغیر کسی بھی قسم کا ڈیم تعمیر کرنے کی کارروائی سے باز رہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ جس علاقے میں زمینداروں کی زمین پر ڈیم بنانے کا منصوبہ مخصوص خود غرض طبقے کے اشاروں پر تیار کیا گیا ہے، اسے کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا۔ پی ٹی آئی رہنماؤں نے اپنے بیان میں کہا کہ جب تک زمین کے حقیقی مالکان کو اعتماد میں نہیں لیا جاتا تب تک کسی کو بھی تعمیراتی کام شروع کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ انہوں نے محکمہ ایریگیشن کے ذمہ داروں کو متنبہ کیا کہ وہ ایسے کسی بھی نقشے یا منصوبے کا حصہ نہ بنیں جو عوامی مفاد کے بجائے چند افراد کے ذاتی ایجنڈے پر مبنی ہو۔ زمینداروں کا کہنا ہے کہ وہ اپنی زمینوں پر کسی بھی غیر قانونی مداخلت کے خلاف بھرپور مزاحمت کریں گے اور حق ملکیت کے تحفظ کے لیے ہر حد تک جائیں گے۔

زکواۃ کے پیسے کھانے والے کس منہ سے سیاست کر رہے ہیں، صوبدار جنگ

قوم پرست پارٹی کی متعصبانہ سیاست سے سریاب کے عوام اچھی طرح واقف ہیں

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی صوبائی ایگزیکٹو رکن پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر صوبدار خان جنگ پی پی کے صوبائی رہنما میر عبدالمتین سالارئی احمد جان ترین میر بنے خان جنگ فیصل محمد حسنی عاصم ریاضی نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ہمارے علاقے کے معزز رکن صوبائی اسمبلی، حاجی عبید گورگیج نے اپنی انتھک محنت، دیانتداری اور عوامی خدمت کے جذبے سے مثالی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے ہمیشہ عوامی مسائل کو ترجیح دی اور عملی اقدامات کے ذریعے علاقے کی تقدیر بدلنے میں اہم کردار ادا کیا جو کہ ایک قوم پرست پارٹی کو ہضم نہیں ہو رہا۔ ان کی متعصبانہ تعصبات اور قومیت زدہ پرستی والی سیاست سے سریاب کی عوام اچھی واقف ہے۔ سریاب کی بیواؤں اور یتیموں کا پیسہ کھانے والوں کے لیے سیاست کرنا شرم کی مقام ہے کے حلقے کے ایم پی اے میر عبید اللہ گورگیج سریاب کے عوام کے لیے بہت سے کام کیے سب سے پہلے بجلی کے سنگین مسائل کو حل کرنے کے لیے نئے ٹرانسفارمرز کی تنصیب کو یقینی بنایا، جس سے لوڈشیڈنگ اور وولٹیج کے مسائل میں نمایاں کمی آئی۔ اس اقدام سے گھریلو صارفین اور تاجروں دونوں کو بڑا ریلیف ملا۔ اسی طرح انہوں نے ٹوٹی پھوٹی سڑکوں کی تعمیر و مرمت کا کام مکمل کروایا۔ نئی اور کشادہ سڑکوں کی بدولت آمد و رفت میں آسانی پیدا ہوئی، حادثات میں کمی آئی اور کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملا۔ سیوریج کے دیرینہ مسائل بھی ان کی خصوصی توجہ کا مرکز رہے۔ جدید نکاسی؟ آب کے نظام کی تنصیب سے گلیوں اور محلوں میں جمع ہونے والے پانی اور تعفن سے نجات ملی، جس سے عوام کو صاف اور صحت مند ماحول میسر آیا۔

کوئٹہ: اسفندیار کاکڑ، اختر شاہ کاکڑ و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

دیدار علی جمالی کا علاقائی مسائل کے حل کے عزم کا اعادہ

کوئٹہ (آن لائن) گنداخہ کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت میر دیدار علی خان جمالی نے کہا ہے کہ گزشتہ روز صوبائی وزیر لائیو سٹاک بلوچستان سردار زادہ میر فیصل خان جمالی کی گنداخہ شہر میں بنگلہ الحاج میر جبل خان جمالی آمد ہوئی جس کا تہہ دل سے خیر مقدم کرتا ہوں اور میں اپنی ذاتی مصروفیات کی وجہ سے کوئٹہ میں ہونے کی وجہ سے سردار زادہ میر فیصل خان جمالی سے نہ مل سکا مگر میں امید کرتا ہوں کہ انشاء اللہ اگلی دفعہ جب وہ ہمارے ہاں تشریف لائیں گے تو میں انشاء اللہ موجود رہوں گا وہ علاقے کے عوام کی خدمت، بنیادی مسائل کے حل اور پائیدار امن کے قیام کے لیے دن رات محنت جاری رکھوں گا یہ بات انہوں نے اے پی پی نیوز ایجنسی کے بیورو چیف نظر محمد سے ٹیلیفونک گفتگو کرتے ہوئے کہی میر دیدار علی جمالی نے کہا کہ گنداخہ اور گرد و نواح کے علاقوں کو اس وقت مختلف مسائل کا سامنا ہے۔

صحت نسواں سے متعلق پالیسی اصلاحات خوش آئند ہیں، عظمیٰ یعقوب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) فورم فار ڈگنٹی انیشیٹیو پاکستان کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر عظمیٰ یعقوب نے بلوچستان میں حفظان صحت خصوصاً صحت نسواں سے متعلق پالیسی اصلاحات کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدامات صنفی مساوات اور معاشی انصاف کے فروغ کی جانب ایک اہم اور تاریخی پیش رفت ہیں انہوں نے کہا کہ خواتین کی حفظان صحت سے متعلق مصنوعات پر عائد اضافی مالی بوجھ جسے عام طور پر "پنک ٹیکس" کہا جاتا ہے، خواتین اور بچیوں کے لیے طویل عرصے سے معاشی عدم مساوات کا سبب رہا ہے۔ اس صورتحال نے نہ صرف تعلیم کے مواقع متاثر کیے بلکہ دیہی اور پسماندہ علاقوں میں صحت کے سنگین مسائل بھی پیدا کیے۔

سریاب روڈ پر ٹریفک قوانین کا نفاذ یقینی بنایا جائے، عالم جان بنگلزئی

بدانتظامی اور حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح ناقابل برداشت ہے، کارروائی کی جائے

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما عالم جان بنگلزئی نے کہا کہ سریاب روڈ کو عوامی سہولت اور ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانے کے لیے کشادہ کر کے تین، تین لینز (فاسٹ، میڈیم اور سلو) پر مشتمل بنایا گیا ہے۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد شہریوں کو محفوظ، منظم اور تیز رفتار سفری سہولت فراہم کرنا تھا لیکن نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ مذکورہ سڑک پر ٹریفک قوانین کی کھلم کھلا خلاف ورزیاں معمول بن چکی ہے، جس کے باعث یہ سڑک سہولت کے بجائے عوام کے لیے ایک سنگین مسئلہ بن گیا ہے۔ عالم جان بنگلزئی نے کہا کہ لین ڈسپلن کی خلاف ورزی بھاری گاڑیاں مثلاً ٹریکٹر ٹرالیاں، ڈمپر، ٹرک اور ٹرالر فاسٹ لین میں چلتی ہیں، جس سے ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ مہلک حادثات جنم لیتے ہیں۔ ایمرجنسی گاڑیوں کے لیے راستہ نہ دینا ایمبولینس اور دیگر ایمرجنسی گاڑیوں کے سائرن کو نظر انداز کیا جاتا ہے، جو انسانی جانوں کے لیے انتہائی خطرناک اور قابل مذمت عمل ہے۔ غیر قانونی لوڈنگ اور سڑک پر میٹریل گرانا: تعمیراتی سامان (اینٹ، ریت، باجری وغیرہ) اوور لوڈ کر کے سڑک پر گرایا جاتا ہے، جو موٹر سائیکل سواروں کے لیے پھسلن اور حادثات کا سبب بن رہا ہے۔ ون وے اور یوٹرن کی خلاف ورزی ڈرائیور حضرات رکشہ ٹریکٹر لوکل بسیں موٹر سائیکل اور بڑی گاڑیاں مقررہ یوٹرنز کے بجائے ون وے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے الٹی سمت میں گاڑیاں چلاتے ہیں، جس سے حادثات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ رکشہ ڈرائیوروں کی بے قاعدگیاں رکشہ ڈرائیور حضرات ٹریفک قوانین کو نظر انداز کرتے ہوئے ہر ممکن جگہ سے گزرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

شہید باز محمد کاکڑ فاؤنڈیشن نے عالمی یوم کتاب منایا

معاشرہ تبھی ترقی کر سکتا ہے جب اسکا رشتہ علم اور کتاب سے مضبوط ہو، مقررین

کوئٹہ (آئی این پی) شہید باز محمد کاکڑ فاؤنڈیشن پاکستان کی طرف سے عالمی یوم کتاب منایا گیا جس میں مختلف مکتبہ فکر کے لوگ شامل ہوئے اور اپنے زریں خیالات کا اظہار کیا، جس میں بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کی آرگنائزر اور نیشنل پروگرام ایمپلائز یونین بلوچستان کی صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری، سماجی کارکن رشیدہ وسالانی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عالمی یوم کتاب (World Book Day) ہمیں کتابوں کی اہمیت اور انسانی زندگی میں ان کے کلیدی کردار کی یاد دلاتا ہے۔ یہ دن محض ایک تقریب نہیں، بلکہ علم کی جستجو، لکھنے والوں کی تخلیقی صلاحیتوں اور پڑھنے کی عادت کو فروغ دینے کا ایک عہد ہے۔ کتابیں ماضی اور حال کے درمیان ایک مضبوط پل ہیں، جو نسل در نسل تجربات اور شعور منتقل کرتی ہیں۔ اس دن کو منانے کا اصل مقصد نئی نسل کو ڈیجیٹل دنیا کی گہما گہمی سے نکال کر دوبارہ کاغذ کی خوشبو اور مطالعے کے سکون سے روشناس کرواتا ہے، کیونکہ ایک معاشرہ تبھی ترقی کر سکتا ہے جب اس کا رشتہ علم اور کتاب سے مضبوط ہو۔ انہوں نے کتب بینی کی افادیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہم علم و عمل سے ہی عالم اقوام میں سربلند ہو سکتے ہیں۔

منتخب لیگی رہنما عوامی خدمت پر کمربستہ ہیں، نور احمد

کوئٹہ (پ ر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما نور احمد محمد حسنی، رفیق جنگ، عبدالمالک سالائی نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کے رہنما پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی اور رکن اسمبلی زرک خان مندوخیل بلا رنگ و نسل کوئٹہ کے عوام کی خدمت کر رہے ہیں دونوں رہنماؤں نے دو سال کے دوران اپنے حلقہ انتخاب میں ریکارڈ ترقیاتی کام کروائے ہیں جس کی ماضی میں کوئی نظیر نہیں ملتی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے رہنما پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی عام انتخابات میں قوم پرست جماعتوں کے گڑھ پشتون آباد سے کامیاب ہوئے جس کے بعد انہوں نے حلقے میں ریکارڈ ترقیاتی کام کرائے ہیں۔

کوئٹہ میں گیس اور بجلی لوڈشیڈنگ اذیت ناک ہے، بصیر بارکزئی

کوئٹہ (اے این این) جمہوری وطن پارٹی کے سینئر صوبائی نائب صدر حاجی بصیر خان بارکزئی نے اپنے بیان میں کہا کہ کوئٹہ شہر سمیت دیگر اضلاع میں گیس بجلی کی لوڈشیڈنگ نے عوام کو ذہنی مریض بنا دیا ہے بلوچستان کے عوام ہر قسم بنیادی حقوق سے محروم ہے موجودہ حکومت دن بدن عوام میں غیر مقبول ہوتا جا رہا ہے کیونکہ حکومتی پالیسی عوام کی امنگوں کے مطابق نہیں ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے نکلنے والا گیس سے بلوچستان کے عوام محروم ہے ملک دیگر صوبوں میں نہ گیس کی اور نہ ہی بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ ہے یہ سوتیلی ماں جیسی سلوک بلوچستان کے ساتھ روا رکھا گیا عوام ارباب اختیار و اقتدار سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ ہوش کی ناخن لیں۔

کوئٹہ: پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر سینیٹر سردار محمد عمر گورگیج سے حیات اچکزئی ملاقات کر رہے ہیں

پی کے نیپ عوام دوست سیاسی جماعت ہے، بابو جان ترین

پارٹی پشتون افغان ملت کی قومی بقا اور سیاسی بیداری کیلئے جدوجہد کر رہی ہے

ژوب (آئی این پی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع ژوب کے زیر اہتمام ژوب میں حاجی بابو جان ترین کی رہائش گاہ پر پارٹی میں شمولیت کے سلسلے میں ایک نہایت بڑا، منظم اور شاندار اجتماع منعقد کیا گیا۔ اس اہم اجتماع کی صدارت پارٹی کے ضلعی سیکرٹری وزیر خان ناصر نے کی، جبکہ تلاوت کلام پاک کی سعادت مطیع اللہ نے حاصل کی۔ اجتماع میں مختلف قبائلی، سیاسی اور سماجی شخصیات سمیت عوام کی بڑی تعداد نے بھرپور شرکت کی، جس سے علاقے میں پارٹی کی بڑھتی ہوئی مقبولیت اور عوامی اعتماد کا واضح اظہار ہوا۔ اس موقع پر شاہ وزیر کاکڑ، جانزیب ترین، اشرف ترین، نیاز محمد زرکون، مالک خان، عبدالخالق استریانی، افضل شاہ، حضرت یوسف، پیر محمد ترین، شہور رحمان لونی، محمد عارف، اکبر اکرام چوہڑی، حیدر شاہ جانان، کمال خان، طاہر خان اور طاہر خان زرکون کی قیادت میں سو سے زائد افراد نے اپنے خاندانوں سمیت پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی میں باقاعدہ شمولیت کا اعلان کیا۔ شرکاء نے ان کی شمولیت کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور اسے علاقے میں ایک مثبت سیاسی پیش رفت قرار دیا۔ شمولیتی اجتماع سے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نقی فدائی، نعمت جلالزئی، پروفیسر اسد خان ترین، سلام خان ترین، سلام خان ناصر اور دیگر رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے نئے شامل ہونے والے ساتھیوں کو دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہا اور ان کے فیصلے کو پشتون قومی تحریک کے لیے ایک اہم، بروقت اور تاریخی قدم قرار دیا۔ مقررین نے اپنے خطابات میں کہا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ایک مضبوط نظریاتی، جمہوری اور عوام دوست سیاسی جماعت ہے، جو پشتون افغان ملت کی قومی بقا، سیاسی شعور کی بیداری، قومی وحدت کے فروغ، جمہوری حقوق کے حصول اور محکوم عوام کی نجات کے لیے مسلسل جدوجہد کر رہی ہے۔

پٹرولیم قیمتوں میں مسلسل اضافہ عوام پر ظلم ہے، سید امان شاہ

حکومت پہلے بڑا اضافہ، پھر معمولی کمی کر کے عوام کو دھوکہ دیتی ہے صوبائی کنوینر

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین عالمی منڈی کے مطابق کیا جائے، رہنماء اے پی پی

کوئٹہ/کراچی (اے این این) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی کنوینر سید امان شاہ نے حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں آئے روز اضافے پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حکومتی پالیسیوں نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پہلے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑا اضافہ کرتی ہے اور پھر عوامی ردعمل کو کم کرنے کیلئے چند روپے کمی کر کے عوام کو بیوقوف بنانے کی کوشش کی جاتی ہے، جو سراسر ناانصافی اور ظلم ہے۔ سید امان شاہ نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ مہنگائی کے طوفان کو مزید تیز کر رہا ہے، جس کے باعث غریب اور متوسط طبقہ شدید مشکلات کا شکار ہو چکا ہے۔ ٹرانسپورٹ، اشیائے خورد و نوش اور روزمرہ استعمال کی ہر چیز کی قیمتیں بڑھ رہی ہیں، مگر حکومت عوام کو کوئی حقیقی ریلیف فراہم کرنے میں ناکام نظر آتی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین عالمی منڈی کے مطابق شفاف طریقے سے کیا جائے اور عوام کو ریلیف دینے کیلئے فوری اقدامات اٹھائے جائیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر حکومت نے عوامی مشکلات کا ازالہ نہ کیا تو عوام کا ردعمل مزید شدت اختیار کر سکتا ہے۔

جے آئی ہی بلوچستان کے مسائل کو حل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے

ساتھ دے کر اسلامی نظام کے قیام کی راہ ہموار کی جائے، بشیر احمد ماندائی

کوئٹہ (آن لائن) نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان بشیر احمد ماندائی کی قیادت میں بدلو نظام دعوتی مہم کے سلسلے میں ایک خصوصی کیمپ اللہ چوک ڈیرہ مراد جمالی میں منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر کارکنان اور مقامی افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی شہریوں و عوام نے جماعت اسلامی کی ممبر سازی مہم میں شرکت کرتے ہوئے جماعت اسلامی کی ممبرشپ اختیار کیا کیمپ کا مقصد عوام میں دینی شعور بیدار کرنا اور انہیں دین کی بنیادی تعلیمات سے روشناس کرانا تھا اور جماعت اسلامی کی دعوت دیگر جماعت اسلامی میں شامل کرنا ہے۔ اس موقع پر نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان بشیر احمد ماندائی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ دور میں دعوتی کام کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے اور ہر فرد کو معاشرے کی اصلاح میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ جماعت اسلامی ہی بلوچستان کے مسائل کو حل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے سب کو آزمانے کے بعد جماعت اسلامی پر اعتماد کرکے دیانت دار خدمت کے جذبے سے سرشار قیادت پر اعتماد کر کے مسائل و مشکلات کا خاتمہ اسلامی نظام کے قیام کی راہ ہموار کیا جائے۔ انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ اخلاص کے ساتھ دعوتی سرگرمیوں کو آگے بڑھائیں۔

کوئٹہ: ڈیرہ مراد جمالی میں جماعت اسلامی کے زیر اہتمام بدلو نظام ممبر سازی مہم کے سلسلے میں دعوتی کیمپ میں بشیر احمد ماندائی خطاب کر رہے ہیں

سریاب کسٹم فلائی اوور کی تکمیل کیلئے دکانیں خالی کی جائیں

اضافی مہلت کے اختتام پر انہدام کی کارروائی مکمل کی جائیگی ضلعی انتظامیہ

منصوبے کے راستے میں آنیوالے دکانداروں کو پہلے ہی 7 دن کی مہلت دی گئی تھی

کوئٹہ (ع ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ویژن کے مطابق اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر سریاب مصور اچکزئی نے پولیس اور محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کے افسران کے ہمراہ کسٹم چوک سریاب میں زیر تعمیر کسٹم فلائی اوور کے سلسلے میں دکانوں کے انہدام کے لیے کارروائی کی۔ منصوبے کے راستے میں آنے والے دکانداروں کو پہلے ہی 7 دن کی مہلت دی گئی تھی، تاہم موقع پر انہوں نے مزید دو دن کی درخواست کی جسے ایکسین سی اینڈ ڈبلیو حبیب بہلول سے مشاورت کے بعد منظور کر لیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے دکانداروں سے بات چیت کرتے ہوئے ہدایت کی کہ منصوبے میں رکاوٹ نہ ڈالیں اور جلد از جلد دکانیں خالی کریں تاکہ منصوبہ بروقت مکمل ہو سکے۔ انتظامیہ کے مطابق اضافی مہلت ختم ہونے کے بعد انہدام کرنے کے لیے کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

73ء کا آئین ملک کو بحرانوں سے بچانے کی ضمانت ہے، پروفیسر حلیم صادق

بلوچستان کے وسائل پر یہاں کے عوام کا حق تسلیم کیے بغیر امن ممکن نہیں، رہنماء اے پی پی

جبر و استحصال نے عوام کو متنفر کیا، مسائل طاقت سے حل نہیں ہوں گے، وفود سے بات چیت

کوئٹہ/لاہور (اے این این) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا ہے کہ بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے لیے ضروری ہے کہ صوبے کے وسائل پر وہاں کے عوام کا حق تسلیم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ مسلسل استحصال، ناانصافی اور جبر و تشدد نے بلوچ عوام کو ریاستی پالیسیوں سے متنفر کر دیا ہے، جس کے نتیجے میں بداعتمادی میں اضافہ ہوا ہے۔ لاہور میں رہائش پذیر بلوچستان کے مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے واضح کیا کہ مسائل کا حل طاقت کے استعمال میں نہیں بلکہ سیاسی بصیرت، مکالمے اور آئینی راستہ اختیار کرنے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ طاقت کے ذریعے وقتی خاموشی تو حاصل کی جا سکتی ہے، مگر دیرپا امن صرف انصاف اور مساوات سے ہی ممکن ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے مزید کہا کہ 1973ء کے آئین پر حقیقی معنوں میں عملدرآمد کر کے ہی ملک کو درپیش سیاسی و معاشی بحرانوں سے نکالا جا سکتا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ وفاق اور صوبوں کے درمیان اعتماد کی فضا بحال کرنے کے لیے آئینی حقوق کی فراہمی ناگزیر ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ بلوچستان کے عوام کے تحفظات کو سنجیدگی سے سنا جائے اور ان کے حل کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں تاکہ ملک میں اتحاد، استحکام اور خوشحالی کو فروغ دیا جا سکے۔

عمران خان اور کارکنوں کو جدا نہیں کیا جا سکتا، سید صادق آغا

فارم 47 کی بوگس حکومت انتقامی کارروائیوں پر عمل پیرا ہے، مرعوب نہیں ہونگے

بانی اور ان کی اہلیہ سمیت تمام سیاسی اسیران کو فوری رہا کیا جائے، صبر نہ آزمائیں

کوئٹہ (اے این این) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کہا ہے کہ فارم 47 کی بنیاد پر قائم کی گئی موجودہ حکومت نے چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کے خلاف تمام مقدمات بدنیتی، سیاسی انتقام اور ذاتی عناد کی بنیاد پر قائم کیے ہیں، جن کا مقصد عوامی مقبولیت کو دبانا اور سیاسی مخالفین کو دیوار سے لگانا ہے۔ اپنے سب آفس "انصاف ہاؤس" سیٹلائٹ ٹاؤن میں پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں سے بات چیت کرتے ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان محض ایک فرد کا نام نہیں بلکہ ایک نظریہ اور عوام کی امیدوں کا مرکز ہیں، جنہیں ان کے کارکنوں سے الگ کرنا کسی صورت ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کے کارکن اپنے قائد کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑے ہیں اور ہر قسم کے دباؤ اور جبر کے باوجود پیچھے ہٹنے والے نہیں۔ سید صادق آغا نے خبردار کیا کہ عوام کے صبر کا مزید امتحان نہ لیا جائے، کیونکہ موجودہ حالات میں عوام پہلے ہی شدید مشکلات اور بے چینی کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی انتقام کی پالیسیوں سے نہ صرف جمہوریت کو نقصان پہنچ رہا ہے بلکہ ملک میں سیاسی عدم استحکام بھی بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ عمران خان، بشریٰ بی بی اور دیگر تمام سیاسی اسیران کو فوری طور پر رہا کیا جائے تاکہ ملک میں سیاسی کشیدگی کا خاتمہ ہو سکے اور جمہوری عمل کو آگے بڑھایا جا سکے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تحریک انصاف اپنے قائد کی رہائی اور عوام کے حقوق کے حصول کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

کوئٹہ: منشیات کے عادی افراد کھلے عام منشیات نوشی کر رہے ہیں

رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی، اے این پی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی، ملک مبین بازئی، ثناء اللہ خان و دیگر مقررین بابا جان امن سپورٹس ایوارڈ کی منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

رانجھ رمیش لال کی سید عنایت اللہ شاہ سے ملاقات

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری برائے اقلیتی امور رانجھ رمیش لال نے فتح پور کے گدی نشین سید سرفراز شاہ اور جیکب آباد کے معروف سماجی و مذہبی رہنما سید عنایت اللہ شاہ سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی صورتحال اور عوامی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے رانجھ رمیش لال نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی عوام کی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات پر یقین رکھتی ہے اور صوبے میں بسنے والی تمام برادریوں کے حقوق کا تحفظ پارٹی کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں بھائی چارے، رواداری اور ہم آہنگی کے فروغ کے لیے تمام مکاتب فکر کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ اقلیتی برادریوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے حکومت اور متعلقہ ادارے سنجیدہ اقدامات کر رہے ہیں۔ اس موقع پر سید سرفراز شاہ اور سید عنایت اللہ شاہ نے رانجھ رمیش لال کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل کے حل اور علاقائی ترقی کے لیے مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ علاقے میں امن، بھائی چارے اور ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔

تعلیمی زبوں حالی سے نجات کیلئے بھرپور مہم چلائینگے، احمد گران

قلعہ سیف اللہ (پ ر) پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع قلعہ سیف اللہ کے ضلعی سیکرٹری احمد گران اور دیگر ممبران نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں بند سکولوں کو فعال بنانا حکومت اور محکمہ تعلیم کی ذمہ داری ہے۔ سکولوں میں اکثر اساتذہ غیر حاضر رہتے ہیں دور دراز علاقوں کے اساتذہ کی حاضری کا کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں، سکولوں میں بنیادی سہولیات موجود نہیں۔ گھوسٹ ملازمین کی صورت میں محکمہ تعلیم کو نہ صرف تباہی سے دوچار کیا جا رہا ہے بلکہ بچوں اور طالب علموں کے مستقبل سے بھی کھیلا جا رہا ہے جو کہ ایک سنگین جرم ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی زبوں حالی سے نجات کے لیے معاشرے کے ہر فرد کو اپنا مثبت اور تعمیری کردار ادا کرنا ہوگا۔ اپنے اپنے علاقوں میں موجود پرائمری، مڈل، ہائی سکولوں کی دیکھ بھال کرنا، وہاں اساتذہ کی حاضری، طلباء کی حاضری، اساتذہ و طلباء کے مسائل کو اجاگر کرنا، بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے محکمہ تعلیم کو آگاہ کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔

حاجی انور روجھو کا میر اعجاز جھکرانی کے صاحبزادے کی وفات پر اظہار تعزیت

ڈیرہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی نصیرآباد کے ضلعی صدر حاجی انور روجھو لاسی نے اپنے ایک جاری کردہ تعزیتی بیان میں پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما رکن قومی اسمبلی میر اعجاز خان جھکرانی کے جواں سال بیٹے میر زید خان جھکرانی کی وفات پر گہرے دکھ و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم دکھ کی اس گھڑی میں سوگوار جھکرانی خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے درجات بلند کرے اور سوگواران کو یہ صدمہ سہنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

بارکھان: سرکاری بس خلاف ضابطہ استعمال، کالج سربراہ معطل

واقعے کی مکمل تحقیقات کے لیے باقاعدہ انکوائری کا حکم دے دیا گیا ہے

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے گورنمنٹ گرلز کالج بارکھان کی سرکاری بس کے خلاف ضابطہ استعمال کے معاملے کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے کالج کی سربراہ کو معطل کر دیا ہے۔ اس حوالے سے سامنے آنے والی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی، جس میں سرکاری وسائل کے مبینہ غلط استعمال کی نشاندہی کی گئی سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن بلوچستان نے فوری کارروائی کرتے ہوئے کالج کی پرنسپل کو 90 روز کے لیے معطل کر دیا ہے۔ محکمہ ہائیر ایجوکیشن بلوچستان کے اعلامیے کے مطابق واقعے کی مکمل تحقیقات کے لیے باقاعدہ انکوائری کا حکم دے دیا گیا ہے، جبکہ متعلقہ حکام کو ہدایت کی گئی ہے کہ واقعے کی جامع رپورٹ تیار کر کے اعلیٰ حکام کو پیش کی جائے حکومت بلوچستان نے واضح کیا ہے کہ سرکاری وسائل کے غیر قانونی استعمال پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے اور ایسے کسی بھی عمل کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

13 ایکڑ اراضی پر کاشت پوست کی فصل تلف

کاروائی پولیس، ایکسائز اور فرنٹیئر کور نے مشترکہ طور پر انجام دی

کوئٹہ (پ ر) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن و دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے منشیات کے خاتمے اور قانون کی عملداری کو یقینی بنانے کے سلسلے میں ایک اہم اور مربوط مشترکہ کارروائی عمل میں لائی گئی۔ یہ آپریشن پولیس، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن فرنٹیئر کور اور پولیس کی مشترکہ نگرانی اور تعاون سے انجام دیا گیا، جس کا مقصد علاقے میں غیر قانونی پوست کی کاشت کا خاتمہ تھا۔ کارروائی کے دوران سائٹ نمبر 1: کلی وزیر باتوزئی قلعہ سیف اللہ میں واقع ایک بڑے رقبے پر مشتمل زمین کو ہدف بنایا گیا، جہاں تقریباً 13 ایکڑ اراضی پر غیر قانونی طور پر پوست کی فصل کاشت کی گئی تھی محکمہ ایکسائز کے افسران نے کہا کہ مذکورہ فصل کی آبپاشی کے لیے ڈیم کے پانی کو بطور ذریعہ استعمال کیا جا رہا تھا، جس سے کاشت کو مسلسل برقرار رکھا گیا مشترکہ ٹیم نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے موقع پر پہنچ کر پیشہ ورانہ حکمت عملی کے تحت پورے علاقے کا محاصرہ کیا اور جدید آلات کے استعمال سے فصل کو مکمل طور پر تلف کر دیا اس موقع پر ETO قلعہ سیف اللہ ارباب مکی نے کہا کہ منشیات کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت ایسی کارروائیاں آئندہ بھی تسلسل کے ساتھ جاری رکھی جائیں گی، تاکہ معاشرے کو منشیات کی لعنت سے پاک کیا جا سکے اور قانون کی بالادستی کو ہر صورت یقینی بنایا جا سکے

تاجروں کا معاشی قتل عام بند کیا جائے، کاشف حیدری

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے کہا ہے کہ ایک جانب سمارٹ لاک ڈاؤن کے نام پر رات 8 بجے کاروباری مراکز اور دکانیں بند کرا دی جاتی ہیں جبکہ دوسری جانب لاک ڈاؤن سے قبل ہی بدترین اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے تاجروں اور عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے جس کے باعث کاروباری سرگرمیاں بری طرح متاثر ہو رہی ہیں اور تاجر برادری کو شدید معاشی نقصان کا سامنا ہے۔ یہ بات انہوں نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ گرمی کے آغاز کے ساتھ ہی پورا دن بجلی کی بندش معمول بن چکی ہے اور شام کے اوقات میں بھی کئی کئی گھنٹے بجلی غائب رہتی ہے جس سے تاجروں کو کاروبار کیلئے دستیاب محدود وقت بھی میسر نہیں آ رہا۔ پہلے بجلی بند کی جاتی ہے اور اس کے بعد سمارٹ لاک ڈاؤن کے تحت رات 8 بجے دکانیں بند کرا دی جاتی ہیں جس سے کاروبار مکمل طور پر تباہ ہو کر رہ گیا ہے۔

کوئٹہ سے بھی روڈ ٹو مکہ پروجیکٹ شروع کیا جائے، قاری عبدالرشید

کوئٹہ (پ ر) مہتمم مدرسۃ البنات و ممبر رویت ہلال کمیٹی ڈاکٹر قاری عبدالرشید نے کہا ہے کہ سعودی ولی عہد پرنس محمد بن سلمان نے کراچی لاہور اور اسلام آباد پر روڈ ٹو مکہ پروجیکٹ جو شروع ہے۔ خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ روڈ ٹو مکہ پراجیکٹ کے تحت لاہور اسلام آباد اور کراچی کے عازمین حج کے امیگریشن اور دیگر تمام ضروری تقاضے ایئرپورٹ پر ہی پورے کرلئے جائیں گے۔ اور یہاں سے کلیئر شدہ حجاج کرام جدہ ایئرپورٹ اور مدینہ ایئرپورٹ پر امیگریشن کے طویل دورانیے کے عمل سے گزرے بغیر براہ راست اپنی ٹرانسپورٹ کے ذریعے رہائش گاہوں پر چلے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ روڈ ٹو مکہ پروجیکٹ اسلام آباد لاہور اور کراچی میں پہلے سے کامیاب ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سعودی ولی عہد اسلام آباد، لاہور اور کراچی کے بعد کوئٹہ سے بھی روڈ ٹو مکہ پروجیکٹ شروع کرنے کی ہدایت کریں تاکہ بلوچستان سے جانے والے حجاج کرام بھی مشکلات سے بچ سکیں اور عازمین حج سہولت سے سفر کریں۔

میر سلیم احمد کھوسہ کا زید جھکرانی کے انتقال پر اظہار تعزیت

جیکب آباد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے ایم این اے میر اعجاز خان جھکرانی کے چھوٹے صاحبزادے زید خان جھکرانی کے اچانک انتقال پر پاکستان مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ خبر انتہائی رنج و غم کا باعث ہے۔ دکھ کی اس گھڑی میں ہم غمزدہ خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔ آمین

ٹراما اینڈ ایمرجنسی ریسپانس انسٹیٹیوٹ کا اعلیٰ سطحی دورہ

MPA میر زابد ریکی، MNA عادل خان بازئی اور سردار بابر نے نظام کا جائزہ لیا

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) ٹراما اینڈ ایمرجنسی ریسپانس انسٹیٹیوٹ (TERI) کا ایک اہم اعلیٰ سطحی دورہ آج میر زابد ریکی، ایم این اے عادل بازئی اور سابقہ ڈپٹی اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل نے کیا۔ دورے کے دوران مہمانوں نے ادارے میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ایمرجنسی ریسپانس سسٹم اور مجموعی انتظامی نظام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر سیکرٹری صحت مجیب پانیزئی، اسپیشل سیکرٹری شیک بلوچ ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر ارباب کامران کاسی اور ڈائریکٹر آپریشن ڈاکٹر شیر افگن ریکسانی نے مہمانوں کو ٹراما سینٹر کے مختلف شعبہ جات، آپریشنل نظام اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات پر بریفنگ دی۔ دورے کے دوران مہمانوں نے ادارے کے نظام، انتظامی کارکردگی اور ایمرجنسی ریسپانس کے طریقہ کار کو اطمینان بخش قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ٹراما سینٹر میں دستیاب سہولیات اور سروس ڈیلیوری کا نظام مؤثر انداز میں کام کر رہا ہے۔ مہمانوں نے ادارے کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے جاری بہتری کے اقدامات کو بھی سراہا۔

اقوام زہری کو کبھی تنہا نہیں چھوڑوں گا، نوابزادہ امیر حمزہ زہری

زہری قوم کی ترقی، خوشحالی اور روزگار کی فراہمی میری اولین ترجیح ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے چیئرمین میونسپل کمیٹی قلات نوابزادہ میر شعیب زہری کی قیادت میں ضلع کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے اقوام زہری کے وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وفد نے کوئٹہ کو درپیش مسائل پر تفصیلی گفتگو کی اور اپنے علاقائی مسائل سے بھی آگاہ کیا اس موقع پر صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری کی ہدایات اور ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اقوام زہری کو کبھی تنہا نہیں چھوڑوں گا۔ انہوں نے کہا کہ اقوام زہری کے افراد ان کے دل کے قریب ہیں اور کسی بھی جماعت سے تعلق رکھنے کے باوجود میرے دروازے سب کے لیے کھلے ہیں انہوں نے کہا کہ سیاست اپنی جگہ لیکن زہری قوم کی ترقی، خوشحالی اور روزگار کی فراہمی میری اولین ترجیح ہے، اور اپنے والد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنی قوم کی خدمت جاری رکھوں گا ملاقات میں شریک وفد میں ماسٹر حبیب اللہ زہری، انجینئر جمیل احمد زہری، حفیظ زہری، سلمان بیجارانی، محمد حسین زہری، انجینئر ساجد زہری اور عبدالرؤف زہری سمیت دیگر افراد شامل تھے۔

بشپ کنسٹنٹین شاہ، قادر امتیاز فریاد بشپ ہاؤس میں سیاسی اور سماجی رہنماؤں کے تعارفی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان میں بجلی کا شارٹ فال صرف 75 میگاواٹ ہے

اعلانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 12 سے 14 گھنٹوں تک محیط ہے

صوبے میں آنیوالی بجلی کا نصف حصہ چوری اور لائن لاسز کی نذر ہو جاتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں بجلی کا شارٹ فال صرف 75 میگاواٹ ہے، تاہم اعلانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 12 سے 14 گھنٹوں تک محیط ہے۔ کیسکو انتظامیہ کے مطابق صوبے میں آنے والی بجلی کا تقریباً نصف حصہ چوری اور لائن لاسز کی نذر ہو جاتا ہے، جبکہ بجلی کے بلوں کی مد میں صارفین کے ذمہ اربوں روپے واجب الادا ہیں بلوچستان میں کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی کے 84 گرڈ اسٹیشنز اور تقریباً آٹھ سو فیڈرز قائم ہیں جن سے ساڑھے سات لاکھ صارفین کو بجلی فراہمی کی جاتی ہے صوبے کیلئے کیسکو کی اوسطاً ڈیمانڈ 415 میگاواٹ جبکہ سپلائی کا کوٹہ 340 میگاواٹ ہے، کیسکو حکام کا کہنا ہے کہ 75 میگاواٹ کے شارٹ فال کو پورا کرنے کیلئے 4 گھنٹے تک اعلانی لوڈشیڈنگ کی جاتی ہے لیکن سی کے باسیوں کا کہنا ہے کہ وہاں بارہ سے چودہ گھنٹے لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے کیسکو حکام کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں کیسکو کے صارفین کے ذمہ مجموعی طور پر بقایا جات 762 ارب روپے تک پہنچ چکے ہیں، جبکہ بجلی کا نظام پرانا ہونے کی وجہ سے صوبے میں آنے والی بجلی میں سے نصف چوری اور لائن لاسز کی نذر ہو جاتی ہے۔

عبدالواحد صدیقی کی کارکردگی تاریخ کا حصہ ہے، محب اللہ کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام صوبائی کونسل کے رکن محب اللہ خان کاکڑ نے ایک بیان میں سابق رکن صوبائی اسمبلی حاجی عبدالواحد صدیقی کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے اپنے دور اقتدار میں تحصیل ناٹا صاحب میں ریکارڈ ترقیاتی کام کروائے، جن کی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ حاجی عبدالواحد صدیقی کی کارکردگی روز روشن کی طرح عیاں ہے اور تحصیل کے تقریباً ہر گاؤں میں ان کے مکمل کردہ منصوبے ان کی عوامی خدمت کی گواہی دے رہے ہیں۔ محب اللہ کاکڑ نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ سابق ایم پی اے نے پسماندہ علاقوں کی محرومیاں ختم کرنے کے لیے سڑکوں کی تعمیر، صاف پانی کی فراہمی، واٹر سپلائی اسکیموں، نئے اسکولوں کے قیام اور صحت کی سہولیات کی فراہمی جیسے اہم منصوبے ترجیحی بنیادوں پر مکمل کروائے۔

حاجی سمیع الرحمن کی اہلیہ انتقال کر گئیں

کوئٹہ (پ ر) حاجی سمیع الرحمن کی اہلیہ قضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں۔ وہ چیئرمین ایڈ تورل کمیٹی سید خلیل الرحمن، سید شفیق الرحمن، نجم الثاقب، کرنل (ر) بہادر شاہ احمد علی، سید رضوان الرحمن کی بھابھی اور سید مبشر علی زاہد کی ہمشیرہ تھیں۔ وہ ڈائریکٹر (ORIC) بیوٹمز ڈاکٹر سید کامران سمیع، سید عبداللہ سمیع آرکیٹکٹ کی والدہ اور علی عمران، فہد ریاض قاضی، فیضان علی کی خوش دامن اور اویس علی کی پھپھو تھیں۔ ان کی نماز جنازہ ویلی روڈ پر ادا کی گئی بعد ازاں انہیں کاسی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ فاتحہ خوانی ان کی رہائش گاہ ویلی روڈ پر جاری ہے۔

رجسٹریشن کے بہانے مدارس کو سیل کرنا قابل مذمت ہے، حافظ صفی اللہ

مدارس اسلام کے حقیقی قلعے اور دین کی ترویج کا اہم ذریعہ ہیں، منتظم جے ٹی ای

غیر قانونی سرگرمیاں سرعام جاری ہیں جبکہ نشانہ دینی اداروں کو بنایا جا رہا ہے

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت طلباء عربیہ بلوچستان کے منتظم حافظ صفی اللہ شاہوانی نے کہا کہ بلوچستان کے مختلف اضلاع میں ڈیسمیر کے احکامات پر رجسٹریشن کے بہانے مدارس کو سیل کرنا انتہائی قابل مذمت اقدام ہے۔ مدارس اسلام کے حقیقی قلعے اور دین کی ترویج کا اہم ذریعہ ہیں مگر افسوس کہ صوبے میں دیگر غیر قانونی سرگرمیاں سرعام جاری ہیں جبکہ دینی اداروں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے علمائے کرام و طلباء کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ جمعیت طلباء عربیہ اس اقدام کی شدید مذمت کرتی ہے اور حکومت سے فوری مطالبہ کرتی ہے کہ یہ نوٹس واپس لے کر سیل کیے گئے تمام مدارس کو فی الفور کھلوایا جائے بصورت دیگر بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دینی مدارس کی بندش کی کوششیں ناقابل قبول ہیں۔ مدارس صرف تعلیمی ادارے نہیں بلکہ دین، اخلاق اور اسلامی تہذیب کے مضبوط قلعے ہیں۔ ان اداروں نے ہمیشہ قوم کی دینی و اخلاقی رہنمائی کی ہے۔ مدارس کے خلاف اقدامات دراصل دینی شناخت اور تعلیمی آزادی پر حملہ ہیں۔ ہم اس فیصلے کی شدید مذمت کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ مدارس کے خلاف ہر قسم کی کارروائیاں فوری طور پر بند کی جائیں۔

سردار خان رند کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین رند قومی اتحاد سردار خان رند نے ایم این اے اعجاز خان جھکرانی کے نوجوان فرزند، میر زید حسین خان جھکرانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ جوان بیٹے کا بچھڑ جانا کسی بھی والدین کے لیے ایک ناقابل تلافی صدمہ ہے، جس کا دکھ الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے مرحوم کے لیے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور جنت الفردوس میں جگہ دے، جبکہ پسماندگان کو یہ عظیم صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔ آمین

سینیٹر سردار محمد عمر گورگیج کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سینیٹر سردار محمد عمر گورگیج نے رکن قومی اسمبلی اور پارٹی کے سینئر رہنما میر اعجاز خان جھکرانی کے فرزند میر زید خان جھکرانی کے ناگہانی انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ نوجوان بیٹے کی رحلت ایک عظیم سانحہ اور ناقابل تلافی نقصان ہے اس دکھ کی گھڑی میں ہم میر اعجاز خان جھکرانی اور ان کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سردار عمر گورگیج نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی پوری پارٹی قیادت اور کارکنان اس مشکل وقت میں جھکرانی خاندان کے ساتھ کھڑے ہیں انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

بولان میں بدترین ٹریفک جام، گرمی میں مسافروں کا برا حال

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بولان بدترین ٹریفک جام کولپور سے لیکر روزان کے مقام تک ہزاروں چھوٹی بڑی گاڑیاں کئی گھنٹوں تک پھنسی رہی گرمی میں مسافروں کا برا حال سخت اذیت ناک صورتحال کا سامنا پولیس کے مطابق اتوار کے روز بولان میں بدترین ٹریفک جام رہی بولان کے علاقے روزان پیر پنجہ بی بی نانی اور کولپور تک شدید ٹریفک کے جام ہونے سے ہزاروں کی تعداد میں چھوٹی بڑی گاڑیوں کی قطاریں لگ گئی اور شدید گرمی میں کئی گھنٹوں تک مسافر پھنسے رہے جس سے ان کو سخت اذیت ناک صورتحال کا سامنا کرنا پڑا

منصوبوں کی تکمیل علاقے میں ترقی کے نئے دروازے کھولے گی، سلیم کھوسہ

مقامی عمائدین نے اپنے نقصانات بلا معاوضہ برداشت کرنے اور منصوبے کی تکمیل کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی

چیف انجینئر روڈ نصیر آباد زون بشیر احمد ناصر، پی ڈی ظفر کھوسہ ڈی پی ڈی فدا حسین کھوسہ نے وزیر مواصلات وتعمیرات کو بریفنگ دی

نصیر آباد (نامہ نگار) صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کشمور روڈ فیز 1 اور 2 کا ہنگامی دورہ کیا اس موقع پر چیف انجینئر روڈ نصیر آباد زون بشیر احمد ناصر بھی ان کے ہمراہ تھے دورے کے دوران پی ڈی ظفر کھوسہ ڈی پی ڈی فدا حسین کھوسہ، ایس ای ارسلان رند، ایکسین جہانگیر کھوسہ سمیت دیگر افسران اور علاقے کے معززین حاجی علی احمد کھوسہ ریاض احمد کھوسہ اور پی ایس عطا اللہ کھوسہ بھی موجود تھے ڈی پی ڈی فدا حسین کھوسہ نے صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ روڈ کے ارتھ ورک کا تقریباً 16 کلومیٹر کام مکمل ہونے کے قریب ہے تاہم راستے میں بعض مقامات پر مقامی آبادی کی چار دیواری اسکول عمارت اور مسجد وغیرہ آنے کی وجہ سے کچھ مشکلات درپیش ہیں اس موقع پر صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے مقامی معززین دودا خان ندوانی ڈاکٹر سوڈا خان ندوانی اور دیگر سے مشاورت کی جس پر علاقہ مکینوں نے بڑے جذبہ خیر سگالی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے نقصانات بلا معاوضہ برداشت کرنے اور منصوبے کی تکمیل کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے معززین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اس اہم شاہراہ کی تکمیل سے علاقے میں ترقی کے نئے دروازے کھلیں گے جبکہ علاج معالجے، کاروبار اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی میں بھی نمایاں بہتری آئے گی انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ منصوبے کو جلد از جلد اور معیاری انداز میں مکمل کیا جائے تاکہ عوام اس سے مستفید ہو سکیں۔

جماعت اصلاح المسلمین دین اسلام کا پیغام عام کر رہی ہے، فقیر سوالی خان

بلوچستان کے کچھ اضلاع میں پیر مرشد جن سائیں کی نگاہ کرم سے کام شروع ہوا ہے

صحبت پور (آن لائن) جماعت اصلاح المسلمین بلوچستان کے کوآرڈینیٹر فقیر سوالی خان گوار نے کہا ہے کہ جماعت اصلاح المسلمین کے قائد حضرت پیر جن سائیں کے حکم پر ملک بھر کی طرح بلوچستان میں بھی جماعت اصلاح المسلمین کا پیغام گھر گھر پہنچانے کا کام جاری ہے بلوچستان کے کچھ اضلاع میں پیر مرشد جن سائیں کی نگاہ کرم سے کام شروع ہوا ہے جماعت اصلاح المسلمین کا بنیادی مقصد دین اسلام کا پیغام عام کرنا ہے تمام دوستوں کو چاہیے کہ پنج گانہ باجماعت نماز کی پابندی کریں نماز کسی بھی حالت میں معاف نہیں قیامت کے دن سب سے پہلے نماز کے بارے میں پوچھا جائے گا حقوق العباد پر بہت زیادہ زور دیا گیا ہے ہمسایوں رشتے داروں کے ساتھ ہمیشہ تعلقات استوار رکھیں اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ ہمارے مرشد کی نگاہ کرم رشد وہدایت کا فیض کافی عرصے سے جاری ہے جو رہتی دنیا تک جاری رہے گا۔

کوئٹہ، ایک شخص چنگ چی رکشہ میں ٹائر لوڈ کیے جارہا ہے

اعجاز حسین جھکرانی کے نوجوان بیٹے زید خان جھکرانی انتقال کر گئے

جیکب آباد (اے این این) ایم این اے میر اعجاز حسین جھکرانی کے نوجوان بیٹے زید خان جھکرانی انتقال کر گئے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی و چیف وہپ میر اعجاز حسین خان جھکرانی کے نوجوان صاحبزادے میر زید خان جھکرانی کراچی کے ایک نجی اسپتال میں انتقال کر گئے، خاندانی ذرائع کے مطابق وہ کچھ روز سے علیل تھے اور زیر علاج تھے تاہم جانبر نہ ہو سکے، مرحوم کی میت کراچی سے جیکب آباد منتقل کی گئی، جہاں نماز جنازہ ادا کی جائے گی اور جیکب آباد میں ہی تدفین کی جائے گی، میر زید خان جھکرانی کے انتقال پر ملک بھر کے سیاسی، سماجی، مذہبی و دیگر حلقوں نے میر اعجاز حسین جھکرانی سے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا، صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم میاں شہباز شریف، پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق، میڈم فریال تالپور، وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، صوبائی وزیر علی حسن زرداری، میر لیاقت خان لاشاری اور پیپلز پارٹی کی مرکزی وصوبائی قیادت سمیت مختلف رہنماؤں نے میر اعجاز حسین خان جھکرانی سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے

مری قوم اور حلقے کے عوام کی خدمت کرنا اولین ذمہ داری ہے، نواب جنگیز خان مری

سائلین نے کھلی کچہری میں پانی، بجلی، تعلیم، صحت، سڑکوں کی بحالی سمیت دیگر بنیادی مسائل بیان کئے

کھلی کچہری میں تحصیل کوہلو کے علاوہ، تحصیل کاہان، میوند، نیلی، بجکڑ، گرسنی سمیت دور دراز علاقوں کے لوگوں کی شرکت

کوہلو (ن ن) رکن صوبائی اسمبلی و مری قبیلے کے سربراہ نواب جنگیز خان مری ان دنوں اپنے حلقے کوہلو کے دورے پر ہیں جہاں انہوں نے گزشتہ روز کھلی کچہری منعقد کی اور عوام کے مسائل سنے ہیں جبکہ کئی اہم نوعیت کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے موقع پر ہی متعلقہ حکام کو ہدایت جاری کئے ہیں کھلی کچہری میں تحصیل کوہلو کے علاوہ، تحصیل کاہان، میوند، نیلی بجکڑ و گرسنی سمیت دور دراز علاقوں کے لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی، سائلین نے پانی بجلی تعلیم صحت، سڑکوں کی بحالی سمیت دیگر بنیادی مسائل بیان کئے ہیں جن کو رکن صوبائی اسمبلی نے جلد حل کرنے کی یقین دہانی کی ہے اس موقع پر کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے نواب جنگیز خان مری نے کہا کہ عوام کے بنیادی مسائل بالخصوص دور دراز علاقوں کے مسائل حل ہونے سے ترقی اور خوشحالی آئے گا ہماری اولین ترجیح ہے کہ سائلین کے مسائل ترجیح بنیادوں پر ان کی دہلیز پر حل ہوں، حلقے کے عوام کی مکمل نمائندگی اور خدمت کو اپنا فرض سمجھتے ہوئے فنڈز کی فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کی منظوری و اسکیمات کی بروقت تکمیل، نئے روزگار کے مواقع کیلئے متعلقہ حکام سے مسلسل رابطے میں ہوں، انہوں نے مزید کہا کہ ہماری سیاست عوامی خدمت پر مبنی ہے اس لئے ذاتی مفادات کے بجائے ہمیشہ مری قوم اور حلقے کے عوام کی خدمت کو اپنی ذمہ داری سمجھا ہے، رکن صوبائی اسمبلی نواب جنگیز مری نے کھلی کچہری میں پیش کئے گئے مسائل پر متعلقہ حکام کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ واٹر سپلائی اسکیمات، بجلی، تعلیم، صحت، تعلیمی قابلیت کے بنیاد پر روزگار کی فراہمی، سڑکوں کے بروقت تکمیل ومعیار کو فوری یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل ہوں، کوہلو کے قبائلی عمائدین اور شہریوں نے رکن صوبائی اسمبلی کی جانب سے کھلی کچہری کے انعقاد کو سراہا اور امید ظاہر کی ہے کہ ان کے مسائل جلد ترجیحی بنیادوں پر حل ہوں گے اور علاقے میں ترقی وخوشحالی کا آغاز ہوگا۔

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی یو این نمائندوں سے ملاقات

بین الاقوامی پولیس شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی اقوام متحدہ کی SAAT ٹیم کے ساتھ ملاقات آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے اقوام متحدہ کی سلیکشن اسسٹنس اینڈ اسسمنٹ ٹیم (SAAT) کے ساتھ بین الاقوامی پولیس شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر باہمی احترام اور پیشہ ورانہ تعاون کے اظہار کے طور پر شیلڈز کا تبادلہ بھی کیا گیا، جو اسلام آباد پولیس کے معیار برتری اور عالمی امن کے قیام کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں اقوام متحدہ کے مشن کے لیے پاکستان پولیس افسران کی تعیناتی کے سلسلے میں موجود سلیکشن اسسٹنس اینڈ اسسمنٹ ٹیم (SAAT) کے ساتھ ملاقات کی۔ ملاقات میں UN امن مشنز کے لیے افسران کے انتخاب کے معیار، پیشہ ورانہ تربیت اور بین الاقوامی معیار کے مطابق صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر اس بات

پر بھی زور دیا گیا کہ پاکستان پولیس افسران کی پیشہ ورانہ استعداد اور تربیت کو مزید موثر بنایا جائے تاکہ وہ عالمی امن مشنز میں بہتر انداز میں خدمات سرانجام دے سکیں۔ مزید برآں، اس موقع پر باہمی احترام اور پیشہ ورانہ تعاون کے اظہار کے طور پر شیلڈز کا تبادلہ کیا گیا، جو اسلام آباد پولیس کے معیار برتری اور عالمی امن کے قیام کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ اقوام متحدہ مشن کے لیے پاکستان پولیس افسران کی تعیناتی کے سلسلے میں SAAT کا عمل پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں کامیابی سے مکمل کیا گیا۔ ایس ایس پی سیف سٹی اویس علی خان کو SAAT ٹیم کے لیے فوکل پرسن نامزد کیا گیا، جبکہ اسلام آباد پولیس نے اس عمل کے موثر اور ہموار انعقاد کے لیے بہترین انتظامات یقینی بنائے۔

کرائم برانچ نے اشتہاری ملزم قیصر خان حمزہ زئی گرفتار کرلیا

لورالائی (این این آئی) کرائم برانچ لورالائی ریجن کی ضلع قلعہ سیف اللہ کے علاقے کواوا اسماعیل زئی میں کارروائی، ڈکیتی کے مقدمہ میں اشتہاری ملزم قیصر خان حمزہ زئی گرفتار کرلیا۔ ڈی آئی جی کرائم برانچ ڈاکٹر فرحان زاہد اور ایس ایس پی عطاء اللہ شاہ کی خصوصی ہدایت پر زیر نگرانی RO/ ڈی ایس پی کمال خان کاکڑ، انسپکٹر عجیب الرحمان لونی، ایس آئی ابرار حسین، اے ایس آئی شیر خان ناصر اے ایس آئی عبدالوکیل پر مشتمل ٹیم نے قلعہ سیف اللہ کے علاقے کواوا اسماعیل زئی کے علاقہ میں چھاپہ مار کر کرائم برانچ کو مطلوب، ڈکیتی کیس میں اشتہاری ملزم قیصر خان کو گرفتار کرلیا گیا۔ مزید تفتیش کرائم برانچ لورالائی کر رہی ہے۔

جیکب آباد کے قریب مسلح تصادم، فائرنگ سے راہگیر زخمی

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد کے قریب مسلح تصادم، فائرنگ سے راہگیر زخمی، علاقے میں خوف وہراس۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے نواحی علاقے محمد پور اوڈھو میں سبزوانی جھکرانی اور ستانی جھکرانی برادری کے درمیان جاری تنازع شدت اختیار کر گیا گزشتہ روز دونوں گروپوں نے ایک دوسرے پر جدید اسلحے سے فائرنگ کر دی، فائرنگ کے نتیجے میں ایک راہگیر محمد عثمان کھوسو گولیاں لگنے سے زخمی ہو گیا، جسے فوری طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا، واقعے کے بعد علاقے میں شدید خوف وہراس پھیل گیا، اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی

مزدور ملکی تعمیر وترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، سلطان محمد خان

لیبر قوانین پر عمل درآمد نہ ہونے سے محنت کش طبقہ بنیادی حقوق سے محروم اور استحصال کا شکار ہے

صنعتی اداروں کو سستی بجلی و گیس فراہم کی جائے: صدر آل پاکستان لیبر فیڈریشن کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی صدر سلطان محمد خان نے کہا ہے کہ مزدور پاکستانی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے جو اپنا خون پسینہ ایک کرکے ملکی تعمیر وترقی میں اپنا کردار ادا کرتا ہے لیکن لیبر قوانین پر عمل درآمد نہ ہونے کی وجہ سے محنت کش طبقہ اپنے بنیادی حقوق سے محروم اور استحصال کا شکار ہے جب تک محنت کش طبقہ کے حقوق کا تحفظ نہیں کیا جاتا ملک کی حقیقی ترقی اور خوشحالی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مزدوروں کے عالمی دن کو روایتی جوش وخروش سے منانے کے حوالے سے تیاریوں کا جائزہ لینے کے موقع پر منعقدہ اجلاس سے کرتے ہوئے کیا۔ پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلطان محمد خان نے کہا کہ ٹھیکیداری نظام کی وجہ سے مزدوروں کو علاج معالجے کی سہولیات، پینے کا صاف پانی، طبی امداد تک رسائی حاصل نہیں اور زیادہ تر غیر رسمی شعبوں کے مزدور سوشل سکیورٹی، ای او بی آئی اور پنشن جیسی سہولیات سے بھی محروم ہیں، مزدوروں کو ان کی محنت کا پورا معاوضہ نہیں ملتا، بعض اوقات وقت پر اجرت کی ادائیگی بھی نہیں کی جاتی، قانونی طور پر کام کے اوقات 8 گھنٹے ہیں لیکن اکثر جگہوں پر 10 سے 12 گھنٹے کام لیا جاتا ہے، جس کا اضافی معاوضہ نہیں ملتا، کارخانوں، فیکٹریوں اور کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کیلئے حفاظتی لباس یا آلات موجود نہیں ہوتے، جس سے حادثات کا خطرہ رہتا ہے، زیادہ تر مزدوروں کو بغیر کسی وجہ کے نوکری سے نکال دیا جاتا ہے، اور ان کے پاس طویل مدتی روزگار کی ضمانت نہیں ہوتی، موجودہ مہنگائی کے تناسب سے مزدوروں کی اجرت بہت کم ہے۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی صدر سلطان محمد خان نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ حکومت کم از کم اجرت پر سختی سے عملدرآمد کروائے، سوشل سکیورٹی، صحت، پنشن اسکیموں کا دائرہ تمام مزدوروں تک پھیلایا جائے، غیر رسمی شعبے کے مزدوروں کو باقاعدہ نظام میں شامل کیا جائے، بچوں کی مشقت کی روک تھام کیلئے قوانین پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے، خواتین مزدوروں کے تحفظ کیلئے علیحدہ شکایتی نظام بنایا جائے، مزدور یونینز کو کام کرنے کی آزادی دی جائے اور ان کی آواز کو دبانے کی روش ختم کی جائے، مائننگ کے شعبے اور صنعتی اداروں میں حفاظتی اقدامات کو لازمی قرار دیا جائے، صنعتی اداروں کو سستی بجلی و گیس تسلسل کیساتھ فراہم کی جائے۔ سلطان محمد خان نے کہا کہ مزدور پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، مگر افسوس کہ سب سے زیادہ پسنے والا، نظر انداز ہونے والا اور غیر محفوظ طبقہ بھی یہی ہے لہٰذا جب تک مزدور کو اس کا جائز مقام، عزت، حقوق اور تحفظ نہیں ملتا، تب تک ترقی، انصاف اور خوشحالی محض ایک خواب ہی رہے گا۔

سنجاوی، صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ، ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس اچکزئی گورنمنٹ ہائی سکول کے دورے کے دوران سکول کے منتظمین بریفنگ دے رہے ہیں

سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، اے سی صحبت پور

راستوں میں تجاوزات سے گریز کیا جائے، اسسٹنٹ کمشنر کا دورہ مانجھی پور بازار

صحبت پور (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن کے مطابق عوام کو ریلیف کی فراہمی، منصفانہ قیمتوں کے نظام کے قیام اور منظم شہری ماحول کی بہتری کے لیے ضلعی انتظامیہ صحبت پور سرگرم عمل ہے اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر کی جانب سے مانجھی پور بازار کا دورہ کیا گیا۔ دورے کا مقصد اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں کے کنٹرول، سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد کو یقینی بنانا اور سڑک کنارے تجاوزات کے خاتمے کی صورتحال کا جائزہ لینا تھا معائنے کے دوران مختلف دکانوں اور کاروباری یونٹس میں اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں کی جانچ پڑتال کی گئی تاکہ حکومتی نرخنامے پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جا سکے اس کے ساتھ ساتھ بازار کے مختلف حصوں میں قائم تجاوزات کے خلاف کارروائی بھی عمل میں لائی گئی تفصیلات حسب ذیل ہیں معائنہ شدہ یونٹس کی تعداد 43 ہٹائی گئی تجاوزات: 13 (جن میں سبزی و فروٹ کی ریڑھیاں اور سائن بورڈز شامل ہیں جاری کردہ وارننگز: 13 عائد کردہ جرمانہ 4,550 روپے اسسٹنٹ کمشنر نے موقع پر ہدایت کی کہ تمام دکانداران سرکاری نرخنامے پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں اور کسی بھی قسم کی تجاوزات سے اجتناب کریں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی سہولت، ٹریفک کی روانی اور منظم کاروباری ماحول کے قیام کے لیے ایسی کارروائیاں آئندہ بھی تسلسل کے ساتھ جاری رہیں گی۔

ہنر فاؤنڈیشن میں حالیہ بھرتیوں اور انتظامی طرز عمل باعث تشویش ہے، نیشنل پارٹی چاغی

ادارے میں مختلف پوزیشنز پر مقامی نوجوانوں کو مسلسل نظرانداز کیا جارہا ہے، ترجمان کا بیان

دالبندین (آن لائن) نیشنل پارٹی ضلع چاغی کے ترجمان نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ ہنر فاؤنڈیشن میں حالیہ بھرتیوں اور انتظامی طرز عمل پر شدید تحفظات کا اظہار کیا جاتا ہے کہ ادارے میں مختلف پوزیشنز پر مقامی نوجوانوں کو مسلسل نظر انداز کیا جا رہا ہے، جو کہ علاقے کے باصلاحیت اور تعلیم یافتہ افراد کے ساتھ واضح ناانصافی ہے۔ بالخصوص مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن کی اہم پوزیشن پر بھی باہر سے من پسند فرد کو تعینات کیا گیا، جس سے مقامی افراد میں شدید بے چینی اور احساس محرومی پیدا ہوا ہے۔ اطلاعات کے مطابق یہ تقرریاں میرٹ کے برخلاف کی جا رہی ہیں اور ایک مخصوص لابی اپنے مفادات کے تحت من پسند افراد کو آگے لا رہی ہے۔ مزید برآں، تعینات شدہ افراد کی جانب سے پیشہ ورانہ مانیٹرنگ کے بجائے پولیسنگ کا رویہ اختیار کیا جا رہا ہے، جس کے باعث مقامی ملازمین کو ذہنی دباؤ اور غیر ضروری تحقیق کا سامنا ہے اور انہیں دانستہ طور پر ٹارگٹ کیا جا رہا ہے تاکہ وہ ملازمت چھوڑنے پر مجبور ہو جائیں اور ان کی جگہ من پسند افراد کو تعینات کیا جا سکے۔ یہ طرز عمل نہایت افسوسناک اور قابل مذمت ہے اور Hunar Foundation جیسے ادارے سے ایسی توقع نہیں کی جا سکتی، لہٰذا مطالبہ کیا جاتا ہے کہ تمام بھرتیوں کو شفاف بنایا جائے، میرٹ کو یقینی بنایا جائے، مقامی نوجوانوں کو ان کا جائز حق دیا جائے اور ادارے کے اندر غیر پیشہ ورانہ اور ہراسانی پر مبنی رویوں کا فوری نوٹس لے کر اصلاحی اقدامات کیے جائیں، بصورت دیگر متاثرہ نوجوان اور مقامی حلقے احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں اور نیشنل پارٹی اس حوالے سے اپنے نوجوانوں کے ساتھ ہوگی۔

سیف سٹی توسیع پروجیکٹ کے جائزہ اجلاس کا انعقاد

ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ کو جدید ٹیکنالوجی بارے بریفنگ دی گئی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈی جی سیف سٹی/ ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ کی زیر صدارت اہم میٹنگ کا انعقاد۔ میٹنگ میں سیف سٹی اسلام آباد کے توسیع پروجیکٹ کو جدید ترین ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے، جرائم پیشہ عناصر کی بروقت نشاندہی وسرکوبی اور جرائم کی روک تھام میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال، نئی کیمرہ سائٹس اور نئے کیمرہ جات کی تنصیب پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی جی سیف سٹی/ ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ کی زیر صدارت اہم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ میٹنگ میں سیف سٹی توسیع پروجیکٹ کے متعلقہ سول سٹاف کے افسران نے شرکت کی۔ میٹنگ کا مقصد سیف سٹی توسیع پروجیکٹ کے تسلسل میں جاری تعمیراتی وترقیاتی کام میں مزید تیزی و بہتری لانے اور مناسب تبدیلیوں پر تبادلہ خیال کرنا تھا۔ نیز نئی کیمرہ سائٹس، کیمرہ جات کی تعداد اور لوکیشنز کو بھی زیر بحث لایا گیا، جبکہ سیف سٹی اسلام آباد کے توسیع پروجیکٹ کو جدید ترین ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے پر بھی غور کیا گیا۔ علاوہ ازیں جرائم پیشہ عناصر کی بروقت نشاندہی وسرکوبی اور جرائم کی روک تھام میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو بھی زیر بحث لایا گیا۔ ڈی جی سیف سٹی نے مزید کہا کہ سیف سٹی کیمرہ جات کے ذریعے شہر بھر میں ٹریفک کی موثر روانی کو برقرار رکھنے کے لیے ٹریفک افسران کو لمحہ بہ لمحہ آگاہ رکھا جائے اور شہر بھر کے اہم مقامات کی سکیورٹی کو 24/7 یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے، شہری کسی بھی پریشانی کی صورت میں "پکار 15" یا ون ایپ پر اطلاع دیں۔ مزید براں ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق اور ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز ملک جمیل ظفر کی زیر صدارت تھانہ جات میں جاری تعمیراتی و ترقیاتی کاموں کے حوالے سے بھی میٹنگ منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں اے آئی جی جنرل عنایت علی شاہ، ایس پی سوان زون، اے ڈی ڈویلپمنٹ اور تھانہ جات کی تعمیر سے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں SIPS پروٹوکول کے تحت تھانہ جات کی تعمیر، جاری ترقیاتی منصوبوں، معیار، تعمیر اور شہریوں کے لیے بہتر سہولیات کی فراہمی پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز نے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کام بروقت، شفاف اور مقررہ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں تاکہ عوام کو جدید اور بہتر پولیس سہولیات میسر آسکیں۔

اے این پی کے صوبائی صدر اصغر اچکزئی منظور بازئی کو باچا خان امن ایوارڈ دے رہے ہیں

الائیڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کی کابینہ شعبہ صحت کی بہتری کے لیے کام کرے گی، میران بلوچ

نومنتخب کابینہ کو مبارکباد دیتے ہیں نئی قیادت پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے، نیشنل پارٹی رہنما

بھاگ (ان لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری بلوچستان چیئرمین میران بلوچ نے اپنے ایک بیان میں الائیڈ ہیلتھ آرگنائزیشن ضلع کچھی کی نومنتخب کابینہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ نئی قیادت پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ صحت کے شعبے میں بہتری اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے بھرپور کردار ادا کرے۔ انہوں نے نومنتخب کابینہ کے صدر محمد رفیق ہنگورجی، سینئر نائب صدر حافظ غلام اللہ شاہوانی، جنرل سیکرٹری غلام حیدر چھلگری، چیئرمین شبیر احمد ہنگورجی، سینئر نائب صدر دوم عبدالفتح مستوئی، جونیئر نائب صدر عبدالغنی چھلگری، وائس چیئرمین محمد علی چنہ، جوائنٹ سیکرٹری حاجی محمد عظیم چنہ، سرپرست اعلیٰ منصور گھنی، آرگنائزنگ سیکرٹری ملک اقبال جاوید، آرگنائزنگ سیکرٹری دوم غلام قادر لغاری، پریس سیکرٹری عثمان طاہر، فنانس سیکرٹری حاجی میت خان مستوئی، آفس سیکرٹری عبدالمجید راہیجہ، چیف آرگنائزر خورشید احمد مستوئی، ڈپٹی جوائنٹ سیکرٹری امداد علی گرانی، ڈپٹی وائس چیئرمین اللہ داد جمالی، وائس چیئرمین دوم اللہ یار ابڑو، سرپرست دوم نصیب اللہ، اور ڈپٹی فنانس سیکرٹری محمد حنیف گرانی کو ان کے عہدوں پر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ نئی قیادت اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھاتے ہوئے محکمہ صحت میں بہتری، عوامی فلاح و بہبود اور ملازمین کے مسائل کے حل کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ الائیڈ ہیلتھ آرگنائزیشن ضلع کچھی ایک اہم پلیٹ فارم ہے جس سے وابستہ افراد پر بھاری ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں اور توقع ظاہر کی کہ نومنتخب کابینہ اتحاد، دیانتداری اور محنت کے ساتھ ادارے کی بہتری اور صحت کے شعبے میں مثبت تبدیلی کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائے گی۔

اوتھل، جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں جاری

موٹر سائیکل چور گرفتار، چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد

اوتھل (آن لائن) ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او اوتھل وحید علی گکی کی کامیاب کارروائی، موٹر سائیکل چور گرفتار، چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او اوتھل وحید علی گکی نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی عمل میں لاتے ہوئے نامعلوم ملزم کے خلاف موٹر سائیکل چوری کے درج مقدمہ نمبر 38/2026 بجرم زیر دفعہ 381/A ت پ تھانہ اوتھل کو ٹریس کرلیا۔ دوران تفتیش اوتھل پولیس نے ملزم عبدالستار ولد محمد یوسف سکنہ شیدی محلہ اوتھل کو گرفتار کرلیا اور گرفتار ملزم کے قبضہ سے چوری شدہ موٹر سائیکل اسپیڈ رجسٹریشن نمبر SME-6159 برآمد کرلی۔ واضح رہے کہ ملزم نے جامع مسجد فیضان کمبار محلہ اوتھل کے مقام سے موٹر سائیکل چوری کی تھی۔ اوتھل پولیس نے گرفتار ملزم موٹر سائیکل چور سے مزید تفتیش شروع کردی ہے۔

گڑھی خیرو، ڈاکو صحافیوں سے موٹر سائیکل، نقدی اور موبائل چھین کر فرار

واقعے کے بعد گڑھی خیرو کے صحافی گڑھی خیرو تھانے پہنچے اور احتجاج کیا

جیکب آباد (اے این این) گڑھی خیرو میں صحافیوں سے ڈکیتی کی واردات، ڈاکو موٹر سائیکل، نقدی اور موبائل چھین کر ملزمان فرار، صحافیوں کا احتجاج۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کی تحصیل گڑھی خیرو میں تاجا شاخ کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے گڑھی خیرو کے صحافیوں حسین بخش جمالی اور خادم حسین بروہی کو یرغمال بنا کر ان سے موٹر سائیکل، نقد رقم اور موبائل فون چھین لیے اور فرار ہو گئے، واقعے کے بعد گڑھی خیرو کے صحافی گڑھی خیرو تھانے پہنچے اور احتجاج کیا جیکب آباد ضلع کے صحافیوں نے واقعے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ملزمان کو فوری گرفتار کر کے لوٹا گیا سامان برآمد کیا جائے بصورت دیگر ضلع بھر میں احتجاج کیا جائے گا، صحافیوں نے کہا کہ امن و امان کی صورتحال بگڑتی جا رہی ہے پولیس امن وامان کو بحال کرانے کے لیے اقدامات کرے۔

محنت کشوں کے حقوق کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے، پیر محمد کاکڑ

کیسکو لیبر یونین بلوچستان کا اعلیٰ سطحی اجلاس، خلاف میرٹ ٹرانسفرز قبول نہیں

عہدیداران کے خلاف انتقامی کارروائیاں قابل مذمت ہیں، صدر کیسکو یونین

کوئٹہ (اے این این) کیسکو لیبر یونین بلوچستان کا ایک اہم اور اعلیٰ سطحی اجلاس مرکزی دفتر میں زیر صدارت یونین صدر پیر محمد کاکڑ منعقد ہوا، جس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔ اجلاس میں آل پاکستان پاور ورکرز فیڈریشن کے قیام اور اس میں مرکزی عہدے حاصل کرنے والے ساتھیوں کو بار بار مبارکباد پیش کی گئی۔ اجلاس سے صدر پیر محمد کاکڑ، سرپرست اعلیٰ آغا سلطان شاہ، چیف آرگنائزر اسلام یوسفزئی، جنرل سیکرٹری ملک سعید اور دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کیسکو کی مجموعی ناگفتہ بہ صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ مقررین نے کہا کہ حالیہ خلاف میرٹ ٹرانسفر اور پوسٹنگز نے ادارے میں بے چینی کو جنم دیا ہے جبکہ انتقامی بے قاعدگیاں عروج پر ہیں۔ انہوں نے یونین کے مرکزی عہدیداران کے خلاف انتقامی کارروائیوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ آواز حق بلند کرنے پر انہیں نشانہ بنایا جا رہا ہے، جو کسی صورت قابل قبول نہیں۔ اجلاس میں ان غیر منصفانہ اقدامات کے خلاف بھرپور مزاحمت کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل کے لیے تنظیمی نظم وضبط کو برقرار رکھنا اور سرگرمیوں کو مزید موثر بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیسکو لیبر یونین بلوچستان مزدوروں کی امیدوں پر پورا اترنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کرے گی۔ اجلاس میں بطور ایک متحرک یونٹ، پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن کے پلیٹ فارم سے مزدور اتحاد کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ اس موقع پر دیگر تنظیموں کے اشتراک سے یکم مئی یوم مزدور کو پریس کلب میں بھرپور انداز میں منانے کا بھی فیصلہ کیا گیا، جہاں مزدوروں کے حقوق کے حق میں آواز بلند کی جائے گی۔

مدارس کی رجسٹریشن حکومتی بدنیتی ہے، نعیم خان عمرانی

اوستہ محمد (آئی این پی) جمعیت علمائے اسلام ضلع اوستہ محمد کے جنرل سیکرٹری میر نعیم خان عمرانی نے مدارس رجسٹریشن کے معاملے پر حکومت بلوچستان کے رویے پر شدید ردعمل دیتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ حکمران ہوش کے ناخن لیں، بصورت دیگر نتائج کے خود ذمہ دار ہوں گے۔ اپنے بیان میں میر نعیم خان عمرانی کا کہنا تھا کہ دینی مدارس کو بند کرنے یا انہیں دبانے کا خواب کبھی پورا نہیں ہوگا۔ انہوں نے واضح کیا کہ جمعیت علمائے اسلام ہر قیمت پر دینی مدارس کا تحفظ کرے گی اور اس سلسلے میں کسی قسم کی مداخلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک کے کسی بھی حصے میں مدارس کے خلاف کوئی اقدام اٹھایا گیا تو ان کی جماعت سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑی ہوگی اور ہر محاذ پر بھرپور مزاحمت کی جائے گی۔ ان کے بقول دینی مدارس ان کے لیے ریڈ لائن ہیں، اور اگر کسی نے اس حد کو عبور کرنے کی کوشش کی تو اسے سخت اور فیصلہ کن ردعمل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ میر نعیم خان عمرانی نے کہا کہ ماضی گواہ ہے کہ مدارس کے خلاف ہونے والی ہر سازش کو ناکام بنایا گیا ہے اور آئندہ بھی کسی کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ حکومت اور انتظامیہ جان بوجھ کر غلط بیانی سے کام لے رہی ہیں۔

قائمقام چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر سے گورنر سندھ نہال ہاشمی مصافحہ کر رہے ہیں

پیر کوہ کیلئے پانی کی سپلائی جاری رہے گی، احترام الحق

واٹر سپلائی سکیم کی خراب موٹر کو ہنگامی بنیادوں پر کراچی سے مرمت کروا یا گیا

ڈیرہ بگٹی (اے این این) ایکسین پی ایچ ای احترام الحق بلوچ کی فوری کارروائی، پیر کوہ کے لیے پانی کی سپلائی کا اعلان کر دیا گیا محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE) ڈیرہ بگٹی کے نوجوان اور متحرک آفیسر ایکسین احترام الحق بلوچ نے عوامی خدمت کی بہترین مثال قائم کر دی۔ پیر کوہ واٹر سپلائی سکیم کی خراب موٹر کو ہنگامی بنیادوں پر کراچی سے ارجنٹ مرمت کروا کر واپس ڈیرہ بگٹی پہنچا دیا گیا ہے۔ ایکسین احترام الحق بلوچ نے اعلان کیا ہے کہ تمام تکنیکی کام مکمل کر لیا گیا ہے اور آج شام 5 بجے ڈیرہ بگٹی سے پیر کوہ کو پانی کی فراہمی باقاعدہ شروع کر دی جائے گی عوامی وسماجی حلقوں نے نوجوان آفیسر کی اس کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ احترام الحق بلوچ کی ذاتی دلچسپی اور بروقت اقدام کی بدولت پیر کوہ کے عوام کو پانی کی قلت سے نجات مل گئی ہے۔

گنداخہ، صوبائی وزیر صادق عمرانی کی رہائش گاہ پر حملے کی مذمت، ملوث عناصر کو گرفتار کرنے کا مطالبہ

بزدلانہ اقدامات ریاستی رٹ کو چیلنج کرنے کے مترادف ہیں، میر محمد نعیم خان عمرانی کا بیان

گنداخہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع اوستہ محمد کے جنرل سیکرٹری میر محمد نعیم خان عمرانی نے صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی کی ڈیرہ مراد جمالی میں واقع رہائش گاہ پر ہونے والے حملے کی شدید اور پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے نہایت افسوسناک، قابل مذمت اور ناقابل برداشت واقعہ قرار دیا ہے اپنے جاری کردہ تفصیلی بیان میں انہوں نے کہا کہ اس نوعیت کے بزدلانہ اور مذموم اقدامات نہ صرف معاشرتی امن و استحکام کو سبوتاژ کرنے کی سازش ہیں بلکہ یہ ریاستی رٹ کو چیلنج کرنے کے مترادف بھی ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ ایسے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں اور ان کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹنا وقت کی اہم ضرورت ہے میر نعیم خان عمرانی نے مزید کہا کہ بلوچستان ایک حساس صوبہ ہے جہاں پہلے ہی امن و امان کے حوالے سے چیلنجز موجود ہیں، لہٰذا اس طرح کے واقعات علاقے میں خوف و ہراس پھیلانے اور ترقیاتی عمل کو متاثر کرنے کی دانستہ کوشش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائیں اور امن دشمن عناصر کا قلع قمع کریں۔ انہوں نے حکومت بلوچستان سے پرزور مطالبہ کیا کہ اس افسوسناک واقعے میں ملوث تمام عناصر کو فی الفور گرفتار کیا جائے بلکہ تحقیقات کے ذریعے اصل حقائق سامنے لائے جائیں اور مجرموں کو قانون کے کٹہرے میں لا کر عبرتناک سزا دی جائے تاکہ آئندہ ایسے شرپسندانہ واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جمعیت علما اسلام ہر قسم کی دہشت گردی، بدامنی اور انتشار کے خلاف بھرپور آواز اٹھاتی رہے گی اور قیام امن کے لیے ہر ممکن کردار ادا کرے گی۔

کسان بورڈ کسانوں کے حقوق کا تحفظ کر رہا ہے، پروفیسر ایوب منگریو

نومنتخب عہدیداران کو اپنی ذمہ داریاں دیانتداری اور محنت سے ادا کرنا ہونگے

جماعت اسلامی پاکستان کے ضلعی صدر کسان بورڈ کا حلف برداری کی تقریب سے خطاب

تیرزین (اے این این) جماعت اسلامی پاکستان کے ضلعی صدر کسان بورڈ صحبت پور محمد نصیب کھوسہ کی جانب سے حلف برداری تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں نومنتخب عہدیداران نے اپنے عہدوں کا باقاعدہ حلف اٹھا لیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی پروفیسر محمد ایوب منگریو تھے، جنہوں نے نو منتخب اراکین سے حلف لیا تقریب میں عبدالصمد کھوسہ، تنظیم اساتذہ کے صوبائی رہنما اے ڈی منگریو، استاد امام الدین ہنگورجی، استاد مشتاق احمد جاموٹ، خادم حسین گولہ سمیت دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی کسان بورڈ جماعت اسلامی کسان بورڈ صحبت پور کے نومنتخب عہدیداران میں محمد نصیب کھوسہ (ضلعی صدر)، علی محمد کاکا جاتی (نائب صدر)، نعمان کھوسہ (نائب صدر دوم)، عبدالغفار سومرہ (ڈپٹی جنرل سیکرٹری)، عبدالحق کھوسہ (جنرل سیکرٹری)، سومر خان ہاشمی (پریس سیکرٹری) اور نواب خان کھوسہ (خازن) شامل ہیں، جنہوں نے اپنے عہدوں کا حلف اٹھایا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی پروفیسر محمد ایوب منگریو نے کہا کہ کسان بورڈ زراعت کے شعبے میں کسانوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل کے لیے اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے نو منتخب عہدیداران کو اپنی ذمہ داریاں دیانتداری اور محنت سے ادا کرنے کی تلقین کی۔

گنداوہ، امان اللہ خان جمالی کا تحصیل پریس کلب کا دورہ

گنداوہ (یو این اے) جھل مگسی کی ممتاز قبائلی و سیاسی شخصیت مرحوم حاجی میر داد محمد خان جمالی کے فرزند میر امان اللہ خان جمالی نے تحصیل پریس کلب گنداوہ کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے چیئرمین پریس کلب فرید احمد قمبرانی سے ملاقات کی۔ اس موقع پر علاقائی، سماجی اور سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں شعبان علی جمالی، اے ڈی قمبرانی اور آصف علی جمالی بھی موجود تھے میر امان اللہ خان جمالی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تحصیل پریس کلب گنداوہ نہ صرف علاقائی مسائل کی موثر ترجمانی کر رہا ہے بلکہ مظلوم اور پسے ہوئے طبقات کی آواز بن کر اپنی صحافتی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافت ایک مقدس پیشہ ہے جبکہ گنداوہ کے صحافیوں نے ہمیشہ مثبت، ذمہ دارانہ اور حقائق پر مبنی رپورٹنگ کو فروغ دیا ہے انہوں نے مزید کہا کہ مقامی صحافیوں کی خدمات قابل تحسین ہیں، جو محدود وسائل کے باوجود عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور حکام بالا تک پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پریس کلب جیسے ادارے جمہوری معاشرے میں نہایت اہمیت کے حامل ہوتے ہیں، جو عوام اور ایوان اقتدار کے درمیان ایک مضبوط پل کا کردار ادا کرتے ہیں۔ میر امان اللہ خان جمالی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ صحافی برادری کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھیں گے اور امید ظاہر کی کہ صحافی حضرات آئندہ بھی غیر جانبداری، دیانتداری اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ عوامی مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے انہیں اعلیٰ حکام تک پہنچانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔

یونیورسٹی آف تربت کے طلبہ کا ٹیچنگ ہسپتال مطالعاتی دورہ

بیسک سائنسز کے طلبہ کو پی سی آر لیبارٹری بارے بریفنگ دی گئی

تربت (آن لائن) فیکلٹی آف سائنس، انجینئرنگ اینڈ آئی ٹی کے ڈین ڈاکٹر حنیف الرحمن نے کی، جبکہ شعبہ بیچلر اینڈ بیسک سائنسز کے سربراہ ڈاکٹر جہانگیر خان اور فیکلٹی ممبر جنید ابراہیم بھی اس موقع پر موجود تھے۔ اس دورے کا مقصد طلبہ کو جدید طبی و تشخیصی نظام اور عملی تجربے سے روشناس کرانا تھا۔ مطالعاتی دورے کے دوران طلبہ کو ہسپتال کی کووڈ-19 اور پی سی آر لیبارٹری کی سہولیات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ انہیں لیبارٹری میں کام کرنے کے طریقہ کار، بایوسیفٹی اقدامات اور جدید تشخیصی طریقوں سمیت پی سی آر تکنیک، جین ایکسپرٹ ٹیکنالوجی اور جدید مالیکیولر تشخیصی نظام کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ طلبہ نے لیبارٹری میں عملی کام کرنے کے مختلف مراحل میں بھرپور دلچسپی کا مظاہرہ کیا اور جدید تشخیصی آلات کے عملی استعمال کے بارے میں آگاہی حاصل کی۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق اس موقع پر ڈاکٹر حنیف الرحمن نے ٹیچنگ ہسپتال تربت کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر وحید بلیدی سے ملاقات کی۔ اس ملاقات میں یونیورسٹی اور ہسپتال کے درمیان تعلیمی و ادارہ جاتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے، خصوصاً کلینیکل تربیت اور طبی علوم کے شعبوں میں اشتراک بڑھانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈاکٹر وحید بلیدی نے یونیورسٹی کے طلبہ کو ہسپتال کی لیبارٹریز میں انٹرن شپ کے مواقع فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی تاکہ وہ حقیقی کلینیکل ماحول میں عملی تجربہ حاصل کر سکیں۔ ملاقات میں اس بات پر بھی اتفاق کیا گیا کہ ٹیچنگ ہسپتال تربت، مکران میڈیکل کالج اور تربت یونیورسٹی کے فیکلٹی آف سائنس اینڈ انجینئرنگ کے اشتراک سے میڈیکل لیبارٹری ٹیکنالوجی میں ڈپلومہ پروگرام شروع کرنے کے لیے مشترکہ اقدامات کیے جائیں گے۔ مطالعاتی دورے کے انعقاد میں تعاون کرنے پر ڈاکٹر حنیف الرحمن نے ٹیچنگ ہسپتال کے ایم ایس ڈاکٹر وحید بلیدی کا شکریہ ادا کیا۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق جامعہ تربت، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کی قیادت میں طلبہ کو بامقصد عملی تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے لیے مسلسل کوشاں ہے۔ اس سلسلے میں عملی تربیت، فیلڈ ایکسپوژر وزٹ اور صنعت و یونیورسٹی کے درمیان روابط کو فروغ دیا جا رہا ہے تاکہ تدریسی عمل کو مزید موثر بنایا جا سکے۔ ترجمان کے مطابق یہ اقدامات اس امر کی عکاسی کرتے ہیں کہ یونیورسٹی معیاری تعلیم کے فروغ اور ایسے طلبہ کی تیاری کے لیے پرعزم ہے جو علمی قابلیت کے ساتھ ساتھ عملی مہارتوں سے بھی آراستہ ہوں۔

صوبائی مشیر برائے محنت وافرادی قوت غلام رسول عمرانی سے وفد ملاقات کر رہا ہے

بانی کی رہائی کیلئے 10 روز میں تحریک کا اعلان کریں گے، اسفندیار کاکڑ

کچلاک میں جرگہ منعقد کر کے آئندہ کا لائحہ عمل طے کر کے احتجاجی تحریک کا اعلان کریں گے، محمد اشرف ناصر

عمران خان کی بہنوں نے مرکزی اور صوبائی تنظیموں پر عدم اعتماد کا اظہار کیا ہے ہم ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے رہنماؤں اسفندیار کاکڑ، محمد اشرف ناصر، وکیل خان کاکڑ اور روبینہ کاکڑ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی رہائی اور علاج معالجے کے حوالے سے 10 روز کے اندر کچلاک میں جرگہ منعقد کر کے آئندہ کا لائحہ عمل طے کر کے احتجاجی تحریک کا اعلان کریں گے۔ فارم 47 کی حکومت نے بے بنیاد کیسز بنا کر انہیں پابند سلاسل کیا ہے۔ عمران خان کی بہنوں نے میڈیا کے ذریعے مرکزی اور صوبائی تنظیموں پر عدم اعتماد کا اظہار کیا ہے ہم ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے زیادہ تر علاقوں کے رہنماؤں نے مرکزی اور صوبائی قیادت پر عدم اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ مرکزی اور صوبائی سطح پر پارٹی مفلوج ہو کر رہ گئی ہے عمران خان کی رہائی اور علاج معالجے کیلئے ہسپتال منتقلی کیلئے کوئی سنجیدہ اقدام نہیں اٹھایا جا رہا ہے، جس کی وجہ سے کارکنوں میں شدید تشویش پائی جارہی ہے اور پارٹی چار دھڑوں میں تقسیم ہو کر رہ گئی ہے پارلیمنٹرین اور عہدیداران نے کوئی مثبت کردار ادا نہیں کیا ہے۔ عمران خان کی بہنوں نے پریس کانفرنس اور میڈیا کے ذریعے واضح طور پر کہا ہے کہ عمران خان کی رہائی اور علاج معالجے کے حوالے سے مرکزی اور صوبائی تنظیموں نے کوئی حکمت عملی نہیں اپنائی ہے ہم بھی ان کی بہنوں پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی کی قیادت میں تحریک چلانے کا اعلان ہوا تھا وہ بھی دم توڑ چکا ہے۔ ہم نے تین سال انتظار کیا پاکستان تحریک انصاف کے بانی کی آنکھ 85 فیصد ضائع ہو چکی ہے مزید انتظار کی گھڑیاں ختم ہو چکی ہے لیکن کوئی سنجیدہ حکمت عملی سامنے نہیں آ رہی ہے ہماری کوشش ہے کہ جتنی جلدی ہو سکے عمران خان کی رہائی کو ممکن ہو۔ تین سال سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود رہائی کو ممکن نہ بنانا پارلیمنٹیرینز کی ناکامی کا ثبوت ہے۔ پی ٹی آئی نے مرکز میں اپوزیشن کا وہ کردار ادا نہیں کیا جو انہیں عمران خان کی رہائی اور علاج معالجے کیلئے حکومت پر دباؤ ڈال کر کرنا چاہئے تھا۔ اپوزیشن لیڈر نے کسی تحریک کا اعلان نہیں کیا ہے انہیں تحریک چلانے اور حکومت پر دباؤ ڈالنے کیلئے ہی بنایا تھا انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے پارٹی کے عہدیداران اور ایم این اے نے کارکنوں کو متحد کر کے عمران خان کی رہائی کے حوالے سے کوئی تگ ودو نہیں کی ہے۔ جب ہم تنظیم کی خامیوں اور بانی تحریک انصاف کی رہائی کیلئے تحریک چلانے کی بات کرتے ہیں تو ہم پر طرح طرح کے الزامات لگائے جاتے ہیں حقائق کے برعکس الزامات لگانے والے خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہیں عملی طور پر وہ کچھ کرنے سے قاصر نظر آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ فارم 47 کی حکومت نے ملک کو مفلوج بنا کر رکھ دیا ہے لوگوں کی حالت زار بد سے بدتر ہوتی جارہی ہے آئے روز ٹیکسز میں اضافہ کیا جارہا ہے جس کا تمام تر بوجھ عوام پر پڑ رہا ہے لوگ در بدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں آئے روز پیٹرولیم مصنوعات سمیت اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ عوام کو چاہیے کہ حکومت کے ناروا پالیسیوں کے خلاف متحد ہو کر اپنا کردار ادا کریں۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹرز:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ
ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

سوموار 27 اپریل 2026ء

دیرپا امن کے قیام کا ہدف ۔ مشاورت اور اجتماعی کاوشوں کی ضرورت

خبر ہے کہ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی دوبارہ اسلام آباد پہنچ گئے ہیں عباس عراقچی گزشتہ روز پاکستان آئے جس کے بعد وہ عمان چلے گئے تھے اب اتوار کو پاکستان پہنچے ہیں بلاشبہ یہ موجودہ وقت عالمی سیاسی منظرنامے کے حوالے سے انتہائی اہمیت کا حامل ہے ایک طرف جنگی حالات اور کشیدگی صورت احوال دوسری جانب امن کے قیام کے لئے پاکستان کی مخلصانہ کوششیں ہمیں امید ہے کہ پاکستان کی کوششیں ثمر بار ہوں گی حالیہ دنوں میں ایران اور امریکا کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی میں کمی، جنگ بندی اور امن کے قیام کے لئے پاکستان کی نمایاں کاوشوں اور کوششوں کو پوری دنیا سراہ رہی ہے ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی کا بار بار اسلام آباد آنا، پاکستان کی قومی قیادت سے مسلسل مشاورت اور عالمی طاقتوں کی نظریں پاکستان کی طرف اٹھنا اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان نہ صرف خطے بلکہ پوری دنیا میں قابل اعتماد ثالث ہے یہ دورے محض رسمی سفارتی سرگرمی نہیں بلکہ ایک ایسے سفارتی عمل کا حصہ ہے جس کا مقصد جنگ کے مکمل خاتمے کے لئے قابل عمل فریم ورک تشکیل دینا ہے۔ عالمی خبر رساں اداروں کی رپورٹس واضح کرتی ہیں کہ پاکستان قابل اعتماد انداز میں آگے بڑھ رہا ہے پاکستان کی حیثیت ایک پل، ایک رابطہ کار اور ایک مصالحت کار کی ہے۔ یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ ایران کے وزیر خارجہ کا یہ دورہ ایک وسیع تر سفارتی سرگرمی کا حصہ ہے، جس میں عمان سمیت دیگر ممالک کے ساتھ مشاورت بھی شامل ہے۔ تاہم اس پورے عمل میں اسلام آباد کو مرکزی حیثیت حاصل ہونا پاکستان کی سفارتی اہمیت کو مزید اجاگر کرتا ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ سے یہ موقف اپنایا ہے کہ مسائل کا حل جنگ میں نہیں بلکہ مذاکرات میں پوشیدہ ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستانی قیادت نے مسلسل اس بات پر زور دیا ہے کہ خطے میں امن، استحکام اور سفارتی روابط کے فروغ کے لئے ہر ممکن کردار ادا کیا جائے گا۔ وزیر اعظم شہباز شریف اور ایران کے صدر کے مابین گزشتہ روز تفصیلی ٹیلی فونک بات چیت ہوئی ہے دونوں رہنماؤں نے خطے میں امن کے قیام کے لئے قریبی مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ یہ محض رسمی بیانات نہیں بلکہ ایک ایسے عزم کی عکاسی ہے جو خطے کو جنگ کے دہانے سے دور رکھنے کے لئے ضروری ہے۔ پاکستان نے نہ صرف ایران کے ساتھ بلکہ دیگر عالمی طاقتوں کے ساتھ بھی رابطوں کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے تاکہ ایک ایسا ماحول پیدا کیا جا سکے جس میں بات چیت کے دروازے کھلے رہیں۔ پاکستانی قیادت کی ایران کے وزیر خارجہ کے ساتھ ملاقاتیں اس امر کا ثبوت ہیں کہ پاکستان اس معاملے کو انتہائی سنجیدگی سے لے رہا ہے۔ یہ ملاقاتیں صرف رسمی نہیں بلکہ عملی نوعیت کی تھیں جن میں خطے کی مجموعی صورتحال، قومی سلامتی اور دفاعی تعاون جیسے اہم موضوعات زیر بحث آئے۔ اس سے واضح ہوتا ہے کہ پاکستان امن کے قیام کے لئے جامع اور مربوط حکمت عملی پر عمل پیرا ہے۔ عالمی سطح پر بھی پاکستان کی کوششوں کو سراہا جا رہا ہے۔ امریکی صدر کی جانب سے پاکستان کے کردار کو سراہنا اس بات کا اعتراف ہے کہ اسلام آباد نے واقعی ایک مثبت اور تعمیری کردار ادا کیا ہے۔ اگرچہ امریکی وفد کا دورہ منسوخ ہونا ایک غیر متوقع پیش رفت تھی، تاہم اس کے باوجود مذاکراتی عمل کے جاری رہنے کی امید برقرار ہے۔ یہ حقیقت بھی اہم ہے کہ دورے کی منسوخی کو جنگ کے دوبارہ آغاز سے جوڑنے کی تردید کی گئی، جو اس بات کا اشارہ ہے کہ سفارت کاری کے دروازے بند نہیں ہوئے۔ ایران کی جانب سے بھی پاکستان کی کوششوں کو سراہا گیا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے اپنے بیان میں پاکستان کے انتہائی نتیجہ خیز دورے کا ذکر کرتے ہوئے خطے میں امن کی بحالی کے لئے پاکستان کی برادرانہ کوششوں کی تعریف کی ہے جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں بلکہ مسائل کو مزید پیچیدہ بناتی ہے۔ دیرپا امن کے قیام کے لئے مشاورت اور اجتماعی کاوشوں کی ضرورت اس وقت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ چکی ہے کیونکہ بدلتے ہوئے عالمی حالات، معاشی چیلنجز، توانائی کے بحران اور سکیورٹی خدشات نے دنیا کے مختلف حصوں کو باہمی انحصار کی ایسی زنجیر میں جوڑ دیا ہے جس سے الگ ہو کر کسی ایک ملک کے لئے پائیدار ترقی کا خواب دیکھنا ممکن نہیں رہا۔ یہی وجہ ہے کہ دانشمند قیادتیں اب طاقت کے اظہار کے بجائے مکالمے، مفاہمت اور مشترکہ حکمت عملی کو ترجیح دینے کی ضرورت محسوس کر رہی ہیں۔ تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ جنگیں وقتی فتح تو دے سکتی ہیں مگر وہ دلوں میں دوریاں اور معیشتوں میں تباہی چھوڑ جاتی ہیں، جبکہ مذاکرات اور سفارت کاری ایسے راستے کھولتے ہیں جو نسلوں تک استحکام اور خوشحالی کا سبب بنتے ہیں۔ خطے کی پیچیدہ جغرافیائی، سیاسی اور معاشی صورتحال اس امر کی متقاضی ہے کہ اختلافات کو تصادم میں بدلنے کے بجائے سنجیدہ مشاورت کے ذریعے حل تلاش کئے جائیں۔ جب ممالک ایک دوسرے کے تحفظات کو سمجھنے، اعتماد سازی کے اقدامات کرنے اور مشترکہ مفادات کو سامنے رکھنے کا رویہ اپناتے ہیں تو بدگمانیوں کی دیواریں آہستہ آہستہ گرنے لگتی ہیں اور تعاون کے نئے دروازے کھلتے ہیں۔ اجتماعی کاوشوں کا مطلب یہ نہیں کہ اختلافات ختم ہو جائیں، بلکہ اس کا اصل مقصد یہ ہے کہ اختلافات کو منظم، مہذب اور پرامن انداز میں حل کرنے کے قابل بنایا جائے تاکہ کسی بھی بحران کو جنگ کی شکل اختیار کرنے سے پہلے ہی روک لیا جائے۔ اس ضمن میں علاقائی تعاون کے پلیٹ فارمز، اقتصادی شراکت داری، تعلیمی و ثقافتی روابط اور عوامی سطح پر تبادلے نہایت اہم کردار ادا کر سکتے ہیں کیونکہ یہ اقدامات نہ صرف حکومتوں بلکہ عوام کے درمیان بھی اعتماد کو فروغ دیتے ہیں۔ امن کے قیام میں میڈیا، دانشوروں اور سول سوسائٹی کی ذمہ داری بھی کم نہیں، کیونکہ وہ عوامی رائے کو مثبت سمت دے کر اشتعال انگیزی کے بجائے برداشت اور ہم آہنگی کو فروغ دے سکتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ حقیقت بھی پیش نظر رکھنی چاہئے کہ پائیدار امن صرف سیاسی معاہدوں سے ممکن نہیں بلکہ معاشی انصاف، سماجی ترقی اور نوجوانوں کو مواقع فراہم کرنے سے ہی اس کی مضبوط بنیاد رکھی جا سکتی ہے۔ جب خطے کے ممالک مشترکہ ترقیاتی منصوبوں، تجارت، توانائی اور انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری کو فروغ دیتے ہیں تو امن ایک عملی ضرورت بن جاتا ہے کیونکہ اقتصادی مفادات جنگ کے خطرات کو کم کر دیتے ہیں۔ اس لئے ضروری ہے کہ تمام فریق صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں، جذباتی ردعمل سے گریز کریں اور ہر مسئلے کا حل بات چیت میں تلاش کریں۔ یہی وہ راستہ ہے جو نہ صرف تنازعات کو کم کر سکتا ہے بلکہ آنے والی نسلوں کے لئے ایک محفوظ، مستحکم اور خوشحال خطہ تشکیل دینے میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔

سپریم کورٹ: وراثت میں خواتین کا حصہ حق ہے، احسان نہیں

منظر نامہ

دعویٰ کیا کہ والد نے اپنی زندگی میں جائیداد ان کے نام "ہبہ" منتقل کر دی تھی۔ اسی دعوے کی بنیاد پر انہوں نے جائیداد پر قبضہ برقرار رکھا اور اپنی بہنوں کو ان کے جائز وراثتی حصے سے محروم رکھا۔ بہنوں نے اس دعوے کو عدالت میں چیلنج کیا اور اپنے حق کے حصول کے لیے قانونی جدوجہد شروع کی، جو تقریباً چار دہائیوں تک جاری رہی۔ جب معاملہ سپریم کورٹ تک پہنچا تو 38 سال گزر چکے تھے۔ ...

حالات بدلتے رہتے ہیں

قرطاس



عاصف اعوان

...

کاروکاری، کب ختم ہوگا یہ سلسلہ؟

زاویہ نظر

ملیحہ سید

...

انا کی بھینٹ

اظہار خیال

عمران یعقوب خان

...

امن معاہدہ کس کی مجبوری ہے؟

تاثرات

سید مجاہد علی

تیار ہو تو وہ واشنگٹن سے رابطہ کر سکتا ہے۔ ٹرمپ کا خیال ہے کہ تہران میں اقتدار کی رسہ کشی جاری ہے لیکن کوئی لیڈر بننے سے گھبراتے بھی ہیں۔

وہاں کسی کو معلوم نہیں ہے کہ کون فیصلے کر سکتا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ سارے کارڈز ہمارے ہاتھ میں ہیں، اس لئے ہمیں کوئی جلدی نہیں ہے۔

ان دعوؤں کے باوجود دیکھا جا سکتا ہے کہ امریکی لیڈروں کو ایران کے ساتھ کوئی معاہدہ کر کے اس مشکل سے نکلنے کی جلدی ہے۔ ...

پاکستان کا سماجی ماحول اب بدلیے

اظہار خیال



ایاز امیر

...

ایک اور معرکہ حق

جلسہ عام

مجیب الرحمان شامی

ایران پر مسلط کردہ امریکہ اور اسرائیل کی جنگ کب رکے گی پائیدار امن کا قیام کب ممکن ہوگا۔ اس بارے میں کوئی کچھ بھی نہیں کہہ سکتا۔ ابھی خبر یہ ہے کہ عارضی جنگ بندی برقرار ہے۔ فریقین ایک دوسرے کے بارے میں جو بھی خطے اٹھیں، صدر ٹرمپ اپنی فتح کا جو بھی اعلان کریں اور ایران اپنے عزم کو جس طرح بھی دہرائے ایک دوسرے کو نقصان پہنچانے کے جو بھی ارادے ظاہر کیے جائیں، بمباری نہیں ہو رہی۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی اس وقت اسلام آباد کے دورے پر ہیں لیکن ان کی طرف سے واضح کر دیا گیا ہے کہ یہ دوطرفہ معاملہ ہے۔ وہ مسقط اور روس جاتے ہوئے اسلام آباد رکے ہیں۔ اس دوران امریکہ سے بات چیت کا کوئی ارادہ نہیں رکھتے جبکہ وائٹ ہاؤس کی ترجمان کا کہنا ہے کہ امریکہ کا ایک دو رکنی مذاکراتی وفد اسلام آباد پہنچنے کے لیے تیار ہے۔ اگرچہ ایران ... ایرانی وفد میں شامل ہوں گے تو پھر نائب صدر جے ڈی وینس بھی اسلام آباد روانہ ہو جائیں گے بصورت دیگر وہ واشنگٹن میں بیٹھ کر ہی مذاکراتی عمل کی نگرانی کریں گے لیکن ایران ...

کے طور پر جو کردار ادا کر رہا ہے اس کی تحسین جاری ہے۔ وائٹ ہاؤس کی ترجمان نے بھی اس کی داد دی ہے اور ایرانی قیادت سے مسلسل رابطے بھی اس اعتماد کی نشاندہی کر رہے ہیں جو تہران کو اسلام آباد پر ہے۔ میڈیا میں بعض عناصر "نامعلوم" ایرانی عہدیداروں کی آڑ لے کر پاکستان کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ اسے متنازع بنانے میں کوشاں ہیں لیکن انہیں یوں منہ کی کھانا پڑ رہی ہے کہ ایران کا کوئی ذمہ دار اپنے برادر ملک پر انگلی اٹھانے پر تیار نہیں ہے۔

پاکستان کی بھاری اکثریت ایران کے ساتھ ہے۔ ...

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆ دعا، ورانٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے بغیر شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

گمشدگی شناختی کارڈ
میرا شناختی کارڈ نمبر 5420349848914 بنام بی بی حاجرہ زوجہ صلاح الدین کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر قریبی پولیس اسٹیشن پہنچا دیں۔ تمائندہ میٹرو ژوب اڈہ ....

گمشدگی شناختی کارڈ
میرا شناختی کارڈ نمبر 5440003879905 بنام گل محمد ولد نذر محمد مشرقی بائی پاس کے ایریا میں کہیں گم ہو گیا ہے ملنے کی صورت میں فون نمبر 03251282765 پر مطلع کریں۔ حسن سٹاف ....

بی ایس ڈی آئی منصوبوں کا مقصد ترقی کا فروغ ہے، ڈی سی حب

منصوبوں کی نگرانی متعلقہ ڈپٹی کمشنرز اور ونگ کمانڈر فرنٹیئر کور کر رہے، زیادہ تر منصوبے صحت اور تعلیم کے شعبوں پر مرکوز ہیں

صحت کے شعبے میں 10 ہیلتھ یونٹس کی مرمت وتزئین و آرائش جبکہ ایک صحت مرکز کی سولرائزیشن مکمل کی گئی، جمعہ داد مندوخیل

حب (آن لائن) ڈی سی حب جمعہ داد مندوخیل نے کہا ہے کہ حب میں حکومت بلوچستان کی جانب سے شروع کیے گئے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو کے تحت ضلع حب میں ترقیاتی کاموں پر تیزی سے عمل درآمد جاری ہے۔ اس جامع پروگرام کا مقصد صوبے میں سماجی و معاشی ترقی کو فروغ دینا ہے، جسے محکمہ مواصلات وتعمیرات (C&W)، ایریگیشن، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE)، لوکل گورنمنٹ، میونسپل کمیٹیز اور دیگر متعلقہ اداروں کے ذریعے مکمل کیا جا رہا ہے۔ ان منصوبوں کی نگرانی متعلقہ ڈپٹی کمشنرز اور ونگ کمانڈر فرنٹیئر کور (FC) کر رہے ہیں۔ اس پروگرام کی ایک نمایاں خصوصیت عوامی شمولیت ہے، جس کے تحت ترقیاتی اسکیمیں عوام اور سرکاری محکموں کی تجاویز کی بنیاد پر مرتب کی جاتی ہیں۔ یہ تجاویز کھلی کچہریوں کے ذریعے حاصل کی جاتی ہیں تاکہ مقامی آبادی کی ضروریات کو موثر انداز میں پورا کیا جا سکے۔ بی ایس ڈی آئی کا آغاز 2025 میں ہوا، اور فیز I کے تحت ضلع حب میں زیادہ تر منصوبے صحت اور تعلیم کے شعبوں پر مرکوز رہے۔ نمایاں پیش رفت میں 30 پرائمری اور 20 مڈل اسکولوں کی سولرائزیشن، 20 اسکولوں کی مرمت و بحالی اور 20 اسکولوں میں اضافی کمروں کی تعمیر شامل ہے۔ صحت کے شعبے میں 10 ہیلتھ یونٹس کی مرمت وتزئین و آرائش جبکہ ایک صحت مرکز کی سولرائزیشن مکمل کی گئی۔ ایریگیشن کے شعبے میں دو پروٹیکشن والز کی تعمیر جاری ہے۔ شہری ترقی کے تحت حب شہر کے مختلف علاقوں، جن میں رند محلہ اور بلوچ کالونی شامل ہیں، میں گلیوں میں ٹف ٹائلز کی تنصیب اور عوامی سہولت کے لیے پبلک ٹوائلٹس کی تعمیر کی گئی ہے۔ فیز I کے بیشتر منصوبے تکمیل کے قریب ہیں۔ فیز II کے تحت مزید ترقیاتی اسکیموں پر کام جاری ہے، جن میں اسکولوں کی تعمیر و مرمت، پروٹیکشن والز کی تعمیر، ہیلتھ سینٹرز کی بحالی، بھوانی قبرستان تک سڑک کی تعمیر، بلدیہ پارک کی بحالی و خوبصورتی، پبلک لائبریری کی تزئین و آرائش شامل ہیں۔ اس کے علاوہ بوائز ڈگری کالج حب کے آئی ٹی لیب کے لیے 15 کمپیوٹرز کی فراہمی، اور جام غلام قادر سول ہسپتال حب میں 3 ڈائیلسز مشینوں کی مرمت بھی مکمل کی جا رہی ہے۔ فیز III کا آغاز بھی جلد متوقع ہے، جس کے تحت مزید ترقیاتی منصوبے شروع کیے جائیں گے۔ بی ایس ڈی آئی پروگرام کی تکمیل سے ضلع حب میں نمایاں سماجی و معاشی بہتری کی توقع کی جا رہی ہے۔ عوام نے ان ترقیاتی اقدامات کو سراہتے ہوئے حکومت بلوچستان کا شکریہ ادا کیا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ یہ منصوبے علاقے میں معیار زندگی کو مزید بہتر بنائیں گے۔

بلال احمد اوتمانزئی کو پولیس تھانہ کسٹم کوئٹہ کا ہیڈ محرر تعینات ہونے پر مبارکباد

بلیلی پور (نامہ نگار) نوجوان کھوسہ اتحاد کوئٹہ کے رہنما، ڈاکٹر محمد بقا، خان کھوسہ اور میر منصب علی کھوسہ نے بلال احمد اوتمانزئی کو پولیس تھانہ کسٹم کوئٹہ کا ہیڈ محرر تعینات ہونے پر دلی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ موصوف مرحوم الحاج لالا عمر جان اوتمانزئی کے فرزند ہیں جو نہایت ہیں

اسسٹنٹ کمشنر منصور علی شاہ اور بختیار آباد و دیگر گورنمنٹ گرلز مڈل سکول گوٹھ میں مکمل ہونے والے سولرائزیشن منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں

گرمی کی شدت میں اضافہ نصیر آباد میں پارہ 46 سینٹی گریڈ چھو گیا

بجلی اور پانی کا بحران، کاروبار زندگی مفلوج بازار سنسان لوگ گھروں تک محدود

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد سمیت دیگر علاقوں میں گرمی کی شدت میں زبردست اضافہ درجہ حرارت 46 سینٹی گریڈ تک پہنچ گئی بجلی اور پانی کا شدید بحران کاروبار زندگی مفلوج بازاریں سنسان لوگ گھروں تک محصور ہو کر رہ گئے تفصیلات کے مطابق نصیر آباد ڈیرہ مراد جمالی تمبو چھتر نگی نوتال بختیار آباد بھاگ اوستہ محمد ڈیرہ اللہ یار صحبت پور لانڈھی شریف گنداواہ جھل مگسی و دیگر علاقوں میں سخت اور شدید گرمی کی زد میں اگلے اتوار کے روز درجہ حرارت 46 سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا سارا دن گرمی ہواؤں کا راج چلتا رہا ڈیرہ مراد جمالی اور نواحی علاقوں میں بجلی کی بندش اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے انسانی زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی بجلی کی طویل بندش سے کاروبار ٹھپ جبکہ عوام سخت اذیت ناک صورتحال سے دوچار ڈیرہ مراد جمالی سٹی شہر میں پینے کے پانی کا بدترین بحران شرقی اور غربی کے تمام وارڈز میں پانی کی سخت قلت لوگ پانی کی بوند کو ترس گئے جبکہ محکمہ موسمیات کے مطابق گرمی کی شدت میں مزید اضافے کا امکان ہے

خضدار: گرانفروشوں نے سرکاری نرخنامہ ہوا میں اڑا دیا

خضدار (بیورو رپورٹ) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے ضلعی ترجمان نے جاری کردہ ایک بیان میں کہا ہے کہ خضدار میں گرانفروشوں نے سرکاری نرخنامہ ہوا میں اڑا دی ہے شہر کے سبزی منڈی میں مہنگائی پر قابو نہیں پایا جا سکا ہے شہر میں گوشت مارکیٹ میں گوشت کی قیمت بڑھا دیا ہے چھوٹے بڑے گوشت خریدنا غریب کی بس سے باہر ہو چکی ہے اور غیر معیاری پھل اور سبزی کی مہنگے داموں فروخت کا سلسلہ بدستور جاری ہے انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ سرکاری ریٹ تو جاری کر دیتی ہے لیکن اس پر عملدرآمد نہیں ہو جاتا ہے اور گرانفروش سر عام مہنگے داموں اشیائے اور پھل فروٹس کو فروخت کرتے ہیں جن کا معیار بھی بہتر نہیں ہوتا انہوں نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ وہ فی الفور مہنگائی پر قابو پانے کیلئے اقدامات کرے اور گرانفروشوں کیخلاف کارروائی کی جائے۔ تاکہ غریب لوگ سستے گوشت اور پھل فروٹ اور سبزی کو خرید لیں ترجمان نے کہا شہر کے مارکیٹس میں مہنگا گوشت اور پھل فروٹ اور سبزیوں کی گرانفروشی کو برداشت نہیں انکے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائیں۔

مبارکپور میں تیز رفتار کوچ کی ٹکر سے نوجوان جاں بحق

جاں بحق ہونیوالا شخص صحافی عبدالفتاح مستوئی کے بھانجے تھا

جیکب آباد (اے این این) مبارکپور میں کوچ کی ٹکر سے صحافی کا نوجوان بھانجا جاں بحق، ورثہ کا احتجاج، کارروائی کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے قریب مبارکپور میں تیز رفتار کوچ نے سینئر صحافی عبدالفتاح مستوئی کے نوجوان بھانجے پرویز علی مستوئی کو کچل کر ہلاک کر دیا، واقعے پر مقتول نوجوان کے ورثہ نے احتجاج کرتے ہوئے انصاف کا مطالبہ کیا ہے، ورثہ کا کہنا ہے کہ شہید پرویز مستوئی کا خون صرف ایف آئی آر تک محدود نہیں رہنا چاہیے فوری طور پر کوچ ڈرائیور کو گرفتار کیا جائے اور متعلقہ پولیس ایف آئی آر میں تمام ذمہ داران جن میں ڈرائیور اور کوچ سروس کی انتظامیہ شامل ہیں کو نامزد کیا جائے اور مکمل، شفاف اور غیر جانبدار تفتیش کی جائے، لواحقین نے مطالبہ کیا کہ موٹر وہیکل انسپکٹر، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اور سندھ ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے ذریعے اسیف کوچ سروس کی تمام گاڑیوں کے فٹنس سرٹیفکیٹس، رجسٹریشن، روٹ پرمٹس، انشورنس اور تکنیکی حالت کا مکمل آڈٹ کیا جائے اور رپورٹ عدالت میں پیش کی جائے، ورثہ نے کہا کہ اگر کسی قسم کی بے ضابطگی، جعلی کاغذات یا فٹنس کی خلاف ورزی سامنے آئے تو متعلقہ افراد کے خلاف قانون کے مطابق علیحدہ مقدمات درج کیے جائیں، انہوں نے مطالبہ کیا کہ آزاد اور ادارے یا سینئر افسر سے انکوائری کروائی جائے لواحقین کا کہنا تھا کہ ہم روزانہ ان ظالموں کے ہاتھوں جنازے نہیں اٹھا سکتے جبکہ انہوں نے صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ سے بھی فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

این 65 کی توسیع کا منصوبہ تکمیل کے قریب پہنچ گیا، این ایچ اے

منصوبے کا 95 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے، باقی ماندہ 5 فیصد کام بھی جلد از جلد مکمل کر لیا جائے گا، ٹریفک روانی بہتر ہو گی

اہم شاہراہ کی توسیع سے نہ صرف کوئٹہ، سبی بلکہ دیگر صوبوں میں بھی سفری سہولیات بہتر ہوں گی، حکام کی میڈیا سے گفتگو

بختیار آباد (نمائندہ مشرق) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کی خصوصی دلچسپی اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) بلوچستان کی کاوشوں سے قومی شاہراہ این-65 (بولان) کی توسیع کا منصوبہ تکمیل کے قریب پہنچ گیا ہے۔ این ایچ اے حکام کے مطابق منصوبے کا 95 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے جبکہ باقی ماندہ 5 فیصد کام بھی جلد از جلد مکمل کر لیا جائے گا حکام نے میڈیا نمائندگان کو بتایا کہ اس اہم شاہراہ کی توسیع سے نہ صرف کوئٹہ، سبی بلکہ دیگر صوبوں کے علاقوں میں سفری سہولیات بہتر ہوں گی بلکہ اندرون بلوچستان کو سندھ اور پنجاب سے ملانے میں بھی نمایاں آسانی پیدا ہو گی۔ اس منصوبے کی تکمیل کے بعد ٹریفک کی روانی میں بہتری آئے گی اور سفر کا دورانیہ بھی کم ہو گا مقامی تجارتی حلقوں نے اس منصوبے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ این-65 بولان کی توسیع سے کاروباری سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا، اشیائے ضروریہ کی ترسیل میں بہتری آئے گی اور صوبے کے مختلف علاقوں کے درمیان تجارتی روابط مزید مضبوط ہوں گے عوامی و سماجی حلقوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کے حکام کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ محدود وسائل کے باوجود جس تیزی اور پیشہ ورانہ انداز میں اس اہم منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جا رہا ہے وہ قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ذاتی دلچسپی اور این ایچ اے حکام کی مسلسل نگرانی اس منصوبے کی بروقت تکمیل میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے، جو صوبے کی ترقی، خوشحالی اور عوامی فلاح کے لیے ایک مثبت اور اہم قدم ثابت ہو گا

مدارس کے خلاف حکومتی اقدامات ناقابل برداشت ہیں، حاجی رحمت اللہ

نصیر آباد (نامہ نگار) جمعیت علمائے اسلام تحصیل ڈیرہ مراد جمالی کے امیر حاجی رحمت اللہ منگلوئی نے اپنے ایک بیان میں مدارس کے خلاف حکومتی اقدامات پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے اقدامات کسی صورت قابل برداشت نہیں ہوں گے حکومت نے جے یو آئی کی "ریڈ لائن" کراس کرتے ہوئے مفاہمت کے تمام دروازے خود بند کر دیے ہیں، جس کے نتائج کی مکمل ذمہ داری بھی حکومت پر عائد ہوگی انہوں نے حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی کارکردگی بہتر بنانے پر توجہ دے اور عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرے۔ ان کا کہنا تھا کہ سرکاری اداروں، خصوصاً اسکولوں اور ہسپتالوں کی حالت زار بہتر بنانے کے بجائے مدارس کو نشانہ بنانا قابل افسوس ہے حاجی رحمت اللہ منگلوئی نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے اخبارات میں یہ تاثر دینا کہ مدارس میں بڑی تعداد میں افغانی مہاجرین یا غیر ملکی طلبہ زیر تعلیم ہیں حقیقت کے برعکس اور گمراہ کن ہے۔ انہوں نے کہا کہ نصیر آباد سمیت دیگر علاقوں میں کسی غیر ملکی کی مستقل موجودگی کے شواہد موجود نہیں اور اگر ماضی میں کہیں ایسا تھا بھی تو حکومتی اقدامات کے تحت انہیں پہلے ہی ملک سے نکالا جا چکا ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر منصور علی شاہ اور بختیار آباد و دیگر گورنمنٹ بوائز مڈل سکول گوٹھ میں مکمل ہونے والے سولرائزیشن منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں

مدارس بابت صوبائی شوریٰ کے فیصلے کا انتظار ہے، جے یو آئی پنجگور

پنجگور (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کی ضلعی و تحصیل کابینہ اور سینئر رہنماؤں کا مشترکہ اجلاس ضلعی امیر حافظ محمد اعظم بلوچ کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلعی و تحصیل کابینہ اور سینئر رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس کے آغاز میں جمعیت علماء اسلام کے ضلعی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحکیم نے ایجنڈا پیش کرتے ہوئے کارکردگی رپورٹ پیش کی۔ اجلاس کا ایجنڈا دینی مدارس کے خلاف حکومت کی کارروائی اور یکجا ہتھکنڈا تھا۔۔ اس موقع پر شرکاء نے حکومت کی جانب سے دینی مدارس کے خلاف ایکشن اور بے جا مداخلت کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حکومت کی جانب سے فیصلے کو مسترد کر دیا۔ اور یہ اعلان کیا کہ صوبائی جماعت کی جانب سے بلائے گئے 2 مئی کو مجلس شوریٰ کے اجلاس میں جو فیصلہ سامنے آئے گا اس پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔ اجلاس سے جمعیت علماء اسلام کے ضلعی امیر حافظ محمد اعظم۔ جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحکیم۔ مرکزی کونسل کے رکن حاجی عبدالعزیز بلوچ۔ خطیب مکران مولانا علی احمد اور دیگر علماء کرام نے خطاب کیا۔ حافظ محمد اعظم بلوچ نے اپنے خطاب میں کہا کہ حکومت کی جانب سے دینی مدارس کے خلاف کارروائی اور فیصلے کو جوتے کے نوک پر رکھتے ہوئے

پنجگور ڈپٹی کمشنر ممتاز علی کھیتران ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کر رہے ہیں

گورنمنٹ گرلز مڈل سکول یار خان بازوڑ بی کے تحت مکمل ہونے والے سولرائزیشن منصوبے کا افتتاح کیا جا رہا ہے

حکومت نے مفاہمت کے تمام دروازے خود بند کر دیئے، جمعیت

مدارس کو نشانہ بنانا قابل افسوس، جماعت کی ریڈ لائن کراس کی گئی، نتائج کی ذمہ داری بھی حکومت وقت پر عائد ہو گی

بیانات کے ذریعے یہ تاثر دینا کہ مدارس میں غیر ملکیوں کی بڑی تعداد موجود ہے حقائق کے برعکس ہے، حاجی رحمت اللہ

نصیر آباد (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام تحصیل ڈیرہ مراد جمالی کے امیر حاجی رحمت اللہ منگلوئی نے اپنے ایک بیان میں مدارس کے خلاف حکومتی اقدامات پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے اقدامات کسی صورت قابل برداشت نہیں ہوں گے حکومت نے جے یو آئی کی "ریڈ لائن" کراس کرتے ہوئے مفاہمت کے تمام دروازے خود بند کر دیئے ہیں جس کے نتائج کی مکمل ذمہ داری بھی حکومت پر عائد ہوگی انہوں نے حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی کارکردگی بہتر بنانے پر توجہ دے اور عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرے۔ ان کا کہنا تھا کہ سرکاری اداروں، خصوصاً اسکولوں اور ہسپتالوں کی حالت زار بہتر بنانے کے بجائے مدارس کو نشانہ بنانا قابل افسوس ہے حاجی رحمت اللہ منگلوئی نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے اخبارات میں یہ تاثر دینا کہ مدارس میں بڑی تعداد میں افغانی مہاجرین یا غیر ملکی طلبہ زیر تعلیم ہیں حقیقت کے برعکس اور گمراہ کن ہے۔ انہوں نے کہا کہ نصیر آباد سمیت دیگر علاقوں میں کسی غیر ملکی کی مستقل موجودگی کے شواہد موجود نہیں اور اگر ماضی میں کہیں ایسا تھا بھی تو حکومتی اقدامات کے تحت انہیں پہلے ہی ملک سے نکالا جا چکا ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ یہ سب محض ایک بہانہ ہے اور اس کے پیچھے کوئی اور ایجنڈا کارفرما ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس قسم کی تاثر سازی ماضی میں بھی عوام کی توجہ اصل مسائل سے ہٹانے کے لیے استعمال ہوتی رہی ہے انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ بے بنیاد بیانیے کے بجائے شفاف اور آئینی طریقہ کار اختیار کرے اور دینی مدارس کو بلاوجہ متنازع بنانے سے گریز کرے بصورت دیگر اس کے نتائج کی ذمہ داری حکومت پر ہوگی۔

ڈنیا بھر کی طرح خضدار میں بھی یوم مزدور منایا جائے گا

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار دنیا بھر کی طرح یوم مزدور یکم مئی ضلع خضدار میں بھی بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ منایا جائے گا۔ اس سلسلے میں مزدور اتحاد ضلع خضدار کے زیر اہتمام ایک پروقار پروگرام کا انعقاد کیا جائے گا جس کی قیادت کامریڈ عبداللہ عمرانی کریں گے یوم مزدور کے موقع پر محنت کشوں کی جدوجہد، قربانیوں اور حقوق کے حصول کے لیے دی گئی لازوال خدمات کو خراج تحسین پیش کیا جائے گا۔ اس موقع پر مختلف مزدور تنظیموں کے نمائندگان، سماجی و سیاسی شخصیات اور محنت کش طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد بڑی تعداد میں شرکت کریں۔ پروگرام میں مزدوروں کو درپیش مسائل، ان کے حقوق کے تحفظ اور بہتر مستقبل کے لیے لائحہ عمل پر بھی تفصیلی گفتگو کی جائے گی، جبکہ مزدوروں کے اتحاد، یکجہتی اور جدوجہد کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا جائے گا مزدور اتحاد کے رہنماؤں کا کہنا ہے کہ یکم مئی ہمیں یہ پیغام دیتا ہے

بوائز ڈگری کالج خضدار میں صفائی مہم کا آغاز

خضدار (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی ہدایت پر میونسپل کارپوریشن نے بوائز ڈگری کالج خضدار میں بڑے پیمانے پر صفائی مہم کا آغاز کر دیا۔ مہم کے دوران کالج کی تدریسی عمارتوں، ہاسٹلز اور باؤنڈری وال کے اندر مکمل صفائی کے ساتھ جھاڑیوں کا بھی صفایا کیا جا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے گزشتہ روز بوائز ڈگری کالج خضدار کا تفصیلی دورہ کیا تھا۔ دورے کے دوران انہوں نے کالج کے مختلف شعبہ جات، کلاس رومز اور ہاسٹل کا معائنہ کیا اور صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ موقع پر ہی انہوں نے میونسپل کارپوریشن خضدار کو کالج میں فوری طور پر خصوصی صفائی مہم شروع کرنے کے احکامات جاری کیے تھے۔ ڈپٹی کمشنر خضدار کے احکامات پر چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن خضدار وزیرہ صالح جاموٹ نے فوری عملدرآمد کرتے ہوئے دورے کے دوسرے روز ہی کالج میں صفائی مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا۔

ڈی سی کچھی ممتاز علی کھیتران کا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ڈھاڈر کا دورہ

ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ، مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ

کچھی (ن ن) ڈپٹی کمشنر کچھی ممتاز علی کھیتران نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ڈھاڈر کا تفصیلی دورہ کیا دورے کے دوران انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ڈھاڈر ڈاکٹر زاہد علی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کچھی ڈاکٹر ایاز احمد قریشی اور ڈی ایس ایم پی ایچ آئی عمران خان تنگ بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ جنہوں نے ہسپتال کی کارکردگی، درپیش مسائل اور جاری سہولیات سے متعلق بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر نے حکومت بلوچستان کے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کے تحت ہسپتال میں نصب کیے گئے سولر سسٹم کا بھی تفصیلی معائنہ کیا انہیں بتایا گیا کہ اس سولر سسٹم کے ذریعے ہسپتال میں بجلی کی مسلسل فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے، جس سے خاص طور پر ایمرجنسی، لیبارٹری اور دیگر اہم شعبہ جات میں بلاتعطل خدمات فراہم کی جا رہی ہیں انہوں نے سولر سسٹم کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ اس کی باقاعدہ دیکھ بھال اور موثر استعمال کو یقینی بنایا جائے تاکہ مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی میں مزید بہتری لائی جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی اور ہسپتال کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

ڈی ای او صحبت پور کی تعلیمی خدمات قابل فخر ہیں، افتخار احمد کنبار

بھی پور (نامہ نگار) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بھی پور کے ارکان افتخار احمد کنبار، محمد یعقوب لانگو، محمد صلاح جاتک اور محمد سکندر لانگو نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ضلع صحبت پور کے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر محمد فضل کھوسہ کی تعلیمی میدان میں غیر معمولی خدمات اور سکول داخلہ مہم میں ضلع صحبت پور کو صف اول میں لانے پر وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز خان بگٹی کی جانب سے وزیر اعلیٰ ہاؤس میں منعقدہ ایک پروقار تقریب میں خصوصی تعریفی شیلڈ سے نوازا گیا ہے جو ضلع بھر کے تمام اساتذہ کیلئے ایک بڑا اعزاز ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محمد فضل کھوسہ کی کاوشوں کی بدولت سینکڑوں بچے جو سکولوں سے باہر تھے اب تعلیمی سفر کا حصہ بن چکے ہیں۔ ہم محترم ڈی ای او صاحب کو اس بڑے اعزاز کے حصول پر مبارکباد پیش کرتے ہیں

لورالائی، میونسپل کمیٹی کا عملہ شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی، نالیوں کی صفائی اور درختوں کو پانی دینے میں مصروف ہیں

ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی زیر صدارت علماء و منتظمین مدارس کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خضدار و نواح میں نشہ آور گولیوں کی سر عام فروخت جاری

متعلقہ حکام کی مجرمانہ خاموشی نے موت کے اس کاروبار کو پہلے سے زیادہ فروغ دیا، نوجوان نسل تباہی کے دہانے پر پہنچ گئی

نشے کے زہر نے کئی گھرانوں کے چراغ گل کر دیے ہیں، والدین و عوامی حلقوں کا وزیر اعلیٰ و دیگر حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار اور اس کے گرد و نواح میں نشہ آور گولیوں کی کھلے عام فروخت نے خطرناک صورت اختیار کر لی ہے عوامی اور سیاسی حلقوں نے متعلقہ حکام بالخصوص ڈرگ ادارہ کی مبینہ بے حسی پر شدید تشویش اور غم و غصے کا اظہار کیا ہے ایک طرف والدین اور سماجی تنظیمیں نوجوان نسل کو منشیات کے زہر سے بچانے کے لیے دن رات کوشاں ہیں تو دوسری طرف متعلقہ حکام کی مجرمانہ خاموشی نے موت کے اس کاروبار کو پہلے سے زیادہ فروغ دیا ہے عوامی حلقوں نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مبینہ طور پر ڈرگ ادارہ اور محکمہ صحت کے ذمہ داران کی خاموشی کئی سوالات کو جنم دے رہی ہے انہوں نے کہا یہ سب کچھ مبینہ ملی بھگت کے بغیر ممکن نہیں شہریوں نے سخت الفاظ میں کہا کہ جب غیر قانونی اور نشہ آور ادویات گلی محلوں میں گٹکا، نسوار اور سافٹ ڈرنک کی طرح بک رہی ہوں اور متعلقہ حکام خاموش تماشائی بنے رہیں تو یہ سمجھنا مشکل نہیں کہ محافظ ہی راہزنوں کے ساتھ مل چکے ہیں ان کا کہنا تھا کہ خضدار میں مبینہ نشہ آور گولیوں کی کھلم کھلا فروخت کے ذریعے نوجوان نسل کو دانستہ طور پر زہر پلایا جا رہا ہے اس زہر نے کئی گھروں کے چراغ گل کر دیے ہیں عوامی حلقوں کے مطابق گزشتہ دو ماہ کے دوران دو سے تین نوجوان انہی نشہ آور گولیوں کے استعمال سے اپنی زندگی کی بازی ہار چکے ہیں۔ یہ صورتحال ہر ذی شعور شہری کے لیے لمحہ فکریہ ہے شہریوں نے اعلیٰ حکام بالخصوص سیکرٹری ہیلتھ بلوچستان سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ خضدار میں تعینات ڈرگ انسپکٹر کی کارکردگی کا فوری اور غیر جانبدارانہ جائزہ لیا جائے اور فرائض میں غفلت برتنے والے افسران کا سخت محاسبہ کیا جائے تاکہ آئندہ کوئی افسر اپنی ذمہ داری سے غفلت نہ برتیں عوامی حلقوں نے مبینہ طور پر واضح کیا کہ جو میڈیکل اسٹورز اس مکروہ دھندے میں ملوث ہیں اور انسانی زندگیوں سے کھیل رہے ہیں ان کے لائسنس فوری طور پر منسوخ کیے جائیں اور ایسے میڈیکل اسٹورز کو فوری سیل کر کے ان کے مالکان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کیے جائیں صرف کاغذی کارروائی سے کام نہیں چلے گا بلکہ شہر کو ان نشہ آور گولیوں سے پاک کرنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر کریک ڈاؤن شروع کیا جائے۔ اس سلسلے میں پولیس اور ڈرگ انسپکٹر کو مشترکہ کارروائی کرنی چاہیے انہوں نے کہا کہ ہم اپنے بچوں کے مستقبل کو ان مافیاز کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتے نوجوان نسل ملک کا مستقبل ہے اور اسے تباہ ہوتے نہیں دیکھا جا سکتا شہریوں نے خبردار کیا کہ اگر متعلقہ حکام نے اپنی بے حسی ترک نہ کی اور ٹھوس اقدامات نہ کیے تو وہ اس ناانصافی کے خلاف سخت عوامی احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے عوامی حلقوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان و دیگر حکام سے پرزور اپیل کی ہے

جیکب آباد: بجلی کا بحران شدت اختیار کر گیا، عوام کو مشکلات

سیپکو حکام نے خراب ٹرانسفارمرز کی مرمت یا تبدیلی سے انکار کر دیا

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد میں بجلی کا بحران شدت اختیار کر گیا، درجنوں ٹرانسفارمرز جل گئے، شدید گرمی، طویل لوڈشیڈنگ سے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں بجلی کا بحران سنگین صورتحال اختیار کر گیا ہے جبکہ شہر کے متعدد محلوں میں ٹرانسفارمرز جل جانے کے باعث کئی علاقوں کو ہفتوں سے بجلی کی فراہمی معطل ہے، متاثرہ علاقوں کے مکینوں نے کہا ہے کہ سیپکو حکام نے خراب ٹرانسفارمرز کی مرمت یا تبدیلی سے انکار کر دیا ہے، جس کے باعث شہری شدید اذیت کا شکار ہیں، شہریوں کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں میں ٹرانسفارمرز جلنے کے واقعات کو کئی کئی ہفتے گزر چکے ہیں تاہم تاحال متعلقہ حکام کی جانب سے کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی، مجبوری کے تحت متعدد محلوں کے مکین اپنی مدد آپ کے تحت چندہ جمع کر کے ٹرانسفارمرز کی مرمت یا نئے ٹرانسفارمرز لگوانے پر مجبور ہیں، دوسری جانب جیکب آباد میں گرمی کی شدت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے جبکہ غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک طرف درجہ حرارت خطرناک حد تک بڑھ رہا ہے دوسری طرف گھنٹوں کی لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے اور تیسری طرف جلے ہوئے ٹرانسفارمرز کے باعث کئی علاقے مکمل طور پر بجلی سے محروم ہیں، شہریوں کا کہنا ہے کہ بجلی کی عدم دستیابی کے باعث پینے کے پانی کی فراہمی بھی شدید متاثر ہو رہی ہے جبکہ گھریلو اور کاروباری سرگرمیاں بھی ٹھپ ہو کر رہ گئی ہیں، شدید گرمی میں بجلی نہ ہونے کے باعث بچوں، بزرگوں اور مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، شہریوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ جیکب آباد میں بجلی کے بحران کا فوری نوٹس لیا جائے اور خراب ٹرانسفارمرز کی فوری مرمت یا تبدیلی کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو اس شدید گرمی میں مزید مشکلات سے بچایا جا سکے۔

پیپلز پارٹی نے ہر مشکل وقت میں عوام کا ساتھ دیا، مقررین

عوام جانتے ہیں کون سی جماعت انکے مسائل کے حل میں سنجیدہ ہے

عوامی خدمت کا سلسلہ جاری رہیگا، رہنماؤں کا تقریب سے خطاب

ہرنائی (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع ہرنائی کے ضلعی سیکرٹریٹ میں ایک اہم اور باوقار شمولیتی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں کوچہ کے رہائشی امان اللہ ترین نے پاکستان پیپلز پارٹی ضلعی صدر یاسین خان ترین جنرل سیکرٹری ملک عبیداللہ خان ترین کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اپنے ساتھیوں سمیت پاکستان پیپلز پارٹی میں باقاعدہ شمولیت اختیار کر لی اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی لیبر ونگ کے ضلعی صدر محمد ولی ترین پیپلز یوتھ ونگ کے ضلعی صدر قدیر ملازئی ملک خدائیداد خان ترین اطلاعات سیکرٹری شازیب بھٹو سفر خان ترین کلیم اللہ ترین منظور احمد باز محمد ترین بھی موجود تھے جنہوں نے نئے شامل ہونے والے ساتھی کا پرتپاک استقبال کیا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر یاسین خان ترین نے کہا کہ پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے وژن "پیغام گھر گھر تک" کے تحت ہم عوام کی بلاتفریق خدمت کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ سے ایک عوامی جماعت رہی ہے جس نے ہر مشکل گھڑی میں عوام کا ساتھ دیا ہے چاہے خوشی کا موقع ہو یا غم کا، پارٹی کارکنان ہر وقت عوام کے شانہ بشانہ کھڑے رہے ہیں یہی وجہ ہے کہ آج لوگ پارٹی کی کارکردگی اور عوامی خدمت کو دیکھتے ہوئے جوق در جوق اس میں شامل ہو رہے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ ہرنائی کے عوام باشعور ہیں اور وہ جانتے ہیں کہ کون سی جماعت ان کے مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے نہ صرف ماضی میں عوام کی خدمت کی ہے بلکہ آئندہ بھی اسی جذبے کے ساتھ خدمت جاری رکھے گی انہوں نے پارٹی میں نئے شامل ہونے والوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ پارٹی کو مزید مضبوط بنانے میں اپنا کردار ادا کریں گے اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے والے امان اللہ ترین نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ضلعی صدر یاسین خان ترین کی عوامی خدمات، خلوص اور قیادت سے متاثر ہو کر یہ فیصلہ کیا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ایک نظریاتی جماعت ہے جو ہمیشہ غریب اور پسے ہوئے طبقات کی آواز بنی ہے۔

اوستہ محمد: متعدد جرائم پیشہ عناصر گرفتار، مال مسروقہ برآمد

اوستہ محمد (حنیف بلوچ) ڈی ایس پی محمد داؤد کھوسہ ایس ایچ او نتی ندیم بہرانی اور اینٹی اسکواڈ کے انچارج کرم حسین ببر کے ہمراہ سٹی پولیس تھانہ اوستہ محمد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ شہر میں بڑھتی ہوئی بدامنی کی وارداتوں پر ڈی آئی جی نصیر آباد ایس پی ضلع اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمان نے ملزمان کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دیا جس پر سٹی پولیس نے ایس ایچ او ندیم بہرانی کی قیادت میں کارروائی کرتے ہوئے ڈگری کالج سے چھینی جانے والی موٹر سائیکل موبائل فون اور فائرنگ کے تبادلے کے بعد برآمد کر کے دو ملزمان گرفتار کر لیے دیگر کارروائیوں میں پولیس نے ڈاکوؤں کے کمین گاہوں پر آپریشن کرتے ہوئے ڈکیتی شدہ موٹر سائیکل بیٹریاں اور دیگر چوری شدہ سامان برآمد کر کے ملزمان کو گرفتار کیا ہے انہوں نے کہا کہ گرفتار ملزمان انڈر ریمانڈ ہیں اور کچھ زیر تفتیش ہیں جن سے پولیس تفتیش کر رہی ہے پولیس امن و امان کی صورت حال کو بہتر بنانے کے لیے فرائض سرانجام دے رہی ہے

کمانڈنٹ نوشکی ملیشیا نے گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج نوشکی کا دورہ

اساتذہ اور طلبہ سے ملاقات، فیز ون کے جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ

نوشکی (آن لائن) کمانڈنٹ نوشکی ملیشیا نے گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج نوشکی کا دورہ کیا۔ انہوں نے اساتذہ اور طلبہ سے ملاقات کی اور بی ایس ڈی آئی فیز ون کے جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران کمانڈنٹ نے پرنسپل اور فیکلٹی سے تفصیلی ملاقات کی، جس میں اساتذہ نے سست انٹرنیٹ، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، ڈیسک ٹاپ کمپیوٹرز کی عدم دستیابی، ڈیجیٹل لیب کے قیام، لاک ڈاؤن اوقات اور اساتذہ کی کمی سمیت مختلف مسائل سے آگاہ کیا۔ طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے کمانڈنٹ نوشکی ملیشیا نے پاکستان کی آزادی کے لیے قربانیوں، تعلیم کی اہمیت اور کامیابی میں اس کے کردار، دوست اور دشمن کی پہچان، اور نوجوانوں کے لیے دستیاب مواقع پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے طلبہ کو مفت ای کامرس سہولت، مکینیکل، ٹیکنیکل، ڈرائیونگ، کمپیوٹر اور آئی ایس ایس بی کلاسز کے بارے میں آگاہ کیا، جبکہ طلبہ و اساتذہ کے لیے لاک ڈاؤن اوقات میں نرمی اور بی ایس ڈی آئی فیز تھری کے تحت گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج کے لیے خصوصی منصوبوں سے بھی آگاہ کیا۔ کالج فیکلٹی نے تعلیم کے فروغ میں ایف سی بلوچستان نارتھ اور نوشکی ملیشیا کے کردار کو سراہا، جبکہ کمانڈنٹ نے اساتذہ کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے نوشکی میں تعلیم کے فروغ اور ترقی کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ دورے کے اختتام پر کمانڈنٹ نے پرنسپل کے ہمراہ بی ایس ڈی آئی فیز ون منصوبوں کا معائنہ کیا اور ٹھیکیدار کو ہدایت کی کہ منصوبے 15 مئی 2026 سے قبل مکمل کیے جائیں۔

قلت آب نے عوامی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا، شہری ایکشن کمیٹی

ایک ہفتے کے اندر مسائل کے حل کیلئے اقدامات نہ کئے گئے تو احتجاج کا دائرہ کار وسیع کرتے ہوئے سخت ردعمل دیا جائے گا

شدید گرمی کے باوجود بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ عوام کے لیے ناقابل برداشت ہو چکی ہے، میر امداد حسین مری و دیگر کا خطاب

نصیر آباد (نامہ نگار) شہری ایکشن کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی کی امن کمیٹی کے رکن اور چیئرمین میر امداد حسین مری کی زیر صدارت ضلعی مسلم لیگ (ن) کے سیکرٹریٹ میں عوامی مسائل کے حل کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف سیاسی، سماجی اور مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع نصیر آباد اور ڈیرہ مراد جمالی کے مختلف علاقوں میں گیس کی عدم فراہمی بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، پینے کے صاف پانی کی عدم فراہمی، بائی پاس روڈ کی تعمیر میں تاخیر اور دیگر بنیادی مسائل تفصیل سے زیر غور آئے۔ مقررین نے کہا کہ شدید گرمی کے باوجود طویل لوڈشیڈنگ عوام کے لیے ناقابل برداشت ہو چکی ہے جبکہ پانی کی قلت نے شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ اگر ایک ہفتے کے اندر اندر ان مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات نہ کیے گئے تو احتجاج کا دائرہ کار وسیع کرتے ہوئے سخت عوامی ردعمل دیا جائے گا۔ اجلاس میں انجمن تاجران و دکانداران کے جنرل سیکرٹری مختیار احمد قادری، مسلم لیگ (ن) کے ضلعی صدر خان جان منگلوئی، ہندو برادری کے رہنما ہرام داس بوجہ، گرین پارٹی کے حفیظ الرحمن، پاکستان سنی تحریک بلوچستان کے صوبائی چیئرمین مولانا نواب دین ڈوبکی، نیشنل پارٹی کے رہنما محمد شریف ابڑو سمیت دیگر افراد نے شرکت کی۔ شرکاء نے وفاقی وزیر پانی و بجلی، کیسکو اور متعلقہ اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ نصیر آباد، جو ایشیا کے گرم ترین علاقوں میں شمار ہوتا ہے، میں فوری طور پر لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا جائے اور شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے

اوستہ محمد، ڈی ایس پی محمد داؤد کھوسہ ایس ایچ او ندیم بہرانی 15 مددگار فورس کے انچارج کرم حسین ببر کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ایکسین پی ایچ ای احترام الحق بگٹی کا بروقت اقدام، پیر کوہ میں پانی کا بحران ٹل گیا

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE) ڈیرہ بگٹی کے نوجوان اور متحرک ایکسین احترام الحق بگٹی نے عوامی خدمت کی نئی مثال قائم کر دی۔ پیر کوہ کو پانی فراہم کرنے والی خراب موٹر کو ہنگامی بنیادوں پر ارجنٹ میں کراچی سے مرمت کروا کر واپس ڈیرہ بگٹی پہنچا دیا گیا ہے۔ ایکسین پی ایچ ای احترام الحق بگٹی نے اعلان کیا ہے کہ ڈیرہ بگٹی سے پیر کوہ کو پانی کی فراہمی باقاعدہ طور پر شروع کر دی جائے گی۔ عوامی و سماجی حلقوں نے ایکسین پی ایچ ای کی اس برق رفتار کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ نوجوان آفیسر نے دن رات ایک کر کے پیر کوہ کے عوام کی پیاس بجھانے کے لیے جو اقدامات کیے ہیں وہ قابل ستائش ہیں۔ موٹر کی ارجنٹ واپسی سے علاقے میں پانی کا بڑا مسئلہ حل ہو گیا ہے۔

دکھی انسانیت کی خدمت میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے، اے سی تفتان

علاقے میں مچھروں کے خاتمے کیلئے ایک منظم اور موثر مہم کا آغاز کیا جائے گا

تفتان (نمائندہ مشرق) اسسٹنٹ کمشنر تفتان نعیم قاسم شاہوانی نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے آئی ایچ کیو ہسپتال کے دورے کے موقع پر کیا اس دوران انہوں نے ہسپتال کے او پی ڈی، میڈیسن اسٹور، ایمرجنسی وارڈ، انڈور وارڈز اور آپریشن تھیٹر کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ہسپتال انچارج سینئر میڈیکل آفیسر ڈاکٹر نذیر احمد ناروئی نے اسسٹنٹ کمشنر کو ہسپتال کی موجودہ کارکردگی، سہولیات اور چیلنجز سے آگاہ کیا۔ انہوں نے خاص طور پر طبی عملے کی شدید کمی کا ذکر کیا اور میڈیسن اسٹور میں مناسب درجہ حرارت برقرار رکھنے کے لیے ایک ایئر کنڈیشنر کی فوری فراہمی کی درخواست کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نعیم قاسم شاہوانی نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت ہر ممکن ذریعے سے یقینی بنائی جائے گی۔ انہوں نے یقین دلایا کہ ہسپتال میں طبی عملے کی کمی کو جلد از جلد پورا کیا جائے گا اور میڈیسن اسٹور کے لیے ایئر کنڈیشنر کی فراہمی کے لیے بھی فوری اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مقامی انتظامیہ اور ضلعی صحت حکام کے مشترکہ تعاون سے علاقے میں مچھروں کے خاتمے کے لیے ایک منظم اور موثر مہم کا آغاز کیا جائے گا تاکہ مچھروں سے پیدا ہونے والے امراض پر قابو پایا جا سکے۔

موسیٰ خیل، ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر نادر خان اور ملیریا کوارڈینیٹر شفیق جعفر ورلڈ ملیریا ڈے کی تقریب سے اظہار خیال کر رہے ہیں

کوہلو: سرکاری محکموں کے مابین رابطے کا فقدان واضح تر

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں مختلف سرکاری اداروں کے درمیان رابطے کا فقدان واضح طور پر سامنے آ گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ایک مقامی صحافی نے ضلع بھر میں مچھروں کی بڑھتی ہوئی افزائش کے حوالے سے ایک خبر مختلف واٹس ایپ گروپس میں شیئر کی۔ خبر سامنے آنے کے بعد محکمہ لوکل گورنمنٹ کے ایک سینئر افسر نے صحافی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مشینری ان کا محکمہ فراہم کر سکتا ہے، تاہم اس سلسلے میں آپ ضلعی محکمہ صحت یا ملیریا کنٹرول پروگرام سے رابطہ کریں

دفتر ہزارہ مغل ٹرائبل کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی علمدار روڈ کوئٹہ کینٹ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پلاٹ نمبر 70 بلاک B ہزارہ مغل ٹرائبل کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (ایکڑ 16) علمدار روڈ کوئٹہ کینٹ ہمارے ریکارڈ کے مطابق محترمہ گوہر زوجہ مرحوم مصطفیٰ، جواد علی، صفدر علی، سکینہ، مریم، حمیدہ، مرحوم جمعہ خان ولد مرحوم مصطفیٰ کے وارثین، خدیجہ زوجہ مرحوم جمعہ خان، محمد الیاس اور سمیہ کی ملکیت ہے۔ اور اب مذکورہ جائیداد کو بذریعہ سیل ڈیڈ حیدر علی شگوہ ولد محمد حسین شگوہ کے نام ٹرانسفر کرنے کیلئے درخواست دفتر ہذا میں جمع کروائی ہے۔ مندرجہ بالا پراپرٹی کے بارے میں کسی شخص یا ادارے کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو دفتر ہذا میں 15 یوم کے اندر تحریری طور پر درخواست دے۔ معیاد گزرنے کے بعد کوئی اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔

المشتہر صدر کابینہ ہزارہ مغل ٹرائبل کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی علمدار روڈ کوئٹہ کینٹ

TENDER NOTICE-CORRIGENDUM

with reference to advertisement published in daily newspapers vide **PRQ No.4575/10-04-2026** The SP/ DISTRICT POLICE OFFICER-SHERANI invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2526041013522 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** Tender Fee 1,000 PKR

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Transportation and Storage and Mail Services (Total Item(s) Count: 3)	3%

Changed Area

S.No	Step Name	Remarks
1	Case Particular	
2	Case Schedule	By Default

Note: The Remaining Terms & Conditions shall Remain Same.

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 05 May, 2026till 09:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 10:00 AM on EPPS System The bidders who have downloaded Bidding Document(s) before 25 April, 2026 are required to download the ammended Bidding Document(s). The Other terms and conditions shall remain same. Address: SP/ DISTRICT POLICE OFFICER-SHERANI Phone no: 0333794837
Email: spwashuk@gmail.com

SUPERINTENDENT OF POLICE SHERANI

PRQ No.4769/26-4-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

روزنامہ مشرق کوئٹہ

اسپورٹس

کنگزمین راولپنڈیز کو ہرا کر پلے آف مرحلے میں ان، قلندرز آؤٹ

حیدرآباد کنگزمین کی ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 245 رنز کا پہاڑ جیسا ہدف دیا، گلین میکسویل نے جارحانہ 70 رنز بنائے

راولپنڈیز کی ٹیم 245 کے تعاقب میں 18 ویں اوور میں 136 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی، خواجہ نافع 66 رنز بنا کر نمایاں رہے

محمد رضوان 26، شمع بخش 23، ذاتی کو ریکارڈ 244 رنز اسکور کیے۔ کنگزمین کی جانب سے آفریدی نے 1،1 وکٹ حاصل کی۔

پی ایس ایل 11: پلے آف مرحلے کیلئے ٹیموں کی لائن اپ مکمل

پشاور زلمی، اسلام آباد یونائیٹڈ، ملتان سلطانز اور حیدرآباد کنگزمین نے یہ اعزاز حاصل کیا

کینیا کے ایتھلیٹ نے لندن میراتھن 2026 میں نیا عالمی ریکارڈ قائم کر دیا

ساوے نے 42 کلومیٹر کا فاصلہ 1 گھنٹہ 59 منٹ میں طے کیا، دو گھنٹے سے کم وقت میں میراتھن مکمل کرنے والے دنیا کے پہلے ایتھلیٹ بن گئے

لنگی نگیڈی سر پر چوٹ لگنے سے شدید زخمی

... کے دوران سر پر چوٹ لگی جس کے باعث وہ فوری طور پر گراؤنڈ میں تکلیف میں نظر آئے۔ صورتحال کی سنگینی کو دیکھتے ہوئے میڈیکل ٹیم فوری طور پر میدان میں پہنچی اور ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی۔ بعد ازاں نگیڈی کو ایمبولینس کے ذریعے گراؤنڈ سے باہر ... نگیڈی کی حالت کا تفصیلی جائزہ لیا جا رہا ہے اور مزید طبی رپورٹس کے بعد ان کی شرکت کے حوالے سے فیصلہ کیا جائے گا۔ واقعے نے میچ کے دوران حفاظتی انتظامات پر بھی سوالات کھڑے کر دیے ہیں، جبکہ کرکٹ حلقوں کی جانب سے کھلاڑی کی جلد صحت یابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا جا رہا ہے۔

گلگت بلتستان کی ٹیم لاہور کی سالانہ 54 ویں نیشنل ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں شرکت کرے گی

... بتایا کہ گلگت بلتستان ایتھلیٹکس مرد اور خواتین ٹیموں کیلئے کھلاڑیوں کی سلیکشن سٹی پارک گراؤنڈ گلگت میں شروع ہے۔ منتخب ٹیمیں ایتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان کے زیر انتظام لوک سہانا 54 ویں نیشنل ایتھلیٹکس چیمپئن شپ جو کہ 14 سے 17 مئی تک کراچی میں منعقد ہو رہی ہے میں شرکت کرے گی۔ سلیکشن کے لئے تین رکنی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جس میں گلگت بلتستان سپورٹس بورڈ کے فٹ بال کوچ نثار احمد، سینئر کھلاڑی جہانگیر حسین اور جی بی ایتھلیٹکس ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری مرزا اسکندر شامل ہے، ٹیم کی سلیکشن میرٹ کے مطابق ہوگی۔

پی ایس ایل 11 کے فائنل کے ٹکٹوں کی فروخت 27 اپریل سے شروع ہوگی

جنرل انکلوژرز 1500، وی آئی پی فار اینڈ 8 ہزار روپے میں دستیاب ہوگا

لاہور (آن لائن) پاکستان سپر لیگ 11 کے فائنل میچ کے ٹکٹوں کی فروخت 27 اپریل سے شروع ہوگی۔ پی ایس ایل 11 کا فائنل میچ 3 مئی کو قذافی اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے مطابق 27 اپریل سے آن لائن ٹکٹوں کی فروخت ہوگی جبکہ 28 اپریل سے فزیکل ٹکٹس صبح 10 بجے سے مقرر کردہ کوریئر سینٹر سے دستیاب ہوں گے۔ جنرل انکلوژرز 1500 جبکہ فرسٹ کلاس کا ٹکٹ 2 ہزار روپے میں دستیاب ہوگا۔ پریمیم 4 ہزار، وی آئی پی 6 ہزار اور وی آئی پی فار اینڈ 8 ہزار روپے میں دستیاب ہوگا۔ وی وی آئی پی نیو پویلین کا ٹکٹ 10 ہزار اور گیلری کا ٹکٹ 12 ہزار روپے میں دستیاب ہوگا۔ فائنل کے موقع پر اختتامی تقریب کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔ پی سی بی کی جانب سے کہا گیا ہے کہ فینز فائنل میچ سے قبل ساڑھے 6 بجے تک اسٹیڈیم پہنچیں۔

لاہور، قذافی اسٹیڈیم میں کراچی کنگز اور کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی ٹیموں کے درمیان میچ کھیلا جا رہا ہے

دو روزہ پاکستان جونیئر پیڈل رینکنگ کپ 2026 کیم مئی سے کراچی میں شروع ہوگا

اسلام آباد (یو این پی) انٹرنیشنل پیڈل فیڈریشن اور ایشیاء پیڈل فیڈریشن کے ساتھ منسلک پاکستان پیڈل فیڈریشن کے زیر اہتمام دو روزہ پاکستان جونیئر پیڈل رینکنگ کپ 2026 یکم مئی سے پیڈل ورس، کراچی میں شروع ہوگا۔ گزشتہ روز پاکستان پیڈل فیڈریشن کے صدر محمد متین نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ چیمپئن شپ یکم سے دو مئی تک کھیلی جائے گی اور چیمپئن شپ میں ملک بھر سے کھلاڑی تین مختلف کیٹیگریز میں حصہ لیں گے جن میں بوائز انڈر-14، بوائز انڈر-16 اور بوائز انڈر-18 کے مقابلے شامل ہیں۔ چیمپئن شپ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں کیش ایوارڈ، ٹرافیاں اور اسناد تقسیم کی جائیں گی اور اس کے علاوہ کھلاڑیوں کو نیشنل پیڈل لائسنس بھی جاری کئے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چیمپئن شپ میں شاندار کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں کو قومی جونیئر ٹیم میں شامل کیا جائے گا اور منتخب ٹیم کے کھلاڑی رواں سال انڈونیشیا میں کھیلے جانے والے ایف آئی پی ایشیا جونیئر کپ 2026 میں حصہ لیں گے۔

فٹبال کے فروغ اور عالمی معیار کے انفراسٹرکچر کیلئے اہم اقدام

فیفا ایرینا کا باقاعدہ سنگ بنیاد رکھ دیا گیا، مقصد کمیونٹی سطح پر فٹبال تک رسائی کو بڑھانا ہے، محسن گیلانی

... باقاعدہ سنگ بنیاد رکھ دیا گیا۔ پاکستان فٹبال فیڈریشن کے صدر سید محسن گیلانی کے مطابق یہ اقدام وزیر اعظم کے وژن کے عین مطابق ہے۔ فیفا ایرینا ایک معیاری اور فیفا سے منظور شدہ چھوٹے سائز کے فٹبال گراؤنڈ کا جدید ماڈل ہے، جس کا مقصد کمیونٹی سطح پر فٹبال تک رسائی کو بڑھانا ہے۔ پاکستان میں سبزہ زار ... کے دوران کئے گئے فیفا اقدامات کے جاری ہیں۔ فٹبال کی عالمی تنظیم فیفا کی معاونت سے فیفا ایرینا کا سنگ بنیاد چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود نے پاکستان فٹبال فیڈریشن کے صدر سید محسن گیلانی کے ہمراہ رکھا۔ یہ منصوبہ پاکستان میں بین الاقوامی معیار کے فٹبال انفراسٹرکچر کی آمد اور ملک گیر سطح پر اس کے پھیلاؤ کی علامت قرار دیا جا رہا ہے۔

جیسن رائے نے ای این بیل کے کور ڈرائیو کو بہترین قرار دیدیا

بابر اعظم اور بھارت کے شبمن گل بھی بہترین کور ڈرائیو کھیلتے ہیں، کراچی کنگز کے بیٹر کی گفتگو

کراچی (این این آئی) پی ایس ایل میں کراچی کنگز کے بیٹر جیسن رائے نے بہترین کور ڈرائیو کھیلنے والے بیٹر کا نام بتادیا۔ ایک پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے کراچی کنگز کے بیٹر جیسن رائے نے ای این بیل کے کور ڈرائیو کو بہترین قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بابر اعظم اور بھارت کے شبمن گل بھی بہترین کور ڈرائیو کھیلتے ہیں۔ جیسن رائے نے کہا کہ پل شاٹ رکی پونٹنگ بھی بہترین کھیلتے تھے، کیون پیٹرسن بھی تیز بولنگ پر شاندار پل شاٹ کھیلتے تھے لیکن میں پونٹنگ کا نام لوں گا۔ میزبان نے سوال کیا کہ اسٹریٹ ڈرائیو کے لیے کونسا کھلاڑی منتخب کریں گے؟ جواب میں اوپنر بیٹر نے ہم وطن جو روٹ کا نام لیا۔ ریورس سویپ کے سوال پر جیسن رائے نے جوز بٹلر کا نام لیا ہے، سوئچ ہٹ پر انہوں نے کیون پیٹرسن کو منتخب کیا۔ انگلش بیٹر نے کہا کہ کٹ شاٹ بائیں ہاتھ کے سری لنکن بیٹر کمار سنگاکارا بہترین کھیلتے تھے، سلوگنگ پر انہوں نے آسٹریلوی بیٹر ڈیوڈ وارنر کو منتخب کیا ہے۔

جیت کا کریڈٹ فخر زمان کو جاتا ہے، شاندار بیٹنگ کی ہے، افتخار احمد

علی رضا کیلئے دن مشکل رہا، پورے ٹورنامنٹ میں اچھی بولنگ کی ہے، گفتگو

لاہور (این این آئی) پشاور زلمی کے آل راؤنڈر افتخار احمد نے لاہور قلندرز کی جیت کا کریڈٹ فخر زمان کو دے دیا۔ لاہور قلندرز سے شکست کے بعد زلمی کے آل راؤنڈر افتخار احمد نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جیت کا کریڈٹ فخر زمان کو جاتا ہے انہوں نے شاندار بیٹنگ کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور قلندرز نے بہت اچھا کھیل پیش کیا، علی رضا کے لیے دن مشکل رہا، انہوں نے پورے ٹورنامنٹ میں اچھی بولنگ کی ہے برے وقت میں سپورٹ کرنا چاہیے۔ افتخار احمد نے کہا کہ لائٹ کی وجہ سے گیند نظر نہیں آئی جس کے باعث کیچ ڈراپ ہوا، ہار کے بعد اکثر غلطیاں سامنے آتی ہیں، ہم چیمپئنز کی طرح کھیلیں گے۔ آل راؤنڈر نے کہا کہ ٹیم کا کمبی نیشن بہترین ہے، تمام کھلاڑی مل کر پرفارم کر رہے ہیں، فائنل میں تماشائیوں کی آمد کی اجازت ملنا خوش آئند ہے، کراؤڈ کے سامنے کھیلنے کا اپنا ہی مزہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیٹنگ کے ساتھ ساتھ اب بولنگ پر بھی خصوصی توجہ دے رہا ہوں، جدید کرکٹ میں بیٹنگ اور بولنگ دونوں میں مہارت ضروری ہے۔ پی ایس ایل 11 کے 38 ویں میچ میں لاہور قلندرز نے پشاور زلمی کو 6 وکٹوں سے شکست دی۔ لاہور قلندرز نے پشاور زلمی کی جانب سے دیا جانے والا 200 رنز کا ہدف آخری اوور میں 4 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کیا، ٹورنامنٹ میں یہ زلمی کی پہلی شکست ہے۔

اپنی محنت میں کمی کی وجہ سے اچھی پرفارمنس نہ دے سکا، رضوان

کرکٹ ناموں پر نہیں کارکردگی پر چلتی ہے بڑے ناموں کے باوجود نتائج ہمیشہ حق میں نہیں آتے، گفتگو

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) راولپنڈیز کے کپتان محمد رضوان نے کہا ہے کہ میری محنت میں کمی رہی جس کی وجہ پرفارمنس اچھی نہ دے سکا میں اپنے آپ سمیت پاکستان کیساتھ بھی ایماندار ہوں۔ پی ایس ایل الیون کے اہم میچ میں حیدرآباد کنگزمین نے راولپنڈیز کو شکست دے کر پلے آف کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ اس فتح کے ساتھ ہی پی ایس ایل کے رواں سیزن کی پلے آف لائن اپ مکمل ہو گئی۔ حیدرآباد کنگزمین پلے آف میں جانے والی چوتھی ٹیم بن گئی۔ پی ایس ایل میں پلے آف میں جانے والی تین ٹیموں کا فیصلہ ہو چکا ہے، جن میں پشاور زلمی، اسلام آباد یونائیٹڈ اور ملتان سلطانز شامل ہیں۔ میچ کے بعد میڈیا سے گفتگو میں محمد رضوان نے کہا کہ کرکٹ ناموں پر نہیں کارکردگی پر چلتی ہے بڑے ناموں کے باوجود نتائج ہمیشہ حق میں نہیں آتے۔ انہوں نے بتایا کہ انجری کے مسائل بھی ٹیم کے ساتھ رہے میری محنت میں کمی رہی جس کی وجہ پرفارمنس اچھی نہ دے سکا میں اپنے آپ سمیت پاکستان کیساتھ بھی ایماندار ہوں۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ایس ایل سے نئے اور باصلاحیت نوجوان کھلاڑی سامنے آئے، اعظم خان کی پرفارمنس سے بہت متاثر ہوا ہوں، کھیل میں بہتری آ رہی ہے پی ایس ایل میں اپنی خامیاں ٹھیک کر لیں تو پاکستان کرکٹ بہت آگے جا سکتی ہے۔ محمد رضوان نے کہا کہ مانتا ہوں لاہور قلندرز سے محبت ہے لیکن حیدرآباد کنگزمین کے بارے میں سوچا تھا کہ انہیں آگے نہیں جانا چاہیے، پی ایس ایل کمیٹی نے پہلے سوچا تھا کہ یہ ایونٹ نہیں ہونا چاہیے۔

پی ایس ایل 11، راولپنڈیز نے ڈیرل مچل اور عماد بٹ کو ریلیز کر دیا

عماد بٹ کو نیشنل ڈیوٹی کی وجہ سے پی ایس ایل سے ریلیز کیا گیا ہے، ڈیرل مچل انجری کا شکار

لاہور (آن لائن) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) سیزن 11 میں فرنچائز راولپنڈیز نے ٹیم سے ڈیرل مچل اور عماد بٹ کو ریلیز کر دیا۔ عماد بٹ کو نیشنل ڈیوٹی کی وجہ سے پی ایس ایل سے ریلیز کیا گیا ہے، عماد بٹ کو بنگلا دیش سے سیریز کیلئے پاکستان اسکواڈ میں شامل کیا گیا تھا۔ اس کے علاوہ نیوزی لینڈ کے ڈیرل مچل کو بھی اسکواڈ سے ریلیز کر دیا گیا، وہ بھی پچھلے میچ کے بعد فٹنس مسائل کا شکار تھے۔ واضح رہے کہ راولپنڈیز کی ٹیم اس سے قبل انجری کے شکار نسیم شاہ کو ریلیز کئے جانے کا اعلان کر چکی ہے۔

ایشیائی فٹبال کنفیڈریشن (اے ایف سی) کے صدر شیخ سلمان بن ابراہیم آل خلیفہ نے الاہلی کو چیمپئن شپ ٹرافی پیش کی

جدہ (یو این پی) الاہلی سعودی کلب نے جاپان کی ٹیم مچیدا زیلویا کو ایک صفر سے شکست دے کر اے ایف سی چیمپئنز لیگ ایلیٹ کا ٹائٹل جیت لیا۔ سعودی پریس ایجنسی کے مطابق یہ میچ جدہ کے کنگ عبداللہ سپورٹس سٹی سٹیڈیم میں کھیلا گیا جہاں 58 ہزار سے زائد شائقین موجود تھے۔ ایشیائی فٹبال کنفیڈریشن (اے ایف سی) کے صدر شیخ سلمان بن ابراہیم آل خلیفہ نے الاہلی کو چیمپئن شپ ٹرافی پیش کی۔ اس موقع پر وزیر کھیل و سعودی اولمپک و پیرا اولمپک کمیٹی کے صدر شہزادہ عبدالعزیز بن ترکی بن فیصل اور سعودی عرب فٹبال فیڈریشن (ایس اے ایف ایف) کے صدر یاسر المسحل بھی موجود تھے۔ مچیدا کے گول کیپر کوبی تانی کو ٹورنامنٹ کا بہترین گول کیپر قرار دیا گیا جبکہ السد کے ہسپانوی فارورڈ رافا موجیکا نے ٹاپ سکورر کا اعزاز حاصل کیا۔ بہترین کھلاڑی کا ایوارڈ الاہلی کے فرانک کیسی کے نام رہا۔ فائنل میں سخت مقابلہ دیکھنے کو ملا۔ دونوں ٹیموں نے گول کرنے کے لیے ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی کوشش کی لیکن کوئی بھی ٹیم کامیاب نہ ہو سکی۔ مقررہ وقت بغیر کسی گول کے برابر ختم ہوا تاہم اضافی وقت کے شروع میں الاہلی نے پہلا گول کیا جب فراس البریکان نے 96 ویں منٹ میں گول کر کے ٹیم کو برتری دلائی اور یہی میچ کا واحد گول ثابت ہوا۔

لاہور، انٹر ڈسٹرکٹ کبڈی چیمپئن شپ لاہور کے فائنل میچ میں لاہور اور قصور کی ٹیمیں مدمقابل ہیں

آئی پی ایل، پنجاب کنگز کی تاریخی فتح

پریتی زنٹا نے اپنے کھلاڑی کو مکا دے مارا، ٹاپ ٹرینڈ بن گیا

ممبئی (آئی این پی) آئی پی ایل 2026 میں پنجاب کنگز نے دہلی کیپٹلز کے خلاف وہ کر دکھایا جو آج تک لیگ کی تاریخ میں کوئی نہ کر سکا تھا۔ ایک اعصاب شکن مقابلے میں پنجاب نے 265 رنز کا بڑا ہدف کامیابی سے حاصل کر لیا، جو لیگ کی تاریخ کا سب سے بڑا کامیاب رن چیز ثابت ہوا۔ اس تاریخی جیت کے بعد ٹیم کی اونر اور بولی وڈ اسٹار پریتی زنٹا کی ایک ویڈیو وائرل ہو رہی ہے جس میں وہ اپنے جوش پر قابو نہ رکھ سکیں۔ میچ جیتنے کے بعد جب پریتی زنٹا میدان میں کھلاڑیوں کو مبارکباد دینے پہنچیں، تو انہوں نے نوجوان اوپنر پریانش آریا کی کارکردگی سے خوش ہو کر انہیں مذاق میں ایک مکا مارا۔ پریتی کے اس اچانک اور دوستانہ انداز پر پریانش آریا نے بھی بڑے دلچسپ تاثرات دیے، جسے دیکھ کر کمنٹری باکس میں بیٹھے سابق بھارتی کرکٹر روی شاستری خود کو نہ روک سکے اور برجستہ بولے، واہ، یہ تو واقعی ایک زبردست پنچ تھا۔ اس میچ میں دہلی کیپٹلز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے کے ایل راہول نے 152 رنز کی ناقابل یقین اننگز کھیلی، جو کسی بھی بھارتی بلے باز کا آئی پی ایل میں سب سے بڑا انفرادی اسکور ہے۔ تاہم ان کی یہ اننگز بھی رائیگاں ثابت ہوئی۔ پنجاب کنگز نے زبردست کم بیک کرتے ہوئے میچ کا رخ بدل دیا اور تاریخی فتح اپنے نام کر لی۔ پریتی زنٹا کی ٹیم کا یہ منفرد انداز سوشل میڈیا پر ٹاپ ٹرینڈ بنا ہوا ہے۔

لاہور، انٹر ڈسٹرکٹ کبڈی چیمپئن شپ کے فائنل میچ میں لاہور اور قصور کی ٹیمیں مدمقابل ہیں

آل سندھ و بلوچستان میر حاصل خان بزنجو میموریل فٹبال ٹورنامنٹ

سوشل ویلفیئر فٹبال کلب چمن نے مرحوم اورنگزیب کلب پنجگور کو ہرا دیا

گزگی کمبائنڈ نے فیروز آباد فٹ بال کو 0-2 جبکہ سید زاہد حسین فٹبال کلب قلات نے سید امیر شاہ فٹبال کلب خاران 1-2 سے شکست دیدی

ہزاروں شائقین میچز سے محظوظ ہوئے، میچ کے مہمان خصوصی سلیم رزاق عمرانی نے ٹورنامنٹ کمیٹی کیلئے 50 ہزار روپے دینے کا اعلان کیا

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار علاقائی سطح پر کھیلوں کے فروغ اور نوجوان نسل کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کے سلسلے میں جاری آل سندھ و بلوچستان میر حاصل خان بزنجو میموریل فٹبال ٹورنامنٹ نے خضدار کے شائقین فٹبال کو جوش و خروش سے سرشار کر دیا، ٹورنامنٹ کیا انتہائی دلچسپ اور معرکۃ آرا مقابلے دیکھنے کو، جہاں بلوچستان کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والی ٹیموں نے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا۔ ٹورنامنٹ کا پہلا مقابلہ گزگی کمبائنڈ فٹبال کلب اور فیروز آباد فٹبال کلب کے مابین کھیلا گیا، دونوں ٹیموں نے ابتداء ہی سے جارحانہ کھیل پیش کیا، مگر گزگی کمبائنڈ کے کھلاڑیوں نے مربوط حکمت عملی اور شاندار ہم آہنگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے میدان مار لیا۔ گزگی کمبائنڈ نے یہ مقابلہ 0-2 کے واضح مارجن سے اپنے نام کیا۔ دوسرا میچ سید زاہد حسین فٹبال کلب قلات اور سید امیر شاہ فٹبال کلب خاران کے درمیان ہوا، یہ مقابلہ ابتداء سے اختتام تک کانٹے دار رہا، دونوں جانب سے گول کرنے کی مسلسل کوششیں کی گئیں، بالآخر سید زاہد حسین شاہ قلات کی ٹیم نے اعصاب شکن مقابلے کے بعد 1-2 سے کامیابی حاصل کر لی۔ تماشائیوں نے دونوں ٹیموں کے کھیل کو بے حد سراہا۔ تیسرا مقابلہ طیب جان، یونس جان فٹبال کلب توتکی اور زبرین کلب مستونگ کے مابین کھیلا گیا، مقررہ وقت تک دونوں ٹیمیں حریف کے گول پوسٹ پر تابڑ توڑ حملے کرتی رہیں، دفاعی حکمت عملی اور گول کیپر کی مستعدی قابل دید تھی، تاہم میچ کے آخری لمحات میں زبرین فٹبال کلب مستونگ نے فیصلہ کن گول کر کے 0-1 سے فتح اپنے نام کر لی۔ میچ کا چوتھا اور آخری مقابلہ سوشل ویلفیئر فٹبال کلب چمن اور مرحوم اورنگزیب کلب پنجگور کے مابین کھیلا گیا، یہ میچ ٹورنامنٹ کا سب سے زیادہ سنسنی خیز مقابلہ ثابت ہوا، دونوں ٹیموں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا، آخر کار سوشل ویلفیئر فٹبال کلب چمن نے 1-2 سے میدان مار لیا۔ اس میچ میں غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ابا سین کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا، انہوں نے ان کی شیلڈ نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما ایڈووکیٹ عبدالحمید بلوچ کے دست مبارک سے وصول کی۔ ابا سین کی ڈربلنگ، پاسنگ اور گول کی جانب بڑھنے کی صلاحیت کو حاضرین نے خصوصی داد دی۔ چوتھے اور آخری میچ کے مہمان خصوصی محکمہ پی اینڈ ڈی بلوچستان کے ایگزیکٹو انجینئر سلیم رزاق عمرانی تھے۔ دوسرے ہاف کے آغاز پر مہمان خصوصی کو دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں سے باضابطہ طور پر تعارف کرایا گیا، اس موقع پر یونس کے ہمراہ ان کی یادگاری تصویر کشائی بھی کی گئی۔ ایگزیکٹو انجینئر سلیم رزاق عمرانی نے اس موقع پر ٹورنامنٹ کمیٹی کے لیے 50 ہزار روپے دینے کا اعلان کیا۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ آل سندھ و بلوچستان فٹبال ٹورنامنٹ کا انعقاد یقیناً منتظمین کی جانب سے ایک قابل ستائش قدم ہے، انہوں نے علاقے کے نوجوانوں کو منفی سرگرمیوں سے دور رکھ کر انہیں کھیل کے میدان کی جانب گامزن کیا ہم ان کی کاوشوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم اپنی جانب سے ٹورنامنٹ کمیٹی کے ساتھ ہر قسم کا تعاون کرنے کے لیے تیار ہیں۔ کھلاڑی کسی بھی علاقے اور ملک و قوم کے حقیقی سفیر ہوتے ہیں۔ کھیل کا میدان ہی وہ درسگاہ ہے جہاں برداشت، نظم و ضبط اور ٹیم ورک جیسے اوصاف ابھر پروان چڑھتے ہیں۔ اس موقع پر پریس ڈی او ایچ ای شیر جان بلوچ، نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما ایڈووکیٹ عبدالحمید بلوچ، ضلعی صدر این پی و آرگنائزر ٹورنامنٹ کمیٹی رئیس بشیر احمد مینگل، ضلعی رہنما عابد شاہوانی، محمد انور رخشانی، جلیل احمد خلاقانی، سنگت سلام مینگل، میر وہاب رحیم کرد، بی این پی عوامی کے ضلعی آرگنائزر منیر احمد زہری، سابق صدر سردار نواز چھاتگا، سینئر فٹبالر سردار نیاز محمد مینگل، سینئر فٹبالر سائیں نصیب اللہ، بی این پی مینگل کے رہنما کامریڈ شوکت سیاہ پاد، ڈسٹرکٹ فٹبال ایسوسی ایشن خضدار کے جنرل سیکرٹری عبدالمجید بلوچ، فنانس سیکرٹری عبدالقادر رخشانی، سیکرٹری غلام سرور ایزدی، سینئر صحافی خورشید بلوچ سمیت دیگر سیاسی، سماجی اور کھیلوں سے وابستہ شخصیات موجود تھیں۔ میچ کمنٹری عبدالستار قلندرانی، زکریا بلوچ، مقبول گوہر نے سرانجام دی۔ منظور ٹورنامنٹ کمیٹی کے آرگنائزر رئیس بشیر احمد مینگل اور ایڈووکیٹ عبدالحمید بلوچ نے مہمان خصوصی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ہم انجینئر سلیم رزاق عمرانی کے تہہ دل سے مشکور ہیں کہ انہوں نے اپنے قیمتی وقت میں سے چند لمحات نکال کر ہمیں عزت بخشی ان کا یہ خصوصی تعاون ہمارے لیے باعث تقویت ہے۔ ہم ان کے بے حد مشکور و ممنون ہیں انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ٹورنامنٹ کو پرامن اور کامیاب بنانے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ میر حاصل خان بزنجو مرحوم کی یاد میں منعقدہ یہ ٹورنامنٹ نہ صرف کھیل کے فروغ کا ذریعہ ہے بلکہ صوبے بھر کے نوجوانوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے کی سعی بھی ہے۔ ٹورنامنٹ کمیٹی کے مطابق کل دو اہم میچز کھیلے جائیں گے۔ پہلا میچ ٹھیک 3:02 بجے میر بالاچ خان مری کلب کوئٹہ اور سید زاہد حسین شاہ فٹبال کلب قلات کے مابین ہوگا۔ جبکہ دوسرا میچ شام 3:04 بجے سوشل ویلفیئر فٹبال کلب چمن اور روشن فٹبال کلب کوئٹہ کے درمیان کھیلا جائے گا۔

زمبابوے کے خلاف قومی ویمن کرکٹ ٹیم کا اعلان، فاطمہ ثناء کپتان مقرر

پاکستان اور زمبابوے کے درمیان تین میچوں پر مشتمل ون ڈے سیریز کا آغاز 4 مئی سے کراچی میں ہوگا، اسکواڈ 15 کھلاڑیوں پر مشتمل ہوگا

پہلا میچ 4 مئی، دوسرا 6 مئی جبکہ تیسرا اور آخری ون ڈے 9 مئی کو کھیلا جائے گا۔ دونوں ٹیموں کے درمیان ٹی ٹوئنٹی سیریز 12 سے 15 مئی تک منعقد ہوگی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کرکٹ بورڈ نے زمبابوے کے خلاف ون ڈے سیریز کے لیے پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کے 15 رکنی اسکواڈ کا اعلان کر دیا، فاطمہ ثناء ٹیم کی قیادت کریں گی۔ پاکستان اور زمبابوے کے درمیان تین میچوں پر مشتمل ون ڈے سیریز کا آغاز 4 مئی سے کراچی میں ہوگا۔ پہلا میچ 4 مئی، دوسرا 6 مئی جبکہ تیسرا اور آخری ون ڈے 9 مئی کو کھیلا جائے گا۔ دونوں ٹیموں کے درمیان ٹی ٹوئنٹی سیریز 12 سے 15 مئی تک منعقد ہوگی۔ مومنہ ریاست کو پہلی مرتبہ قومی ویمن ٹیم کے اسکواڈ میں شامل کیا گیا ہے۔ دیگر کھلاڑیوں میں عالیہ ریاض، عائشہ ظفر، ڈیانا بیگ، گل فیروزہ، منیبہ علی، نجیہہ علوی، نشرہ سندھو، نتالیہ پرویز، رامین شمیم، صدف شمس، سدرہ امین، سیدہ عروب شاہ اور تسمیہ رباب شامل ہیں۔ زمبابوے ویمن ٹیم اپنے پہلے دورہ پاکستان کے لیے 29 اپریل کو کراچی پہنچے گی۔ ریزرو کھلاڑیوں میں ارم جاوید، ایمان فاطمہ، سائرہ جبین، طوبیٰ حسن اور عنبر کائنات جبکہ پلیئر سپورٹ پرسنل میں عائشہ اشعر (ٹیم منیجر)، وہاب ریاض (مینٹور/ہیڈ کوچ)، عبدالرحمان (اسپن بولنگ کوچ)، عمید آصف (فاسٹ بولنگ کوچ)، عبدالمجید (فیلڈنگ کوچ)، عمران فرحت (بیٹنگ کوچ)، محمد ارسلان (میڈیا منیجر)، ولید احمد (اینالسٹ)، معین (اسٹرینتھ اینڈ کنڈیشننگ کوچ)، تحریم سنبل (فزیوتھراپسٹ) اور کرن شہزادی (مسیور) شامل ہیں۔

لندن میراتھون، 18 پاکستانی اور پاکستانی نژاد رنرز شرکت کو تیار

50 ہزار سے زائد رنرز نے 42.195 کلومیٹر طویل روٹ پر سفر کرتے ہوئے ریس مکمل کی

لندن (این این آئی) دنیا کی معروف میراتھون میں سے ایک، لندن میراتھون میں پاکستان اور دنیا بھر میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کے رنرز کی نمایاں تعداد شرکت کرے گی۔ 46 ویں لندن میراتھون میں 50 ہزار سے زائد رنرز حصہ لیں گے جو 42.195 کلومیٹر طویل روٹ پر لندن کے تاریخی مقامات سے گزرتے ہوئے مکمل کریں گے۔ لندن میراتھون دنیا کی بڑی ریسز میں شمار ہوتی ہے اور فلاحی سرگرمیوں کے حوالے سے بھی عالمی سطح پر نمایاں مقام رکھتی ہے۔ اس سال مجموعی طور پر 18 پاکستانی اور پاکستانی نژاد رنرز ایونٹ میں شرکت کریں گے جن میں پاکستان کے علاوہ برطانیہ، امریکا، ڈنمارک، ناروے، آسٹریا اور متحدہ عرب امارات میں مقیم پاکستانی شامل ہیں۔ ان میں 16 مرد اور 2 خواتین رنرز شامل ہیں جبکہ تین ایتھلیٹس 6 اسٹار فنشر بھی ہیں جو عالمی میراتھون سرکٹ میں ایک اہم اعزاز سمجھا جاتا ہے۔ دبئی میں مقیم سارہ لودھی، جو کراچی میراتھون 2026 کی فاتح بھی رہ چکی ہیں، اپنے کیریئر کی 12 ویں میراتھون میں شرکت کریں گی۔ وہ اس سے قبل بھی لندن میراتھون دوڑ چکی ہیں اور اسے دنیا کی سب سے متحرک اور پرجوش ریسز میں شمار کرتی ہیں۔ ان کے مطابق عالمی سطح پر پاکستان کی نمائندگی ان کے لیے اعزاز کی بات ہے اور وہ اس موقع پر خود کو خوش نصیب سمجھتی ہیں۔ دوسری جانب کراچی سے تعلق رکھنے والے امین مکانی حالیہ ہفتوں میں سخت ٹریننگ سے گزرے ہیں، انہوں نے اپنی تیاری کے دوران کراچی کی سڑکوں پر طویل فاصلہ طے کیا۔ وہ اس ریس میں تین گھنٹے سے کم وقت میں فنش کرنے کا ہدف رکھتے ہیں تاہم وہ کسی دباؤ کے بغیر دوڑنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ امین مکانی کے مطابق ان کا طویل مدتی ہدف تمام ورلڈ میجر میراتھونز مکمل کرنا اور ہر ریس تین گھنٹے سے کم وقت میں ختم کرنا ہے۔ ادھر کراچی کے عدنان گاندھی جو 6 اسٹار فنشر ہیں، اپنی مسلسل دوسری لندن میراتھون اور مجموعی طور پر 11 ویں ورلڈ میجر میں حصہ لے رہے ہیں۔ وہ اس بار بھی ایک فلاحی مقصد کے تحت دوڑ رہے ہیں اور برٹش ایشین ٹرسٹ کے لیے فنڈ جمع کرنے کی مہم کا حصہ ہیں جو پاکستان میں ذہنی صحت اور نوجوانوں کے روزگار سے متعلق منصوبوں پر کام کرتا ہے۔ وہ ماضی میں بھی پاکستان میں سیلاب متاثرین کے لیے فنڈ ریزنگ کر چکے ہیں اور کھیل کو سماجی خدمت کے ساتھ جوڑنے کے حامی رہے ہیں۔

لاہور قلندرز نے پاکستان سپر لیگ پی ایس ایل سیزن الیون ٹی ٹوئنٹی کے دوران کوسل مینڈس کی وکٹ کا جشن منایا، لاہور قلندرز اور پشاور زلمی کے درمیان پورے ٹی ٹوئنٹی کے قذافی اسٹیڈیم میں میچ

پروفیسر مختار احمد بٹ میموریل ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹورنامنٹ، اولڈ راویئنز، ایف بی آر اور سردار گروپ یو ٹی سافٹ ویئرز کی ٹیموں کی کامیابی

لاہور (این این آئی) 14 ویں پروفیسر مختار احمد بٹ میموریل ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹورنامنٹ میں کھیلے گئے میچز میں اولڈ راویئنز، ایف بی آر، سردار لیجنڈ، نوامیڈ، سردار گروپ اور یوٹی سافٹ ویئرز کی ٹیموں نے اپنے اپنے میچز جیت لیے۔ یہ میچز لاہور کی مختلف گراؤنڈز ریس کورس پارک، اتفاق کرکٹ گراؤنڈ، عارف ٹاؤن اور ویلنشیا، کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلے گئے۔ پہلے میچ میں اولڈ راویئنز اور بی ایم ایس کی ٹیمیں مدمقابل آئیں، اولڈ راویئنز نے پہلے کھیلتے ہوئے 8 وکٹوں کے نقصان پر 180 رنز بنائے، بی ایم ایس کی ٹیم 19 اوورز میں 157 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ اسی گراؤنڈ پر کھیلے گئے دوسرے میچ میں ایف بی آر نے اولڈ ٹائمرز کو سات وکٹوں سے شکست دی۔ اولڈ ٹائمرز نے پہلے کھیلتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 6 کھلاڑیوں کے نقصان پر 176 رنز بنائے۔ ایف بی آر نے تین وکٹیں کھو کر 13.4 اوورز میں ہدف حاصل کر لیا۔ تیسرے میچ میں سردار لیجنڈ اور یوٹی سافٹ ویئرز کی ٹیمیں مدمقابل تھیں۔ سردار لیجنڈ نے پہلے کھیلتے ہوئے 9 وکٹوں کے نقصان پر 167 رنز بنائے۔ یوٹی سافٹ ویئرز کی ٹیم مقررہ اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 143 رنز بنا سکی۔ چوتھے میچ میں نوامیڈ نے شغل میلہ کو پچھاڑ دیا۔ پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے شغل میلہ کی ٹیم نے 9 وکٹوں کے نقصان پر 168 رنز بنائے، نوامیڈ کی ٹیم نے 18 ویں اوور میں 6 وکٹیں کھو کر ہدف حاصل کر لیا۔ سردار گروپ نے یوبی سپورٹس کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد ایک وکٹ سے شکست دی۔ یوبی سپورٹس نے پہلے کھیلتے ہوئے صرف 98 رنز بنائے، سردار گروپ نے بمشکل 15 ویں اوور میں 9 وکٹیں گنوا کر ہدف حاصل کیا۔ ایک اور میچ میں یوٹی سافٹ ویئرز نے شغل میلہ کو 34 رنز سے شکست دی۔ یوٹی سافٹ ویئرز نے 190 رنز کا ہندسہ جوڑا تاہم شغل میلہ کی ٹیم ہدف کے تعاقب میں 156 رنز بنا سکی

قازقستان نے پاکستان کو 1-4 گول سے شکست دیدی

شکست کے باوجود پاکستان یو ای ایف اے انڈر 16 ڈویلپمنٹ ٹورنامنٹ میں شرکت کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی انڈر 16 فٹبال ٹیم نے قازقستان کے شہر شمکنت میں منعقدہ "یو ای ایف اے انڈر 16 ڈویلپمنٹ ٹورنامنٹ" میں شرکت کر کے ایک نیا سنگ میل عبور کر لیا۔ اگرچہ میچ کا نتیجہ پاکستان کے حق میں نہ رہا، تاہم کسی بھی یورپی فٹبال باڈی کے زیر اہتمام ٹورنامنٹ میں پاکستان کی یہ پہلی شرکت ملکی فٹبال کی تاریخ کا ایک اہم باب بن گئی ہے۔ گزشتہ روز پی آئی آئی کے اسپورٹس کمپلیکس میں کھیلے گئے میچ میں میزبان ملک قازقستان نے پاکستان کو ایک کے مقابلے میں چار گول سے شکست دی۔ قازقستان نے کھیل کے آغاز سے ہی میچ پر گرفت مضبوط رکھی۔ ساتویں منٹ میں افلاطون کھیسٹن نے پنالٹی کک پر گول کر کے ٹیم کو برتری دلائی، جبکہ 21 ویں منٹ میں انوار توکیدی نے دوسرا گول داغ دیا۔ پہلے ہاف کے 30 ویں منٹ میں میزبان ٹیم کے کپتان ڈیوڈ زارکی نے دفاعی غلطی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے تیسرا گول کیا، جبکہ ہاف ٹائم سے قبل دانیار کاسی نے چوتھا گول کر کے برتری کو 0-4 کر دیا۔ وقفے کے بعد پاکستانی کھلاڑیوں نے ایک نئے عزم کے ساتھ کھیل کا آغاز کیا اور میزبان ٹیم کے حملوں کو ناکام بناتے ہوئے جوابی حملے کیے۔ پاکستان کی جانب سے واحد گول کپتان عبدالصمد نے اسکور کیا، جنہوں نے محمد جنزلہ کے بہترین کراس پر گیند کو سر کی مدد سے جال کی راہ دکھائی۔ دوسرے ہاف میں متبادل کھلاڑی دانش سیج کو بھی گول کرنے کے دو یقینی مواقع ملے مگر وہ گیند کو نشانہ نہ کر سکے۔ ہیڈ کوچ محمد عیسیٰ نے شکست کے باوجود ٹیم کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ ہمارے نوجوان کھلاڑیوں کے لیے سیکھنے کا بہترین تجربہ ہے۔ پہلی بار پاکستان کی کوئی ٹیم یو ای ایف اے کے ایونٹ میں حصہ لے رہی ہے۔ پہلے ہاف کی مشکلات کے بعد لڑکوں نے جس طرح دوسرے ہاف میں کم بیک کیا، وہ قابل ستائش ہے۔ کپتان عبدالصمد کا کہنا تھا کہ اگرچہ نتیجہ ان کی خواہش کے مطابق نہیں رہا، لیکن وہ اس میچ سے حاصل ہونے والے سبق کو اگلے میچوں میں بروئے کار لائیں گے۔ پاکستان اپنا اگلا میچ 27 اپریل 2026 کو روس کے خلاف کھیلے گا۔

بدقسمتی سے اچھی بولنگ نہ کر سکے، رائلی روسو

کراچی (این این آئی) پی ایس ایل 11 میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے بیٹر رائلی روسو نے کہا ہے کہ بدقسمتی سے کراچی کنگز کیخلاف میچ میں اچھی بولنگ نہ کر سکے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رائلی روسو نے کہا کہ بڑا ہدف دیا لیکن ڈیوڈ وارنر اور بریڈ مینڈر کس نے اچھی بیٹنگ کی۔ انہوں نے کہا کہ دوسری اننگز کی نسبت پہلی اننگز میں بیٹنگ کرنا مشکل تھا۔ رائلی روسو نے کہا کہ خواجہ نافع اور حسن نواز باصلاحیت کھلاڑی ہیں، کسی ایک سیزن میں پرفارم نہ کرنے سے کھلاڑیوں کی کارکردگی نہیں جانچ سکتے۔

لاہور، قذافی اسٹیڈیم میں کراچی کنگز کا کھلاڑی کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے خلاف میچ میں شارٹ کھیلتے ہوئے

عماد وسیم اور نائلہ راجہ کی ویڈیو وائرل ہونے پر صارفین برہم

اللہ دوسروں کے شوہروں کو اس سے محفوظ رکھے، صارفین کی تنقید

اسلام آباد (این این آئی) قومی کرکٹر عماد وسیم کی اپنی دوسری اہلیہ نائلہ راجہ کے ہمراہ ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی ہے جس پر صارفین نے شدید برہمی کا اظہار کیا ہے۔ پاکستانی کرکٹر عماد وسیم اور نائلہ راجہ نے فروری 2026 میں شادی کی، جو ایک طویل عرصے تک خفیہ رہنے والے تعلق کے بعد سامنے آئی۔ عماد وسیم اس سے قبل ثانیہ اشفاق سے شادی شدہ تھے، جن سے ان کے 3 بچے ہیں، جن میں 2 بیٹے اور ایک بیٹی شامل ہیں، اور ان کی شادی تقریباً 5 سال تک قائم رہی۔ عماد وسیم کے مطابق نائلہ راجہ سے شادی ان کی زندگی کا بہترین فیصلہ ہے جبکہ نائلہ بھی عماد سے شادی کو اپنی زندگی کا دانشمندانہ فیصلہ قرار دیتی ہیں تاہم پاکستان میں بڑی تعداد میں لوگ عماد وسیم کی پہلی اہلیہ ثانیہ اشفاق کی حمایت کرتے ہیں اور عماد و نائلہ دونوں کو بے وفا سمجھتے ہیں۔ ان دنوں عماد وسیم پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے گیارہویں ایڈیشن میں حصہ لے رہے ہیں، جہاں وہ اسلام آباد یونائیٹڈ کی نمائندگی کر رہے ہیں جبکہ نائلہ راجہ بھی میچز کے دوران اپنے شوہر کے ساتھ موجود ہوتی ہیں۔ حال ہی میں ایک میچ کے دوران کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے، جس میں نائلہ راجہ عماد وسیم کا ہاتھ تھامے ان سے بات کرتی دکھائی دے رہی ہیں۔ یہ ویڈیو سامنے آنے کے بعد دونوں کو شدید تنقید اور نفرت کا سامنا کرنا پڑا۔ ایک صارف نے لکھا کہ یہ آپ کی ہے، اللہ دوسروں کے شوہروں کو اس سے محفوظ رکھے۔ ایک اور صارف نے لکھا اسلام آباد یونائیٹڈ فیملی میں سے کوئی بھی ان دونوں سے بات نہیں کر رہا۔ ایک صارف نے کہا کہ یہ ایک عورت اور بچوں کے ساتھ اتنا بڑا ظلم کر کے سکون سے کیسے سوتے ہیں

پاکستان اور ارجنٹینا کے درمیان دوستانہ فٹبال میچ کا امکان

دونوں فیڈریشنز کی ابتدائی بات چیت میں دونوں ٹیموں کے درمیان فرینڈلی میچ اور ڈویلپمنٹ پروگرام پر بات چیت ہوئی

یہ میچ متوقع طور پر رواں سال ہی فیفا ورلڈ کپ 2026 کے بعد ہو سکتا ہے، آن لائن گفتگو میں مختلف امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور ارجنٹینا کے درمیان دوستانہ فٹبال میچ کا امکان ہے۔ میڈیا ذرائع کے مطابق پاکستان فٹبال فیڈریشن اور ارجنٹائن فٹبال ایسوسی ایشن کے درمیان اس حوالے سے بات چیت کا آغاز ہو گیا ہے۔ دونوں فیڈریشنز کی ابتدائی بات چیت میں دونوں ٹیموں کے درمیان فرینڈلی میچ اور ڈویلپمنٹ پروگرام پر بات چیت ہوئی۔ فیڈریشنز کے درمیان آن لائن گفتگو میں مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ یہ میچ متوقع طور پر رواں سال ہی فیفا ورلڈ کپ 2026 کے بعد ہو سکتا ہے جس کے انعقاد پر ابتدائی بات چیت ہوئی ہے۔ دونوں فیڈریشن نے مزید کام پر اتفاق کیا ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان کوچنگ اور ڈویلپمنٹ پروگرام پر بھی بات چیت ہوئی، پروگرام کے مطابق ارجنٹائن کے فٹبال کوچز پاکستان آئیں گے۔

فٹبال ورلڈ کپ فائنل کے 4 ٹکٹس کی قیمت کروڑوں روپے میں پہنچ گئی

مقابلہ 19 جولائی کو کھیلا جائے گا، یہ چاروں ٹکٹس اسٹیڈیم کے لوئر ٹیئر میں گول پوسٹ کے پیچھے واقع نشستوں کے ایک سیٹ کے ہیں

سب سے مہنگے اور بہترین نشستوں پر مشتمل کیٹیگری ون کے ٹکٹس کی قیمت 11 ہزار 920 سے شروع ہو کر 1.7 ملین پاؤنڈ تک جا پہنچی ہے

واشنگٹن (آن لائن) فیفا کے آفیشل ری سیل پلیٹ فارم پر ورلڈ کپ فائنل کے 4 ٹکٹس کی قیمت حیران کن طور پر 1.7 ملین پاؤنڈ تک پہنچ گئی جو پاکستانی کرنسی میں کروڑوں روپے بنتے ہیں۔ مقابلہ 19 جولائی کو میٹ لائف اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا، یہ چاروں ٹکٹس اسٹیڈیم کے لوئر ٹیئر میں گول پوسٹ کے پیچھے واقع نشستوں کے ایک سیٹ کے ہیں۔ اگرچہ فیفا ان ری سیل ٹکٹس کی قیمت خود مقرر نہیں کرتی تاہم وہ ہر خریداری اور ری سیل پر 15 فیصد کمیشن لیتی ہے۔ اگر یہ ٹکٹس اسی قیمت پر فروخت ہو جائیں تو فیفا کو تقریباً 2 ملین پاؤنڈ صرف کمیشن میں حاصل ہو سکتے ہیں۔ سب سے مہنگے اور بہترین نشستوں پر مشتمل کیٹیگری ون کے ٹکٹس کی قیمت 11 ہزار 920 سے شروع ہو کر 1.7 ملین پاؤنڈ تک جا پہنچی ہے۔ سب سے سستے ٹکٹس بھی تقریباً 8 ہزار 89 پاؤنڈز میں دستیاب ہیں

بقیہ 1 — وائٹ ہاؤس

اہلکاروں نے تمام علاقے کو گھیرے میں لے لیا، واقعے کے بعد ہال میں موجود ہزاروں افراد کو کچھ دیر تک لاک ڈاؤن کی صورتحال میں رکھا گیا جبکہ ماحول میں شدید خوف و ہراس پایا گیا۔ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر جاری بیان میں کہا کہ حملہ آور کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس حملے کے بعد کہا ہے کہ وائٹ ہاؤس میں فائرنگ مجھے ایران کے خلاف جنگ لڑنے اور جیتنے سے نہیں روک سکے گی اگرچہ میرے خیال میں اس فائرنگ کا ایران جنگ سے تعلق نہیں۔ ٹرمپ نے کہا کہ ایسی چیزیں مجھے ایران جنگ جیتنے سے نہیں روک سکتیں، مجھے نہیں معلوم کہ اس کا اس ایران جنگ سے کوئی تعلق ہے یا نہیں اور جو کچھ میں جانتا ہوں اس کی بنیاد پر مجھے ایسا نہیں لگتا۔ وائٹ ہاؤس میں صدر ٹرمپ، خاتون اول، نائب صدر کی موجودگی میں پریس ڈنر کے دوران فائرنگ کا واقعہ پیش آیا، ایک اہلکار کو گولیاں لگی ہیں جبکہ حملہ آور پکڑا گیا ہے، ملزم انتہائی بیمار انسان ہے، ہم نہیں چاہتے کہ اس طرح کے واقعات پیش آئیں۔ امریکی صدر ٹرمپ نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ یہ پاگل لوگ ہیں اور ان سے نمٹنے کی ضرورت ہے، مشتبہ شخص کے پاس

بقیہ 2 — ایرانی وزیرخارجہ

بقیہ 3 — وزیراعلیٰ

بقیہ 4 — واشنگٹن فائرنگ

بقیہ 5 — کوریڈور منظور

بقیہ 6 — صدر ریگن

بقیہ 7 — یوایس

بقیہ 8 — حملہ فائرنگ

بقیہ 9 — پہلگام

بقیہ 10 — ایران

بقیہ 11 — عطاتارڑ

بقیہ 12 — شہید

بقیہ 13 — سلطان عمان

بقیہ 14 — رواں سال

بقیہ 15 — وزیراعظم

بقیہ 16 — جی اے

بقیہ 17 — وزیراعظم

بقیہ 18 — پابندی عائد

بقیہ 19 — تھیٹرکردی

بقیہ 20 — اعتراف

بقیہ 21 — پھانسی

بقیہ 22 — ٹرمپ

بقیہ 23 — صدرمملکت

بقیہ 24 — ترجمان وائٹ

بقیہ 25 — احسن اقبال

بقیہ 26 — اٹارنی جنرل

بقیہ 27 — حاضری

بقیہ 28 — بابرسلطانی

بقیہ 29 — کیمزاسٹارمر

بقیہ 30 — ایران کا قطر

بقیہ 31 — واشنگٹن فائرنگ

بقیہ 32 — آئس لگادی

بقیہ 33 — حج کی آمد جاری

بقیہ 34 — میرگوہر

بقیہ 35 — رضا گیلانی

بقیہ 36 — قانونی کاروائی

بقیہ 37 — ڈاکٹر مالک بلوچ

بقیہ 38 — حاجی محمد خان لہڑی

بقیہ 39 — وزیراعلیٰ بلوچستان

بقیہ 40 — عدالت عالیہ بلوچستان

بقیہ 41 — عبدالغفور حیدری

بقیہ 42 — حافظ نعیم

بقیہ 43 — امان اللہ کنرانی

بقیہ 44 — محکمہ پاپولیشن

بقیہ 45 — نورمحمد خان دمڑ

بقیہ 46 — ہدایت الرحمان بلوچ

بقیہ 47 — میرضیاء اللہ لانگو

بقیہ 48 — رحیم آغا

بقیہ 49 — میرعلی حسن زہری

بقیہ 50 — چیئرمین سینیٹ

بقیہ 51 — عبدالرحمان رفیق

بقیہ 52 — محمد عبدالقادر

بقیہ 53 — نظم وضبط میں بہتری

بقیہ 54 — پشتونخوا نیپ

بقیہ 55 — ہم وقت تیار

بقیہ 56 — باپ گرفتار

بقیہ 57 — بیٹی سنگھ

بقیہ 58 — بیٹی شاہ

بقیہ 59 — پیراکوسار

بقیہ 60 — مولانا عبدالواسع

بقیہ 61 — محسن پاکستان

بقیہ 62 — لاہور قتل

بقیہ 63 — میرصادق عمرانی

بقیہ 64 — اصغرخان اچکزئی

بقیہ 65 — محکمہ موسمیات

بقیہ 66 — علامہ طاہر اشرفی

بقیہ 67 — گندم ذخیرہ قرار

بقیہ 68 — مولانا قاری عبداللہ

بلوچستان میں بدامنی غلط پالیسی، حکمت عملی کا نتیجہ ہے، ملک بلوچ

بلوچستان کی حقیقی قیادت کیخلاف مصنوعی لیڈرشپ لاکر جمہوری عمل کو سبوتاژ کیا گیا، بلوچ سماج کو آگ و خون میں دھکیلا گیا

امن کیلئے غلطیوں کا سلسلہ بند، گفت و شنید کا راستہ اپنا کر قومی مفاہمتی کمیشن تشکیل دیا جائے، سینیٹر جان محمد بلیدی

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کو بینوولنٹ فنڈ جاری

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی: قائمقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر گورنر سندھ نہال ہاشمی سے ملاقات کر رہے ہیں

ملکی استحکام کیلئے علماء و مدارس کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، محمد خان لہڑی

کی حفاظت ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، صوبائی وزیر کی ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر بلوچستان حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ ملکی استحکام اور دفاع کے لئے علما کرام دینی مدارس لازوال قربانیوں کو فراموش نہیں کرسکتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمیعت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی رہنماء مولانا حافظ ثناء اللہ سے ملاقات کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ مولانا حافظ ثناء اللہ نے دینی مدارس کو درپیش مسائل کے حوالے سے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

سبی، این 65 کی توسیع کا منصوبہ تکمیل کے مراحل میں، 95 فیصد کام مکمل

سندھ اور پنجاب کے درمیان سفری و تجارتی روابط مزید مضبوط ہوں گے، عوامی حلقوں کی پذیرائی

سبی (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کی خصوصی دلچسپی اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) بلوچستان کی کاوشوں سے قومی شاہراہ این 65-(بولان) کی توسیع کا منصوبہ تکمیل کے قریب پہنچ گیا ہے۔ این ایچ اے حکام کے مطابق منصوبے کا 95 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے جبکہ باقی ماندہ 5 فیصد کام بھی جلد از جلد مکمل کرلیا جائے گا۔ حکام نے میڈیا نمائندگان کو بتایا کہ اس اہم شاہراہ کی توسیع سے نہ صرف کوئٹہ، سبی بلکہ دیگر صوبوں کے .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

عدالت عالیہ بلوچستان میں دو رکنی بینچ کی اہم درخواست پر سماعت

چیف جسٹس محمد کامران خان ملاخیل و جسٹس نجم الدین مینگل نے کیس مزید کارروائی کیلئے 5 رکنی لارجر بینچ کے سپرد کر دیا

کوئٹہ (خ ن) عدالت عالیہ بلوچستان کے چیف جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے ایک اہم آئینی درخواست کی سماعت کرتے ہوئے کیس کو مزید کارروائی کیلئے پانچ رکنی لارجر بینچ کے سپرد کر دیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ زیر سماعت تنازعہ لیگل پریکٹیشنرز اینڈ بار کونسلز ایکٹ 1973 کی قانونی دفعات کی تشریح سے متعلق نہایت اہم نوعیت کا معاملہ ہے، جس کے دوررس قانونی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

نیپرا کو سولر صارفین کیلئے فیس و لائسنس ختم کرنے کی ہدایت جاری

وفاقی وزیر سردار اویس لغاری کی ہدایت پر پاور ڈویژن کی جانب سے نیپرا سے پرانا طریقہ کار بحال کرنے کا مطالبہ کر دیا گیا ہے

فیصلے کے مضر اثرات سے پہلے ہی آگاہ کر دیا تھا، موجودہ طریقہ کار قابل تجدید توانائی کو فروغ دینے میں رکاوٹ بن سکتا ہے، پاور ڈویژن

بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر صحت کا اعجاز خان جھکرانی کے بیٹے کی وفات پر اظہار افسوس

مدارس کیخلاف حکومتی کارروائی اعلان جنگ ہوگا، مولانا واسع

مدارس کیخلاف کارروائی دینی نظام پر دباؤ ڈالنے کے مترادف ہے کوئی بیل ورکرز کنونشن سے خطاب

کوئٹہ / توشکی (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ بلوچستان میں مدارس کو ایسے وقت میں نشانہ بنایا جا رہا ہے جب حکومت کی اپنی رٹ کمزور ہو چکی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبے کے عوام بخوبی جانتے ہیں کہ یہاں اصل اختیار کس کے پاس ہے اور کن حالات میں حکمرانی کی جا رہی ہے۔ نوشکی میں منعقدہ ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ماضی کی غلطیوں کو دوبارہ دہرانے کی کوشش کی جا .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ جوئے کے اڈے کے چھاپے 12 قمار باز گرفتار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے جوئے کے اڈے کے چھاپہ مار کر 12 جواریوں کو گرفتار کرکے داؤں پر ہزاروں روپے برآمد کرکے آلات قمار بازی قبضے میں لے لئے ایس ڈی پی او کینٹ اور سول لائن کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ کینٹ کی اور دیگر علاقوں میں قمار بازی کے اڈوں پر چھاپہ مار جس میں اسٹیڈیم کے قریب جوئے کھیلنے والے 12 ملزمان کو حراست میں لیکر ان کے قبضے سے تیرہ ہزار روپے اور آلات قمار بازی قبضے میں لیکر مقدمہ درج کرلیا۔

محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی 90 ویں سالگرہ آج منائی جائیں گی

مختلف تقریبات میں ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا جائے گا

لاہور (آن لائن) محسن پاکستان اور پاکستان کے ایٹمی پروگرام کے معمار ڈاکٹر عبدالقدیر خان کا یوم پیدائش آج 27 اپریل 2026 (بروز پیر) منایا جائے گا۔ اس سلسلے میں دوپہر 3 بجے پنجاب اسمبلی کے سامنے ایک خصوصی تقریب کا اہتمام کیا گیا ہے، جس میں ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی 90 ویں سالگرہ کے موقع پر 90 پاؤنڈ کا کیک کاٹا جائے گا۔ منتظمین کے مطابق تقریب میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات کی بڑی تعداد کی شرکت .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

صحبت پور، سندھ سے چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور سندھ سے چھینا گیا موٹر سائیکل فائرنگ کے بعد بلوچستان پولیس نے برآمد کر لیا ملزمان فرار پولیس نے تفتیش شروع کر دی۔ پولیس کے مطابق سندھ کریم بخش کی حدود سے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو گیا صحبت پور پولیس تھانہ پہنور سرحد کے ایس ایچ او نے مقابلے کے بعد موٹر سائیکل برآمد کرلیا ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے پولیس نے ناکہ بندی کرکے ملزمان کی تلاش شروع کر دی متعلقہ پولیس نے تفتیش شروع کر دی ہے۔

بیرون ملک سے 4 اشتہاری گرفتار، ابوظہبی سے لاہور منتقل

ایف آئی اے این سی بی انٹرپول کیگرفتاری کے لئے ریڈ نوٹسز جاری کئے گئے تھے

لاہور (آن لائن) ایف آئی اے این سی بی انٹرپول نے کارروائیاں کرتے ہوئے قتل اور فراڈ کے مقدمے میں مطلوب 4 اشتہاری ملزمان کو یو اے ای سے گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان میں عبداللہ، عادل، محمد عدنان اور شاہ فیصل شامل ہیں جبکہ ملزمان کو ابوظہبی سے گرفتار کر کے لاہور منتقل کر دیا گیا۔ گرفتار ملزمان پنجاب پولیس کو مطلوب تھے جن کے خلاف قتل اور فراڈ کی دفعات کے تحت فیصل آباد اور سرگودھا میں مقدمے درج تھے۔ ایف آئی اے این سی بی انٹر .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت مظلوم کیساتھ و ظالم کیخلاف کھڑی ہے، میر ضیاء لانگو

سریاب واقعہ افسوسناک، معصوم بچے کو نشانہ بنانا روایات کے برخلاف ہے، صوبائی وزیر داخلہ

شہید ہارون جان مینگل، شہید نصیب اللہ مینگل، شہید عبدالغفار مینگل کے اہل خانہ سے فاتحہ خوانی کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے مینگل ہاؤس میں میر جمیل مینگل سے ملاقات کی اور سریاب روڈ پر فائرنگ کے افسوسناک واقعہ میں شہید ہونے والے میر جمیل مینگل کے بیٹے ہارون جان مینگل، اور رشتہ دار شہید نصیب اللہ مینگل اور شہید عبدالغفار مینگل کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار اور فاتحہ خوانی کی اس موقع پر قبائلی معززین اور علاقہ عمائدین بھی موجود تھے اس موقع پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے لواحقین سے دلی ہمدردی .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں نام نہاد بیڈ ٹیکس فوری ختم کیا جائے، تاجر و ہوٹل مالکان

ہوٹل مالکان بلوں و تنخواہوں کی ادائیگی سے عاجز ہیں، رحیم آغا

کوئٹہ (اے این این) انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر رحیم آغا، جنرل سیکرٹری ولی افغان ترین، آل بلوچستان ریسٹورنٹ اینڈ ہوٹل ایسوسی ایشن کے چیئرمین حاجی عبدالسلام آغا، جنرل سیکرٹری حاجی سمیر حسن مندوخیل، ڈپٹی جنرل سیکرٹری ملک فضل کاکڑ، ملک عبدالجبار کاکڑ، اخونزادہ آغا، سید اسماعیل آغا، خلیل احمد گجر، محمد صفدر گجر اور نصیر احمد سمیت دیگر عہدیداروں نے کوئٹہ سمیت بلوچستان میں تاجر برادری اور ہوٹل مالکان نے بیڈ ٹیکس .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی عالمی سطح پر بھی فعال کردار ادا کر رہی ہے، علی حسن زہری

صدر مملکت چین میں قیام کے دوران چانگشا کی صوبائی قیادت سے اہم ملاقاتیں کریں گے، ترجمان

چانگشا چین (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر اور ترجمان، میر علی حسن زہری نے صدر مملکت آصف علی زرداری کے دورہ چین کے موقع پر اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ صدر آصف علی زرداری چین کے شہر چانگشا پہنچ گئے ہیں، جہاں ان کا پرتپاک استقبال صوبہ ہونان کی عوامی کانگریس کے نائب چیئرمین ہو ژوو مینگ نے کیا۔ اس موقع پر پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زائی دونگ اور چین میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی بھی .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان عالمی سطح پر دہشتگردی کیخلاف موثر کردار ادا کر رہا ہے، سیدال خان ناصر

حکومت اتحادی جماعتوں کے ساتھ مل کر ملکی معاشی، سیاسی، دفاعی و سکیورٹی صورتحال مستحکم بنانے کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے، قائم مقام چیئرمین سینٹ

امریکہ و ایران سمیت عالمی تنازعات کے حل کیلئے پاکستان کی موثر سفارت کاری کو دنیا بھر میں سراہا جا رہا ہے قابل فخر ہے

بلوچستان وزیراعظم کے دل کے قریب اس کی ترقی، خوشحالی اور عوامی فلاح کیلئے وہ شب و روز کوشاں ہیں، گورنر سندھ سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ+اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا ہے کہ حکومت اتحادی جماعتوں اور تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر ملک کی معاشی، سیاسی، دفاعی اور سکیورٹی صورتحال کو مستحکم بنانے، اقتصادی حالات میں بہتری لانے اور قومی استحکام کے فروغ کیلئے بھرپور اقدامات کر رہی ہے، جبکہ داخلی امن و امان کے قیام کے ساتھ پاکستان عالمی سطح پر امن، سلامتی، بین الاقوامی کشیدگی .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو میر جمیل مینگل و دیگر سے تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

میر سرفراز بگٹی کا میر اعجاز خان جھکرانی کے فرزند کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے رکن قومی اسمبلی میر اعجاز خان جھکرانی کے فرزند، میر زید خان جھکرانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یہ ایک نہایت افسوسناک سانحہ ہے۔

مدارس کے تحفظ کیلئے سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے رہیں گے، مولانا حیدری

مدارس کو بند کرنے یا دباؤ میں لانے والوں کا خواب کبھی پورا نہیں ہوگا، حکمران نتائج کے خود ذمہ دار ہوں گے، مرکزی سیکرٹری جنرل جمعیت

مدارس ہمارے لئے ریڈ لائن، کسی نے عبور کرنے کی کوشش کی تو اسے سخت اور فیصلہ کن ردعمل کا سامنا کرنا پڑے گا

صوبائی حکومت و ضلعی انتظامیہ خبردار، ملک کو مزید عدم استحکام کی طرف دھکیلنے سے باز رہیں، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری نے مدارس رجسٹریشن کے حوالے سے حکومت بلوچستان کے رویے پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ حکمران ہوش کے ناخن لیں، ورنہ نتائج کے خود ذمہ دار ہوں گے مدارس کو بند کرنے یا دباؤ میں لانے والوں کا خواب کبھی پورا نہیں ہوگا جمعیت علماء اسلام ہر قیمت پر دینی مدارس کا تحفظ کرے گی۔ ملک کے کسی بھی حصے میں مدارس .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: زیرتج سوسائٹی آف انٹرنیشنل لاء کے زیر اہتمام تربیتی سیشن سے رجسٹرار بلوچستان ہائیکورٹ ناصر خان یوسفزئی، قاسم خان مندوخیل، عصمت اللہ کاکڑ و دیگر خطاب کر رہے ہیں

کامیاب آپریشنز کے ذریعے حالات بہتر بنانے کی کوششیں جاری ہیں، صادق عمرانی

چاغی میں ہونیوالی دہشت گردی افسوسناک، سانحہ نے ملک میں سرمایہ کاری کے ماحول پر گہرا اثر مرتب کیا، صوبائی وزیر ایریگیشن

حکومت کو نہ صرف دہشتگردوں کے خلاف موثر کارروائی بلکہ غیر ملکی سرمایہ کاروں کی سکیورٹی یقینی بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے

جب تک صوبے میں پائیدار امن قائم نہیں ہوتا معاشی ترقی اور سرمایہ کاری کے اہداف کا حصول مشکل رہے گا، رہنما پیپلز پارٹی

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر ایریگیشن میر صادق عمرانی نے کہا کہ چاغی میں ہونیوالی دہشت گردی نہایت افسوسناک اور قابل مذمت ہے یہ سانحہ نہ صرف انسانی جانوں کے ضیاع کا باعث بنا بلکہ اس نے ملک میں سرمایہ کاری کے ماحول پر بھی گہرے اثرات مرتب کیے ہیں۔ ایک بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ چاغی جو معدنی وسائل سے مالا مال علاقہ ہے، غیر ملکی اور مقامی سرمایہ کاروں کیلئے ہمیشہ کشش .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: محکمہ تعلیم کی ایڈیشنل ڈائریکٹر فاطمہ منور پھولوں کی نمائش کے موقع پر ڈاکٹر فرحت حسین، سلیم رضا ایڈووکیٹ و دیگر میں شیلڈ و سرٹیفکیٹ تقسیم کر رہی ہیں

مدارس کیخلاف اعتراضات مسترد کرتے ہیں، مولانا عبدالرحمان رفیق

احتساب ان اداروں کا ہونا چاہئے جنہوں نے 75 برسوں سے ملک کو نقصان پہنچایا، امین اللہ شمس

حکومت مدارس کے ساتھ طے شدہ معاہدوں کی پاسداری کرے، مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمان رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی امین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد ہتیار اور دیگر رہنماؤں نے جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع کی پریس کانفرنس کو مدارس کی ترجمانی قرار دیتے ہوئے کہا کہ مدارس کے پاکیزہ ماحول پر روز روزنت نئے فتنوں زدہ اعتراضات کو یکسر مسترد کرتے ہیں۔ احتساب ان اداروں کا ہونا .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی، محمد عبدالقادر

پسے ہوئے طبقے کیلئے روزمرہ زندگی گزارنا دن بدن مشکل ہوتا جا رہا ہے، سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ ملک بھر میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ عوامی زندگی پر گہرے منفی اثرات مرتب کر رہا ہے حالیہ مہینوں میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے عام آدمی کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ کر دیا ہے پہلے ہی غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے والے کروڑوں افراد اب بنیادی ضروریات زندگی پوری کرنے سے بھی قاصر دکھائی دیتے ہیں۔ .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی ایچ کیو ہسپتال قلعہ عبداللہ میں اصلاحات، نظم و ضبط میں بہتری

آنیوالے مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی بھی ممکن ہو رہی ہے

عملی اقدامات کے باعث ہسپتال کے تمام ملازمین کی حاضری کو یقینی بنایا جا رہا ہے

میزئی اڈہ (نامہ نگار) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و پارلیمانی لیڈر ایم پی اے انجینئر زمرک خان اچکزئی، ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالسلام کوسو اور میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر عبدالغفار کاکڑ کی خصوصی کاوشوں کے نتیجے میں ڈی ایچ کیو ہسپتال قلعہ عبداللہ میں نظم و ضبط کو مزید بہتر بنایا جا رہا ہے۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عبدالغفار کاکڑ کی موثر نگرانی اور عملی اقدامات کے باعث ہسپتال .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں امیر و غریب کو یکساں نظام تعلیم نہیں دیا جا سکا، حافظ نعیم الرحمن

شہریوں کو تعلیم، صحت، امن اور انصاف فراہم کرنا ریاست کی بنیادی ذمہ داری، پالیسی درست ہو تو ملکی قرضہ ختم کیا جا سکتا ہے

حقیقی تبدیلی کیلئے نظام بدلنا ہوگا، حکومت مسائل حل کرنے کی بجائے نمائشی اقدامات میں مصروف ہے، امیر جماعت اسلامی

سرگودھا (آن لائن) جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ شہریوں کو تعلیم، صحت، امن اور انصاف فراہم کرنا ریاست کی بنیادی ذمہ داری، حکومتوں نے گزشتہ 78 برس سے یہ فرض ادا نہیں کیا۔ ملک میں اسی لاکھ نوجوان نشہ کی لت میں مبتلا ہیں، بچوں کو سکول بھیجنے کی بجائے پنجاب حکومت سکول ہی فروخت کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سرگودھا میں ہونے والی تقریب .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

میر صادق عمرانی کا میر زید خان جھکرانی کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی میر اعجاز خان جھکرانی کے فرزند میر زید خان جھکرانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں صوبائی وزیر آبپاشی نے کہا کہ میر زید جھکرانی کی وفات کا سن کر انہیں دلی افسوس ہوا، انہوں نے کہا جوان اولاد کی وفات ماں باپ کیلئے ناقابل برداشت صدمہ ہونے کے ساتھ ساتھ ایک دائمی غم بھی ہے لہٰذا ان حالات میں تحمل بھی ہے کہ بندہ صبر اور حوصلے سے کام لے۔ میر محمد صادق عمرانی نے اس موقع پر دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ پاک میر اعجاز جھکرانی سمیت غمزدہ خاندان کو صبر جمیل عطا، اور میر زید جھکرانی و دیگر مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائے۔

کوئٹہ: انجینئر زمرک خان اچکزئی صوبائی مجلس عاملہ کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

کسی کو عدلیہ کے کسی فیصلے پر شکایت ہو تو چیلنج کیا جا سکتا ہے، امان اللہ کنرانی

موجودہ چیف جسٹس کسی کی بلیک میلنگ میں آنے والے نہیں، سابق صدر سپریم کورٹ بار

کوئٹہ (آن لائن) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن پاکستان کے سابق صدر سینیٹر (ر) امان اللہ کنرانی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ میری نظر سے پاکستان بار کونسل کے بلوچستان سے واحد معزز رکن کا بیان گزرا ہے جو ایک فرد واحد کے منتقمانہ ذہن و منتشرانہ خیالات کا عکاسی کرتے ہیں جبکہ پاکستان بار کونسل کے 23 رکنی اور وہ اس کی ذمہ داری نہیں لے سکتا مگر اس کے باوجود لکھا، میں انہوں نے آئین کے تیسرے ستون کے صوبہ بلوچستان کے آئینی سربراہ .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

سرکاری بس کا معاملہ، پرنسپل گرلز کالج بارکھان معطل

سرکاری وسائل کے غلط استعمال پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی، محکمہ ہائیر ایجوکیشن

کوئٹہ (آئی این پی) حکومت بلوچستان نے سرکاری بس کے مبینہ غیر قانونی استعمال کے معاملے کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے گورنمنٹ گرلز کالج بارکھان کی پرنسپل کو معطل کر دیا ہے۔ حکام کے مطابق سرکاری بس کے غیر مجاز استعمال کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد محکمہ ہائیر ایجوکیشن نے فوری کارروائی عمل میں لاتے ہوئے متعلقہ پرنسپل کو 90..... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

منظم منصوبہ بندی کے تحت پشتونوں پر روزگار کے دروازے بند ہیں، اے این پی

مسائل حکومت کی چھتری تلے سرزد ہو رہے ہیں مائنز اینڈ منرل ایکٹ پشتون، بلوچ اقوام سے منہ کا نوالہ چھیننے کی کوشش ہے، اصغر خان اچکزئی

صوبے میں منشیات کی کاشت زراعت کو نیست و نابود اور نوجوانوں کو اس ناسور میں مبتلا کرنے کی گہری سازش ہے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی مجلس عاملہ کا اجلاس کوئٹہ پریس کلب میں زیر صدارت صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی منعقد ہوا جس میں ملکی سیاسی صورتحال صوبے کے حالات تنظیمی و پارلیمانی امور سے متعلق تفصیل سے غور و خوض ہوا اجلاس میں مائنز اینڈ منرلز ایکٹ سے پیدا شدہ صورت حال، خود ساختہ بدامنی، مسلط کردہ انتہاء پسندی دہشت گردی ڈیورنڈ لائن پر پشتون افغان تجارت کی .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

کوہلو: رکن صوبائی اسمبلی نواب جنگیز خان مری حلقے میں منعقدہ کھلی کچہری میں عوام کے مسائل سن رہے ہیں

عدنان شالیزئی کی گمشدگی تشویشناک ہے، پشتونخوا نیپ

کسی بھی سیاسی کارکن کا اچانک لاپتہ ہونا انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے، بیان

کوئٹہ (آئی این پی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ ژوب سے نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے آرگنائزر عدنان شالیزئی کی گزشتہ رات سے گمشدگی نہایت تشویشناک، افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ بیان میں اس واقعے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ کسی بھی سیاسی کارکن کا اس طرح اچانک لاپتہ ہونا نہ صرف بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے بلکہ جمہوری اقدار کے بھی سراسر منافی ہے۔ پریس ریلیز میں مزید کہا گیا کہ سیاسی کارکنوں کے نام فورتھ شیڈول میں شامل کرنا اور ان پر 3 ایم .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

میر سلیم احمد کھوسہ کا رکن قومی اسمبلی میر اعجاز خان جھکرانی سے اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی میر اعجاز خان جھکرانی کے فرزند میر زید خان جھکرانی کی ناگہانی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اپنے تعزیتی بیان میں کہا ہے کہ مرحوم کے انتقال کو جھکرانی قوم بالخصوص میر اعجاز خان جھکرانی کے لئے ایک بڑا سانحہ قرار دیتے ہوئے سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے

ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم اور خشک رہے گا، محکمہ موسمیات

دھوپ میں غیر ضروری باہر نکلنے سے گریز کیا جائے، شہریوں کو ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) محکمہ موسمیات کی جانب سے آئندہ 12 گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم اور خشک رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ صبح کے اوقات میں اسلام آباد میں 19 ڈگری سینٹی گریڈ، لاہور میں 28، کراچی میں 27، پشاور میں 20، کوئٹہ اور مظفر آباد میں 18، گلگت میں 12 جبکہ مری میں 15 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ چند گھنٹوں کے دوران ملک کے زیادہ تر حصوں میں بارش کا کوئی امکان نہیں .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

پاک فضائیہ دشمن کو دندان شکن جواب دینے کیلئے ہمہ وقت تیار

معرکہ حق میں پاک فضائیہ نے جرات و بہادری کی وہ نئی تاریخ رقم کی

راولپنڈی (آن لائن) دفاع وطن کے جذبے سے سرشار پاک فضائیہ دشمن کو دندان شکن جواب دینے کیلئے ہمہ وقت تیار ہے۔ معرکہ حق میں پاک فضائیہ نے جرات و بہادری کی وہ نئی تاریخ رقم کی جس کی ہیبت پوری دنیا نے محسوس کی۔ معرکہ حق سے قبل پاک فضائیہ نے 3 روزہ بھرپور جنگی مشقوں ضرب حیدری کا آغاز کیا، ان مشقوں کا مقصد پاک فضائیہ کی آپریشنل تیاریوں کو حتمی شکل دینا اور کسی بھی ممکنہ بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینا تھا۔ مشقوں میں جے ایف 17 تھنڈر اور ایف 16 سمیت مختلف لڑاکا طیاروں نے اپنی صلاحیتوں کا بھر........ بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

لندن میں علامہ طاہر اشرفی کے ساتھ ہراسانی کا واقعہ، ویڈیو وائرل

مجھے اور میرے اہل خانہ کو ہراساں کیا گیا اور نازیبا زبان استعمال کی گئی، علامہ طاہر اشرفی

لندن (این این آئی) چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی کے ساتھ لندن میں ہراسانی کا واقعہ پیش آیا جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ علامہ طاہر اشرفی نے اس واقعے کے حوالے سے اپنے ویڈیو بیان میں بتایا کہ وہ لندن میں اہل خانہ کے ہمراہ ایک دعوت میں شرکت کے لیے جا رہے تھے کہ راستے میں بعض افراد نے انہیں روک لیا۔ مجھے اور میرے اہل خانہ کو ہراساں کیا گیا اور نازیبا زبان استعمال کی گئی۔ حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ متعلقہ افراد نے فوج اور سپہ سالار کے حوالے سے سوالات کیے اور تلخ جملوں کا تبادلہ کیا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ واقعے میں پاکستان تحریک انصاف سے وابستہ بعض افراد بھی موجود تھے۔ علامہ طاہر .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ مراد جمالی قبائل کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد کے علاقے چھتر میں کھیری اور ساوند قبائل کے درمیان شدید فائرنگ جاری دونوں قبائل مورچے قائم کرکے بھاری ہتھیاروں سے ایک دوسرے پر فائرنگ کر رہے ہیں فائرنگ سے اردگرد کی مقامی آبادی نے نقل و مکانی شروع کردی پولیس کے مطابق نصیر آباد کے علاقے تحصیل چھتر پولیس تھانہ پھلیجی کی حدود موضع کور ار میں علاقے کے دو بااثر قبائل کھیری اور ساوند کے درمیان ہفتے اور اتوار کی درمیانی شب جاری فائرنگ سے پورے علاقے میں سخت خوف و ہراس پایا جا رہا ہے ابتدائی اطلاعات کے مطابق دونوں قبائل کے مسلح افراد نے مورچے قائم کرکے ایک دوسرے پر بھاری ہتھیاروں سے فائرنگ کر رہے ہیں۔۔۔

جمعیت نظریاتی کے امیر مولانا عبدالقادر لونی صوبائی سکرٹریٹ میں قاری مہر اللہ کی زیر صدارت بلوچستان اضلاع کے کونیئروں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

صوبائی وزیر نور محمد خان دومڑ سے ڈی سی ہرنائی کی ملاقات

جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی مسائل اور ان کے حل کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال

ہرنائی (اے این این) صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین فوڈ اتھارٹی بلوچستان، حاجی نور محمد خان دومڑ سے ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ضلع ہرنائی اور گردونواح میں جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی مسائل اور ان کے حل کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دومڑ نے اس موقع پر کہا کہ حکومت عوامی فلاح و بہبود کے لئے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے اور ہرنائی سمیت پسماندہ علاقوں........ بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

دکی میں بیٹے کے ہاتھوں باپ قتل، دیگر واقعات میں 4 ہلاک

بیٹے نے معمولی تکرار پر باپ کو ڈنڈوں کے وار کرکے قتل اور بولان میں گاڑی ڈرائیور سے بے قابو ہو کر الٹنے کے باعث 1 شخص ہلاک

ژوب میں حسین احمد کاکڑ ڈیم میں ڈوب کر اور گلستان میں فائرنگ سے باچا اور شاہ محمد ہلاک ہوگئے، نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے

کوئٹہ (آن لائن) دکی کے علاقے لونی گل تلاؤ میں بیٹے کے ہاتھوں باپ کا قتل تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بیٹے نے معمولی تکرار پر ڈنڈوں اور پتھروں کا وار کرکے اپنے باپ ملک مرزا خان لونی کو قتل کر دیا اور موقع سے فرار ہوگیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی نعش تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل، ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے دریں اثناء .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، چرس برآمد، ملزم گرفتار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بروری پولیس نے چرس برآمد کرکے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ڈی ایس پی صدر سرکل شوکت جدون کی ہدایت پر ایس ایچ او نصیب ناصر نے کارروائی کرتے ہوئے 5 کلو چرس برآمد ملزم کو گرفتار کر لیا اس کے خلاف مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کر دی۔

بشپ ہیکٹین شاد اپنے بیٹے کے 17 ویں سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں اس موقع پر چرچ کے انچارج عرفان بھی موجود ہیں

خیبر پختونخوا حکومت کا ہائبرڈ گندم خریداری پالیسی 2026 کا اعلان

حکومت 5 لاکھ 30 ہزار میٹرک ٹن اسٹریٹجک گندم ذخیرہ برقرار رکھے گی

پشاور (آئی این پی) خیبر پختونخوا حکومت نے ہائبرڈ گندم خریداری پالیسی 2026 کا اعلان کر دیا۔ صوبائی حکومت کی دستاویز کے مطابق پہلی بار گندم خریداری میں نجی شعبے کو بھی شامل کر لیا گیا، حکومت 5 لاکھ 30 ہزار میٹرک ٹن اسٹریٹجک گندم ذخیرہ برقرار رکھے گی۔ دستاویز میں بتایا گیا کہ دو تہائی گندم سرکاری جبکہ ایک تہائی نجی ایگریگیٹرز خریدیں گے، گندم کی عارضی امدادی قیمت 3500 روپے فی 40 کلو مقرر ہوگی، سرکاری خریداری پر 32 ارب جبکہ نجی شعبے کیلئے 16 ارب روپے خرچ ہوں گے۔ اسی طرح نجی ایگریگیٹرز کو 70 فیصد تک مارک اپ سپورٹ دی جائے گی، نجی ایگریگیٹرز کا انتخاب شفاف ٹینڈر کے ذریعے ہوگا۔ .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

پہلگام کی آڑ میں پاکستان کیخلاف جارحیت کی کوشش کی گئی، رمیش سنگھ

شہریوں کو بلا امتیاز مذہبی آزادی، مساوی حقوق اور مکمل ریاستی تحفظ حاصل ہے، صوبائی وزیر

لاہور (آن لائن) صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑا نے کہا ہے کہ مودی نے پہلگام واقعہ کو اقلیتوں کے خلاف کریک ڈاؤن کیلئے استعمال کیا، بھارت نے مذہبی عبادت گاہوں اور شہریوں کو نشانہ بنایا۔ پہلگام فالس فلیگ اور بھارت میں اقلیتی برادری پر مظالم کے حوالے سے وزیر مملکت کھیل داس کوہستانی اور رکن قومی امن کمیٹی راجیش کمار ہرداسانی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑا نے کہا کہ پاکستان امن کا خواہاں ہے، بھارت نے پہلگام فالس فلیگ کی آڑ میں پاکستان کے خلاف جارحیت کی کوشش کی .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق اور حاجی امین اللہ شمس ضلعی مجلس عمومی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

نظام کی تبدیلی، حقوق و ظلم کیخلاف جدوجہد جاری رہے گی، مولانا ہدایت الرحمن

بلوچستان کے مسائل اجاگر کرنے والی سب سے بڑی جماعت ہماری ہے ہر طبقہ اس میں شمولیت اختیار کرے، صوبائی امیر

بارڈرز بندش، بیروزگاری، بدامنی کیخلاف جماعت اسلامی کی مہم صوبے بھر میں جاری ہے، گوادر میں دعوتی کیمپ سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ جبری گمشدگیوں، بارڈر بندش، غربت بے روزگار، بدامنی اور بدعنوانی کے خلاف جماعت اسلامی کا "بدلو نظام کو حق دو بلوچستان کو" مہم صوبہ بھر میں جاری ہے عوام طلبہ اور علماء کرام سمیت ہر طبقہ کے لوگ حقوق کے حصول ترقی امن اور خوشحالی کیلئے جماعت اسلامی میں شامل ہو کر ممبر شپ........ بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

وائٹ ہاؤس حملہ آور نے کمرے میں ہتھیار چھپائے تھے، عینی شاہد

ملزم ٹیرس لیول کے داخلی راستے کے قریب کم نگرانی والے ایریا میں داخل ہوا

واشنگٹن (آن لائن) وائٹ ہاؤس عشائیہ کے دوران فائرنگ کے واقعہ میں نیا موڑ آ گیا، چشم دید گواہ کے مطابق حملہ آور نے بال روم کے قریب کمرے میں ہتھیار چھپائے ہوئے تھے۔ رضا کار خاتون نے بتایا ہے کہ ملزم ٹیرس لیول کے داخلی راستے کے قریب ایک کم نگرانی والے ایریا میں داخل ہوا، ملزم نے اس کمرے میں ہتھیاروں کو جوڑا، جس جگہ ملزم موجود تھا وہ ایک عارضی کمرہ تھا۔ عینی شاہد نے بتایا کہ کمرے میں بار کاؤنٹر اور دیگر سامان رکھا گیا تھا اس وقت کمرے کے اطراف کوئی سکیورٹی نہیں تھی، ملزم نے کسی بیگ یا کسی اور چیز سے ہتھیار کے .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

اقتدار اور ذاتی مفادات کا حصول ہمارا ہدف نہیں رہا، جمعیت نظریاتی

جمعیت نظریاتی حادثاتی جماعت نہیں، اکابرین کی جدوجہد کا تسلسل ہے، مولانا عبدالقادر لونی، قاری مہر اللہ، عبدالستار شاہ چشتی

سوچے سمجھے منصوبے کے تحت بلوچستان کا استحصال کیا جا رہا ہے، رہنماؤں کا اضلاع کے کنوینئرز اجلاس سے خطاب، جمعہ کو یوم احتجاج منانے کا اعلان

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے اضلاع کے کنوینئرز کا اجلاس صوبائی کنوینئر مولانا قاری مہر اللہ کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں قائم مقام امیر مولانا عبدالقادر لونی نے خصوصی شرکت کی اور اجلاس میں رکنیت سازی کی تکمیل اور حکومت کی طرف سے مدارس کی نئی رجسٹریشن اور گرفتاریوں پر غور خوض ہوئی مدارس رجسٹریشن کی آڑ میں چھاپے گرفتاریوں پر جمعہ کو یوم احتجاج کا اعلان........ بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر